روحانی وجسمانی امراض، نفسیاتی، ذہنی، کاروباری الغرض تمام الجھنوں اور پریشانیوں کا حل خزینہ روحانیات
ماہنامہ
خزینہ روحانیات
لاہور
September'19
جلد نمبر 10
Rs.50
شمارہ نمبر 5
تسخیرِ جنات
تسخیر بدھو سدھو
انار کے 50 فوائد
امام غزالی رحمہ اللہ کے دشمن سے متعلق مجرب اعمال
خواص آیت الکرسی
دولت مند لوگوں کی زندگی میں روزانہ کے دس کام
مجرب قرآنی عملیات
سورۃ نبا کے عامل بنیں
روحانی ترقی کے اعمال
ترقی کاروبار کے لیے خاص لوح
ایک نمازی مگر سودی شخص اور عذابِ قبر
darulamal.org/magazines/ruhani
khazinaeruhaniyat
khazina.ruhaniyaat
khazinaruhanyat

سورۃ القریش کے عامل بنیں

تعارف: سورۃ قریش کا عملیات اور روحانی علاج میں ایک خاص مقام ہے۔ یہ ایک کثیر الفوائد سورت ہے اور سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ بفضل تعالیٰ، بہت تیز اثر کرنے والی سورت ہے۔ عاملین میں بھی بہت مقبول ہے مگر اس کے باقاعدہ عامل بہت کم ملتے ہیں۔ اس سورت سے ہر طرح کا جائز کام لیا جا سکتا ہے۔ اس کا دائرہ بہت وسیع ہے۔ جس عامل نے سورۃ قریش کے عمل کی بڑی منزلیں کی ہوں، اگر وہ کسی آسیب زدہ کو اپنا سلام کہہ کر بھیج دے تو آسیب فوراً بھاگ جائے گا۔ اس عمل کے عامل کا جنات پر بہت رعب و دبدبہ ہوتا ہے۔ اس کے عامل کو جنات تنگ نہیں کرتے۔

کیسے سیکھا جائے؟: اس سورت کا عامل بننے کے لیے چلہ کرنا شرط ہے۔ اجازت سے یہ عمل مکمل طور پر جاری نہیں ہوتا۔

عمل کے فائدے: اس سورت کا عامل بنئے اور درج ذیل فوائد حاصل کریں:

ہر طرح کے آسیب و جن کا علاج	آسیب و جن کو حاضر کرنا اور قید کرنا	ہر طرح کے آسیب و جن سے حفاظت
ہر طرح کے دشمن سے نجات	ہر طرح کے دشمن سے حفاظت	کھانے میں بہت برکت
حاکم، افسر یا کسی فرد سے کام نکلوانا	فراخی رزق و کاروبار	پریشانیوں اور مشکلات سے نجات
بیماریوں سے نجات	زہر کھائے والے کا علاج	اور بہت کچھ

عمل کے کُل درجے: اس عمل کے کُل چھ درجے ہیں۔ ہر درجے میں مختلف چلہ کشی کروائی جاتی ہیں (گھر اور گھر سے باہر)۔ پہلے درجے کا کوئی ہدیہ نہیں، صرف خزینہ روحانیات کا ممبر ہونا شرط ہے۔ دوسرا درجہ ہر کوئی کر سکتا ہے۔ باقی درجے بڑے عاملین کے لیے ہیں۔ ان سب کی فیس بھی الگ ہے۔

اجازت کے لیے اہلیت: اجازت لینے والے چلہ کشی کے بنیادی اصولوں سے واقف ہو۔

اجازت لینے کا طریقہ: اجازت لینے والے نے روحانی درسگاہ میں داخلہ لیا ہو اور ماہنامہ خزینہ روحانیات کا ممبر بھی ہو۔ پھر عمل کی فیس ادا کر کے اجازت لی جا سکتی ہے۔

پہلے درجے کی کوئی فیس نہیں۔ | فیس (درجہ دوم) | 2100 روپے

خاص اجازت: جو لوگ چلہ کشی نہیں کر سکتے، ان کو خاص اجازت بھی دی جاتی ہے، جس میں ضرورت پڑنے پر مختصر مدت میں ریاضت کروا کر عمل جاری کروا دیا جاتا ہے۔ خاص اجازت کا ہدیہ عام اجازت سے دوگنا ہوتا ہے۔

آگے سکھانے کی خاص اجازت: جو عامل یہ چاہتے ہیں کہ اس عمل کو آگے سکھائیں، وہ پہلے خود اس عمل کے عامل بنیں۔ پھر "**آگے سکھانے کی خاص اجازت**" حاصل کر کے سکھائیں۔ بغیر اجازت کسی کو عمل سکھانے کی صورت میں ان کا اپنا عمل بھی ضائع ہوگا اور نقصان کے ذمہ دار بھی خود ہوں گے۔

جلد 10 محرم الحرام ۱۴۴۰ھ / ستمبر 2019ء شمارہ 5

khazinaeruhaniyaat
KhazinaRuhanyat
Khazinaeruhaniyaat
Khazinaeruhaniyaat
khazinaeruhaniyaat@gmail.com

مجلس مشاورت

سرکولیشن، اشتہارات، شکایات 0322-4773786

قیمت 50 روپے

سالانہ ممبرشپ عام ڈاک 650 روپے رجسٹرڈ ڈاک 1000 روپے
سالانہ ممبرشپ بذریعہ TCS: لاہور کے لیے 1100 روپے
لاہور کے قریبی اضلاع کیلئے: 1350 روپے / لاہور سے دور کے اضلاع کیلئے: 1850 روپے
نوٹ: ہر ماہ کی 27,28,29 تاریخ کو رسالہ Post کیا جاتا ہے۔

ممبرشپ بذریعہ Email/ Whatsapp: 600 روپے
نوٹ: ہر ماہ کی 25 تاریخ کو رسالہ Email کیا جائے گا

رقم کی ادائیگی کے طریقے

1 منی آرڈر: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور کے پتہ پر کریں۔ اپنا نام مکمل پتہ موبائل نمبر اور رقم بھیجنے کا مقصد واضح لکھیں۔

2 شناختی کارڈ کے ذریعے ادائیگی: JazzCash (موبی لنک)۔ easypaisa (ٹیلی نار) کے ذریعہ شناختی کارڈ نمبر 35202-2610215-1 پر رقم ارسال کریں اور 0092-343-7772772 پر SMS کریں۔

3 موبائل اکاؤنٹس: درج ذیل موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروا سکتے ہیں۔
0092-343-7772772 UBL Omni - easypaisa
0092-302-8401977 JazzCash

4 ڈپازٹ: Meezan Bank خزینۂ روحانیات کے لئے نمبر 1 میں اور باقی تمام شعبہ جات کے لئے نمبر 2 میں رقم جمع کروائیں۔

1 بنام Khazina-e-Ruhaniyaat برانچ کوڈ (0288) اکاؤنٹ نمبر 0102830736۔

2 بنام Darol-Amal برانچ کوڈ (0212) اکاؤنٹ نمبر 0102913466۔

نوٹ: رقم جمع کرانے یا بھیجنے کے بعد 0343-7772772 پر SMS یا کال کر کے لازمی مطلع فرمائیں۔

ادائیگی کی تفصیلات کے لیے: darulamal.org/Payment

دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamalchishtia
darulamalchisht
موبائل: 0343-7772772 0322-7772772
موبائل: 0312-7772772,0306-7772772 (ufone)
خط و کتابت کا پتہ: پوسٹ بکس نمبر 9119 لاہور 54570 فون: 042-35410586

مشیر قانونی: چوہدری فیصل منظور (ایڈوکیٹ ہائی کورٹ)

بروز جمعۃ المبارک ادارہ بند رہے گا

خالد مقبول پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر دار العمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

فہرست مضامین

روحانی درسگاہ کے طالب علم متوجہ ہوں

تمام شاگردوں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ جنہوں نے ابھی تک خزینۂ روحانیات کی ممبرشپ نہیں کروائی یا ممبرشپ ختم ہونے پر تجدید نہیں کروائی...... وہ جلد از جلد اپنی ممبرشپ کی تجدید کروائیں۔ ممبرشپ کی تجدید نہ کروانے کی صورت میں یہ سمجھا جائے گا کہ آپ ادارہ چھوڑ چکے ہیں۔ شاگردوں کو ملنے والی ہر قسم کی رعایت کے لیے آپ نااہل تصور ہوں گے۔

0333-7772775

حمد باری تعالیٰ

پیش نگاہ خاص و عام، شام بھی تو، سحر بھی تو
جلوہ طراز ادھر بھی تو، روح نواز اُدھر بھی تو

ایک نگاہ میں جلال، ایک نگاہ میں جمال
منزل طور پر بھی تو، مسند عرش پر بھی تو

عجز و نیاز بندگی تیری نوازشوں سے ہے
حاکم ہر دعا بھی تو، بارگہ اثر بھی تو

پردۂ شب میں ہے نہاں، نورِ سحر میں ہے عیاں
آپ ہی پردہ دار بھی، آپ ہی پردہ در بھی تو

تیرا عروج سرمدی، تیرا بیان زندگی
رفعت لامکاں بھی تو، عظمت بام و در بھی تو

تو ہی ہے کائنات راز، تو ہی ہے راز کائنات
تو ہی محیط ہر نظر، مرکز ہر نظر بھی تو

بندہ ترا نثار ہے ذات و صفات پر تری
قلب صبا تو ہی تو، جان دل و جگر بھی تو

(صبا اکبر آبادی)

ہر موج ہوا زلف پریشان محمدؐ ہے نور سحر صورت خندان محمدؐ

ہر موج ہوا زلف پریشان محمدؐ
ہے نُور سحر صورت خندان محمدؐ

کچھ صبحِ ازل کی خبر نا شامِ ابد کی
بیخود ہوں تہِ سایۂ دامانِ محمدؐ

تو سینہ صدیقؓ میں اک راز نہاں ہے
اللہ رے اے صورت جانان محمدؐ

چُھٹ جائے اگر دامن کونین تو کیا غم
لیکن نہ چُھٹے ہاتھ سے دامانِ محمدؐ

دے عرصہ کونین میں یا رب کہیں وسعت
پھر وجد میں ہے روح شہیدانِ محمدؐ

بجلی ہو، مہ و مہر ہو، یا شمع حرم ہو
ہے سب کے جگر میں رُخ تابانِ محمدؐ

اے حسن ازل اپنی اداؤں کے مزے لے
ہے سامنے آئینہ حیرانِ محمدؐ

اصغر تیرے نغموں میں بھی ہے جُوشِ درود اب
اے بُلبُلِ شوریدہ بُستانِ محمدؐ

(اصغر گونڈوی)

اداریہ

مولانا علی آفاق

ماہ ستمبر 1974ء سے اب تک ہمیں ہر سال ایک اہم اور پاکستان کے اساسی عقیدے کی یاد دلاتا ہے۔ اور وہ "عقیدہ ختم نبوت" ہے۔ نمازوں میں 5 مرتبہ، روزہ سال میں ایک بار، زکوٰۃ صاحب نصاب پر اور حج بھی اہل ثروت پر فرض ہے۔ مگر "عقیدہ ختم نبوت" ایسا اہم اور خوبصورت عقیدہ ہے کہ یہ ہر لمحہ اور ہر حال میں فرض ہے۔ اس کے لئے جان، مال، صلاحیت، جذبات لگانا اور خون کے آخری قطرے تک اس کا تحفظ اور پہرہ داری کرنا ہمارا فرض ہے۔ آج جب قادیانی لابیاں متحرک ہیں۔ حالات خطرناک ہیں اور اسلام کے نام پر بننے والے ملک پاکستان کے دارالخلافہ اسلام آباد میں "عقیدہ ختم نبوت" کے نام پر جلسہ اور کانفرنس کرنا منع ہوتا ہے۔ جب اس اسلامی ریاست پاکستان میں اسلام کے نام پر اسلامی سیاست کو طعن و تشنیع کا نشانہ بنایا جانے لگے تو سمجھ لیں کہ حالات غلط رخ اور حکمران کے تیور اور طور طریقے کسی خطرے کی نشاندہی کر رہے ہیں، جب دورہ امریکہ کے موقع پر کھلے الفاظ میں ہمارے منتخب وزیر اعظم جناب عمران خان نے انٹرویو میں جس طرح آسیہ ملعونہ کو رہائی دلانے میں اپنی حکومت کو کریڈٹ دیا اور ساتھ ہی برطانیہ کے اداروں کی جانب سے لاکھوں پاؤنڈز کی ادائیگی کی خبروں نے تمام مسلمانوں اور محب وطن قوتوں کو پریشان کر دیا۔ امریکہ میں کشمیر کے معاملات میں ثالثی کی باتیں اور ساتھ ہی پاکستان نے سب سے بڑے خفیہ ادارے آئی ایس آئی کو آپریشن کی معلومات فراہم کرنے کے الزامات نے خان کی وفاداری پر سوالیہ نشانات لگا دیئے ہیں۔ مودی کی فتح سے کشمیر میں امن اور مسئلے کا حل لازم ہے، یہ بھی اب کھل کر سامنے آ رہا ہے۔ آسیہ ملعونہ کی رہائی کے وقت خادم رضوی جیل میں، کشمیر کی عالمی سطح پر سٹیٹس کی تبدیلی کے وقت حافظ سعید کی گرفتاری اور نظر بندی بتا رہی ہے کہ اب جب قادیانیوں کی آئینی حالت میں تبدیلی کے موقع پر اسلام کی ختم نبوت کے، ایمان کے، آخرت کے کس محافظ کو "اندر" کرنا پڑے گا۔ اس کا اندازہ کچھ بھی مشکل نہیں ہے۔ حضور ﷺ کی حیات طیبہ میں کل 27 جنگوں میں 1200 صحابہؓ شہید ہوئے۔ مگر بدترین اور منکرین زکوٰۃ و ختم نبوت کے خلاف جنگ میں 700 سے زائد حفاظ صحابہؓ نے جام شہادت نوش کیا۔ لہٰذا پوری قوم دینی، ایمانی اور نفسیاتی طور پر اس عقیدہ ختم نبوت کے قانون کو تحفظ دلانے کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی۔ کیونکہ 1953ء سے لے کر 1974ء، 10 ہزار سے زائد جانوں کا نذرانہ دے کر یہ قانون منظور ہوا تھا۔ اب اس قانون کے تحفظ اور دفاع کا وقت ہے۔ لہٰذا خطباء، عظام، جمعہ، عیدین کے خطبات اور عوامی سطح پر سکولز، کالجز، یونیورسٹیز کے اساتذہ، طلباء، عمومی اجتماعات، اسمبلیز / وغیرہ میں اس پر بھرپور مہم چلائیں اور سوشل میڈیا پر ہر سطح کے لوگ اس مہم میں بھرپور حصہ لیں۔ دوسری اہم بات تمام مسلمان ایک جسم کی مانند ہیں کے تناظر میں تمام مسلمانان پاکستان و دیگر خطوں میں بسنے والے مسلمان کشمیر اور فلسطین، شام سمیت افغانستان کے مظلوم مگر جفاکش مجاہدین کی حمایت میں آواز بلند کریں، دعائیں کریں اور ساتھ ہی ان کی ہر اخلاقی، سفارتی اور جانی مالی ہر اعتبار سے سپورٹ کریں اور اس مسئلے کے مکمل اور درست حل تک اپنے جذبات کی بھرپور عکاسی کریں۔

اہم اعلان

بعض ممبران عام ڈاک سے رسالہ نہ ملنے کی شکایت کرتے ہیں، ان سے گذارش ہے کہ ادارہ عام ڈاک سے رسالہ نہ ملنے کا ذمہ دار نہیں ہے۔ نیز خزینہ روحانیات کا نیا شمارہ ہر ماہ کی 27، 28، 29 تاریخ کو ارسال کیا جاتا ہے۔ اس لئے اگلے ماہ کی 5 تاریخ تک شمارہ نہ ملنے تو رابطہ فرمائیں۔ اس سے پہلے اصرار نہ کریں۔ نیز رجسٹرڈ ڈاک سے رسالہ نہ ملنے کی صورت میں ادارہ رابطہ فرمائیں، اپنا رسید نمبر معلوم کر کے اپنے متعلقہ ڈاکخانے رابطہ کیجئے۔ اگر پھر بھی رسالہ نہ ملے تو اپنے ڈاکخانے میں شکایت کیجئے۔ ادارہ صرف TCS سے سامان بھجوانے کی صورت میں ذمہ دار ہے۔ محکمہ ڈاک کی غفلت کی وجہ سے کسی بھی نقصان یا سامان کے نہ ملنے کی صورت میں ادارہ ذمہ دار نہیں ہے۔

ایک نمازی مگر سودی شخص اور عذابِ قبر

مرسلہ: کبیر احمد

حضرت علی بن مدینیؒ جلیل القدر محدث اور امام بخاریؒ جیسے محدثین کے استاد ہیں۔ انہیں علم حدیث میں امام مانا جاتا ہے۔

وہ فرماتے ہیں کہ میرے والد صاحب کا انتقال ہو گیا اور میں خدا تعالیٰ کے فضل وکرم سے حافظ قرآن تھا۔ میرا یہ معمول تھا کہ میں روزانہ والد صاحب کی قبر پر جاتا اور تلاوت قرآن کریم کر کے انہیں ایصال ثواب کرتا۔ ایک مرتبہ رمضان شریف کا مہینہ تھا، ستائیسویں شب تھی، سحری کھا کر فجر کی نماز سے فارغ ہونے کے بعد حسب معمول میں فجر کے بعد والد صاحب کی قبر پر جا کر تلاوت کرنے لگا تو اچانک برابر والی قبر سے مجھے ہائے ہائے کرنے کی آواز آنے لگی۔ جب پہلی مرتبہ یہ آواز آئی تو میں خوف زدہ ہو گیا۔ میں اِدھر اُدھر دیکھنے لگا تو اندھیرے کی وجہ سے مجھے کوئی نظر نہیں آیا۔ جب میں نے آواز کی طرف کان لگائے اور غور کیا تو پتہ چلا کہ یہ آواز کسی قریب والی قبر سے آ رہی ہے اور ایسا لگا کہ میت کو قبر میں بہت خوفناک عذاب ہو رہا ہے اور اس عذاب کی تکلیف سے میت ہائے ہائے کر رہی ہے۔

بس پھر کیا تھا میں پڑھنا پڑھانا تو بھول گیا اور خوف کی وجہ سے میرے رونگٹے کھڑے ہو گئے اور میں اسی قبر کی طرف متوجہ ہو کر بیٹھ گیا، پھر جوں جوں دن کی روشنی پھیلنے لگی تو آواز بھی مدھم ہونے لگے، پھر اچھی طرح دن نکلنے کے بعد آواز بالکل بند ہو گئی۔ جب لوگوں نے آنا جانا شروع کیا تو ایک آدمی سے میں نے پوچھا کہ یہ قبر کس کی ہے؟

اس نے ایک ایسے شخص کا نام لیا، جس کو میں بھی جانتا تھا۔ کیونکہ وہ شخص ہمارے محلے کا تھا اور بہت پکا نمازی تھا۔ پانچ وقت کی نماز باجماعت صف اول میں ادا کرتا تھا اور انتہائی کم گو اور نہایت شریف آدمی تھا۔ کسی کے معاملے میں دخل نہیں دیتا تھا۔ جب بھی کسی سے ملتا تو اچھے اخلاق سے ملتا، ورنہ زیادہ تر وہ ذکر و تسبیح میں مشغول رہتا۔ جب میں اس کو پہچان گیا تو مجھ پر یہ بات بہت گراں گزری کہ اتنا نیک آدمی اور اس پر یہ عذاب!!

میں نے سوچا کہ اس کی تحقیق کرنی چاہئے کہ اس نے ایسا کون سا گناہ کیا ہے، جس کی وجہ سے اس کو یہ عذاب ہو رہا ہے؟ چنانچہ میں محلے میں گیا اور اس کے ہم عصر لوگوں سے پوچھا کہ فلاں شخص بڑا نیک اور عابد و زاہد آدمی تھا، لیکن میں نے اس کو عذاب کے اندر مبتلا دیکھا ہے۔ اس کی کیا وجہ ہے؟

انہوں نے بتایا کہ ویسے تو وہ بڑا نیک اور عبادت گزار تھا، اس کی اولاد بھی نہیں تھی۔ ہاں اس کا کاروبار بہت وسیع تھا، جب وہ بوڑھا ہو گیا اور اس کے اندر کاروبار کرنے کی طاقت نہ رہی اور کوئی دوسرا اس کے کاروبار کو چلانے والا نہیں تھا تو اس نے اپنے ساتھیوں سے مشورہ کیا اور خود بھی سوچا کہ میں اب ذریعہ معاش کیلئے کیا طریقہ اختیار کروں؟ اس کے نفس نے اس کو یہ تدبیر سمجھائی کہ تو اپنا سارا کاروبار ختم کر اور جو کچھ پیسے آئیں، اس کو سود پر دے دے۔ اس نے سارا حلال کاروبار ختم کیا اور جو رقم آئی، اس کو سود پر لگا دیا۔

چنانچہ کاروبار سے فارغ ہو گیا تھا، اس لئے ہر وقت مسجد میں رہتا۔ اشراق، چاشت، تہجد، اوابین وغیرہ تمام نوافل پڑھتا اور پانچوں نمازیں امام کے پیچھے باجماعت صف اول میں تکبیر اولیٰ کے ساتھ پڑھتا اور رات دن ذکر و تسبیح میں مشغول رہتا۔ ادھر لوگوں سے اسے ہر مہینے سود کی معقول رقم مل جاتی تھی، جس کے ذریعے مہینے بھر کا سارا گزارہ چلا تا۔

علی بن مدینیؒ فرماتے ہیں کہ بس یہ سن کر میں سمجھ گیا کہ اس کو جو شدید عذاب ہو رہا تھا، وہ اسی سود خوری کے گناہ کا وبال تھا۔ حق تعالیٰ مسلمانوں کو حرام کھانے اور حرام پہننے سے بچائے۔ آمین۔ (بے مثال واقعات)

روحانیات وتصوف

حضرت موسیٰؑ اور ایک گڈریا

قیصر احمد بی اے (کراچی)

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے سرراہ ایک گڈریے کو دیکھا جو اس طرح مناجات کررہا تھا: ”اے میرے پیارے خدا! تجھ پر میری جان، تمام فرزند اور گھربار قربان ہو تو کہاں ہے؟“ ”اگر تو مجھے مل جائے تو دل وجاں سے تیری خدمت کروں، تیرے سر میں کنگھی کروں، بالوں سے جوئیں چنوں، تیرے کپڑے سیئوں، تیرے جوتے گانٹھوں۔ اگر تجھے کوئی بیماری پیش آجائے تو خویشوں کی طرح تیری تیمارداری کروں۔ تیرے ہاتھ چوموں اور تیرے پیروں کی مالش کروں۔

جب سونے کا وقت آئے تیری خوابگاں کو صاف کروں۔

اگر تیرا گھر دیکھ لوں تو صبح وشام دونوں وقت گھی اور دودھ تیری خدمت میں پیش کروں، صرف یہی نہیں بلکہ۔

ہم پنیرو نانہائے روغنیں
خمر یا جغرا تہائے نازنیں
سازم وآرم بہ پشت صبح وشام
ازمن آوردن زتو خوردن کلام

ساتھ ہی پنیر، پراٹھے، قسم قسم کے مزیدار مشروبات اور دہی (چھاچھ) صبح وشام تیرے لئے لایا کروں۔ بس میرا کام لانا اور تیرا کام کھانا۔ اے وہ کہ جس پر میری تمام بکریاں فدا ہوں۔ میری یہ سب آہ وفغاں تیرے دیدار کیلئے ہے۔

وہ گڈریا اس طرح بے تکی ہانکے جارہا تھا کہ حضرت موسیٰ ؑ نے اس کو ٹوکا اور پوچھا کہ اے شخص معلوم ہے کہ تو کس سے مخاطب ہے۔ اس نے کہا اس سے جس نے ہم کو پیدا کیا اور جس کی قدرت سے یہ زمین اور آسمان پیدا ہوئے۔

حضرت موسیٰ ؑ نے فرمایا! ارے جاہل تو مسلمان ہونے کے بجائے کافر ہوگیا۔ تو یہ کیا بے ہودہ بک رہا ہے۔ اگر خاموش نہیں رہ سکتا تو منہ میں روئی ٹھونس لے، تیرے کفر کی گندگی نے سارے جہاں میں بدبو پھیلا دی ہے۔ تیرے کفر نے دین کی دیبا (قیمتی لباس) کو معمولی کپڑے کی گدڑی بنادیا ہے۔ جوتی جوڑا تو تجھ جیسوں کیلئے ہے۔ آفتاب کو ان کی کیا ضرورت؟ اگر تو یہ بکواس بند نہ کرے گا تو مخلوق کو بھسم کرڈالے گا۔

ارے بے عقل تو اللہ تعالیٰ کی عظمت وشان کو نہیں جانتا۔ وہ ایسی خدمت گزاری سے بے نیاز ہے۔ ذرا اتنا سوچ ایسی باتیں تو کس سے کہہ رہا ہے۔ کیا چچا یا ماموں سے باتیں کررہا ہے؟ بھلا جسم وحاجت اس خدائے ذوالجلال کی صفات میں کہاں؟ دودھ تو وہ پیتا ہے جو پلنے بڑھنے والا ہے اور جوتے وہ پہنتا ہے جو پاؤں کا محتاج ہے۔

گڈریے نے کہا اے موسیٰ ؑ آپ نے میرا منہ بند کردیا اور پشیمانی کی آگ سے میری جان جلاڈالی۔ یہ کہہ کر اس نے اپنے کپڑے پھاڑ ڈالے اور ایک آہ سرد بھر کر جنگل کی طرف بھاگ گیا۔ اسی وقت حق تعالیٰ کی طرف سے حضرت موسیٰ ؑ پر وحی آئی کہ اے موسیٰ ؑ تو نے ہمارے بندے کو ہم سے جدا کیوں کردیا؟

تو برائے وصل کردن آمدی
نے برائے فصل کردن آمدی

تو دنیا میں بندوں کو خدا سے ملانے کیلئے آیا ہے نہ کہ ان کو دور بھگانے کیلئے۔ جہاں تک ہوسکے جدائی میں قدم نہ رکھ (تو جانتا ہے) کہ جدائی (طلاق) میرے نزدیک ناپسندیدہ ترین شے ہے۔ ہم نے ہر شخص کی سیرت جدا بنائی ہے اور ہر شخص کو بات کرنے کی جدا اصلاحیت دی ہے۔ جو بات اس کے لئے اچھی ہے وہ تیرے لئے بری ہے۔ وہ اس کیلئے شہد ہے اور تیرے لئے زہر، وہ اس کے حق میں نور ہے اور تیرے حق میں آگ، وہ اس کے حق میں گلاب کا پھول ہے اور تیرے حق میں کانٹا، میں نے یہ مخلوق اس لئے پیدا نہیں کی کہ کوئی فائدہ کماؤں بلکہ اس لئے کہ بندوں پر احسان کروں۔ میں ان کی تسبیح سے پاک نہیں ہوجاتا بلکہ وہ خود ہی اس تسبیح کی بدولت گناہوں سے پاک ہوجاتے ہیں۔ ہم کسی کے ظاہر اور قول کو نہیں دیکھتے بلکہ ہم تو آدمی کے باطن اور اصلی حالت کو دیکھتے ہیں۔ یہ الفاظ کا گورکھ دھندا کہاں تک؟ میں تو دل کا سوز چاہتا ہوں سوز۔ اے موسیٰ ؑ آداب کے جاننے والے اور ہیں اور دل جلے اور جانبہار اور ہیں۔ (بقیہ صفحہ 18)

تعلیماتِ غوثیہ

اہل طریقت کے دس اصول

صوفی غلام سرور شباب صاحب مدظلہ (حویلی لکھا)

کتاب فتوح الغیب سے یہ مضمون ماخوذ ہے۔ اہل مجاہدہ ومحاسبہ (صوفی، سالک) لوگوں کے دس معروف اصول ہیں، جن پر وہ ہمیشہ عمل کرتے ہیں، وہ اولوالعزم افراد جب اللہ تعالیٰ کے حکم سے انہیں مضبوطی سے قائم کر لیتے ہیں تو بلند مراتب پر پہنچ جاتے ہیں۔ وہ دس اصول مندرجہ ذیل ہیں۔

پہلا اصول (بار بار قسمیں نہ کھانا)

یہ ہے کہ انسان عمداً یا سہواً جھوٹ سچ پر اللہ تعالیٰ کی قسم نہ اٹھائے، جب یہ بات اس کی طبیعت میں راسخ ہو جائے گی اور اپنی زبان کو عادی بنا لے گا تو سہواً یا قصداً قسم کھانے سے محفوظ ہو جائے گا اور وہ سالک صوفی اپنے دل میں اس کے فوائد کو محسوس کرنے لگے گا، اپنے عزم اور صبر میں ثبات، پختگی، مقام اور مرتبے کی رفعت کو بھی محسوس کرنے لگے گا۔ اپنے بھائیوں اور پڑوسیوں میں عزت اور تعظیم کی نگاہ سے دیکھا جائے گا، جو اسے پہچان لے گا، وہ اس کی بزرگی کا معترف ہو کر اس کا متبع بن جائے گا اور جو بھی اسے دیکھے گا وہ اس کی طرف دوڑے گا۔

دوسرا اصول (جھوٹ سے بچنا)

یہ ہے کہ قصداً یا مذاقاً جھوٹ سے بچے، اس لیے کہ جب جھوٹ سے بچے گا اور اس صفت کو اپنی ذات اور زبان میں مضبوط کر لے گا تو اللہ تعالیٰ اس کا سینہ کھول دے گا اور اسے وہ نورِ علم عطا کرے گا جس کے ذریعے وہ اس مقام پر پہنچ جائے گا۔ جیسے جھوٹ کو جانتا ہی نہیں اور جب دوسروں سے جھوٹ سنے گا تو معیوب سمجھے گا اور اسے دل میں انتہائی برا جانے گا۔ اور اس کے لیے اس بری عادت سے بچنے کی دعا کر کے ثواب کا مستحق بنے گا۔

تیسرا اصول (وعدہ کی پاسداری کرنا)

یہ ہے کہ پہلے تو کسی چیز کا وعدہ نہ کرے اور اگر وعدہ کر چکا ہے تو وعدہ خلافی ہرگز نہ ہو کیونکہ اس کے لیے سلامتی اور میانہ روی کا راستہ یہی ہے، واضح رہے کہ وعدہ خلافی بھی جھوٹ ہی کی ایک قسم ہے۔ اگر وعدہ خلافی سے اپنے آپ کو بچا لے گا تو اس کے لیے سخاوت کا دروازہ کھول دیا جائے گا۔ مقامِ حیاء پر اسے فائز کیا جائے گا، گروہ صادقین میں اس کی محبت پیدا ہو گی اور بارگاہ خداوندی میں بلند مراتب کا مستحق بنے گا۔

چوتھا اصول (لعنت وملامت کرنے اور دکھ دینے سے پرہیز کرنا)

یہ ہے کہ مخلوق میں سے کسی چیز پر لعنت نہ کرے اور نہ ہی کسی کو معمولی سی ایذا پہنچائے، یہ صفت ابرار اور صدیقین کے اخلاق میں سے ہے اور دنیا میں حفاظتِ الٰہی میں رہنے کی وجہ سے اس کے لیے بلند مراتب اور درجات کی حسنِ عاقبت ہے، اسے ہلاکت سے بچاتا ہے اور مخلوق سے اس کی حفاظت کرتا ہے، اور اپنا قرب اور اپنی مخلوق پر شفقت ورحمت کی دولت عطا کرتا ہے۔

پانچواں اصول (بددعا نہ کرنا)

یہ ہے کہ کسی بھی مخلوق پر بددعا کرنے سے پرہیز کرے، اگرچہ اس نے زیادتی کا ارتکاب کیا ہو، اپنی زبان اور فعل سے اس کے کردار کا بدلہ نہ لے اور اللہ تعالیٰ کے لیے سب کچھ برداشت کر لے، یہ خصلت بلند مراتب کے حصول کا باعث بنتی ہے، جب انسان اس پر کاربند ہو جاتا ہے تو دنیا وآخرت میں بلند مقام، ساری مخلوق میں مقبولیت اور محبت ودوستی، اجابتِ دُعا، بھلائی اور بہتری میں سبقت اور مسلمانوں کے دلوں میں دنیاوی عزت واحترام حاصل کر لیتا ہے۔

چھٹا اصول (کافر، شرک اور منافق کا فتویٰ جاری کرنا)

یہ ہے کہ اہل قبلہ میں سے کسی شخص پر حتمی طور پر کفر، شرک یا نفاق کا فتویٰ نہ لگائے۔ یہ خصلت بذات خود بہت ہی اعلیٰ اور رحمت خداوندی سے قریب سے قریب ہے اور اتباعِ سنت میں کمال کی دلیل ہے، علم الٰہی میں دخل اندازی سے اجتناب، غضب الٰہی سے بچاؤ اور رحمت ورضامندی مولیٰ کا باعث ہے، اللہ تعالیٰ کے ہاں یہ ایک بہت ہی بلند اور بڑا دروازہ ہے اور اس کے سبب بندہ

مومن کو ساری مخلوق کے ساتھ مہر و محبت کا جذبہ عطا ہوتا ہے۔

ساتواں اصول: ظاہری اور باطنی طور پر اسباب گناہ سے دور رہنا

یہ ہے کہ ظاہر اور باطنی طور پر اسباب گناہ سے دور رہے اور اپنے اعضاء وجوارح کو گناہوں سے بچائے، کیونکہ اس عمل کے طفیل مومن کے قلب و اعضاء اس دنیا میں نیکی اور ثواب کے عادی بن جاتے ہیں اور آخرت میں اللہ تعالیٰ نے اس کے لیے جو اجر مقرر کر رکھا ہے، اس کا حقدار بن جاتا ہے۔ ہم اللہ تعالیٰ سے دُعا کرتے ہیں کہ ان اوصاف حمیدہ پر عمل کی توفیق عطا فرمائے اور خواہشاتِ نفس ہمارے دلوں سے مٹا دے۔ آمین

آٹھواں اصول (خلق خدا پر اپنا بوجھ نہ ڈالنا)

یہ ہے کہ مخلوق میں سے کسی شخص پر تھوڑا یا زیادہ، کسی بھی قسم کا بار نہ ڈالے، بلکہ مخلوق سے اپنی تمام ضروریات اٹھالے، متقی اور عابد حضرات کے لیے یہ کمال شرافت اور اعزاز ہے، اسی فضیلت کے باعث انسان امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا فریضہ صحیح طور پر انجام دے سکتا ہے۔ اور اس مقام پر ساری مخلوق اس کے لیے برابر ہوجاتی ہے۔ جب مومن یہ مرتبہ حاصل کرلیتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے غنا و یقین اور اپنی ذات پر توکل جیسی نعمتیں عطا فرماتا ہے اور اللہ تعالیٰ کسی کو خواہشات نفس کی پیروی کے سبب بلند نہیں کرتا، یہ بات یقینی ہے کہ یہ دروازہ تمام مومنوں کی عزت اور متقیوں کی فضیلت کا باعث اور اخلاص سے بہت نزدیک ہے۔

نواں اصول (مخلوق سے طمع نہ رکھنا)

یہ ہے کہ ہر مومن مخلوق سے کسی قسم کا طمع نہ رکھے اور جو چیزیں مخلوق کے پاس ہیں ان کی تمنا اور آرزو نہ کرے، بلاشبہ یہ مقام بہت بڑے اعزاز، استغنا، بادشاہی، یقین کامل اور توکل عظیم کا حامل ہے اور یہ زہد کے دروازوں میں سے اللہ تعالیٰ پر اعتماد رکھنے کا ایک بڑا دروازہ ہے جہاں پرہیزگاری اور کامل عبادت نصیب ہوتی ہے اور اللہ والوں کی نشانی ہے۔

دسواں اصول (تواضع وانکساری)

یہ ہے کہ تواضع کرنا، تواضع ہی سے عابد کا محل بلند اور مرتبہ بڑھایا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ اور مخلوق کے ہاں اس کی عزت اور رفعت نصیب ہوتی ہے۔ اور دنیا و آخرت کی ہر وہ چیز جو وہ پسند کرتا ہے، اسے عطا کی جاتی ہے۔ شجر عبادت کی جڑیں، شاخیں، پتے، پھول اور پھل تواضع ہی سے ہیں۔ اس کی بدولت بندہ خوشی و تکلیف میں راضی رہنے والوں کا مرتبہ حاصل کرتا ہے اور تواضع ہی کمال تقویٰ ہے۔ تواضع یہ ہے کہ بندہ جس شخص سے ملے اسے اپنے آپ سے بہتر سمجھے اور یہ سوچے کہ ممکن ہے کہ یہ شخص اللہ تعالیٰ کے ہاں مقام و مرتبے میں مجھ سے زیادہ بلند ہو۔ جو شخص اسے ملے، اس کے بارے میں یہ گمان کرے کہ:

(الف) اگر وہ عمر میں اس سے بڑا ہے، تو سمجھے کہ اس نے مجھ سے پہلے اللہ تعالیٰ کی عبادت کی ہے۔ وہ عقل وشعور، علم و تجربہ اور مشاہدہ بھی مجھ سے زیادہ حاصل کرچکا ہوگا۔

(ب) اگر وہ عالم ہے تو یہ سمجھے کہ اسے وہ چیز عطا ہوئی ہے، جو مجھے نہیں ملی، اس نے وہ چیز حاصل کی ہے، جس سے میں محروم ہوں، اسے وہ چیزیں معلوم ہیں، جو میں نہیں جانتا، طرہ یہ کہ وہ عالم باعمل ہے۔

(ج) اگر وہ جاہل ہے، تو اس بات کا خیال کرے کہ اس نے جہالت اور نادانی کی بنا پر اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی ہے، جبکہ میں علم کے ہوتے ہوئے بھی جان بوجھ کر گناہوں کا ارتکاب کررہا ہوں۔ اور یہ کہ مجھے معلوم نہیں کہ ہم دونوں میں سے کس کا خاتمہ کیا ہوگا؟

(د) اگر وہ کافر ہے تو یہ سمجھے کہ میں نہیں جانتا، شاید یہ مسلمان ہوجائے اور نیک اعمال پر اس کا خاتمہ ہو اور ممکن ہے کہ میں کافر ہوجاؤں اور میرا خاتمہ بالخیر نہ ہو۔ (معاذ اللہ)

یہ دروازہ شفقت اور اپنے نفس پر خوف کا ہے، مناسب ہے کہ اس پر مداومت کی جائے اور یہی وہ آخری چیز ہے جو بندوں پر باقی رہے گی۔ جب بندہ اس مقام پر پہنچ جائے گا تو اللہ تعالیٰ اسے ہر قسم کی آفتوں سے محفوظ رکھے گا۔ اور بندہ بارگاہ الوہیت کی صحبت نشینی کا شرف حاصل کرکے مقبول و منظور بارگاہ ہوجائے گا۔

برکات کاف در شرح چہل کاف

خواص اعمال نقوش منسوبہ قطب ربانی محبوب سبحانی غوث اعظم محی الدین شہباز لامکانی

حضرت سیدنا عبدالقادر جیلانیؒ

مؤلف صوفی محمد ایاز اسلمی

☆ تعارف شیخ المشائخ سیدی شیخ عبدالقادر جیلانیؒ ☆ دعوت صغیر ☆ دعوت کبیر ☆ دعوت اکبر الکبائر ☆ حرف کاف کے اعمال ☆ لوح شرف قمر ☆ دفینہ وگمشدہ اشیاء معلوم کرنے کا طریقہ ☆ مشکلات کا فوری حل ☆ فراخی وکشادگی کا عمل ☆ زبان بندی وجگہ کو ویران کرنے کیلئے ☆ قید سے رہائی اور دشمنوں کے گھیرے سے نکلنے کا عمل ☆ تسخیر خلائق کا مجرب المجرب عمل ☆ طلسم فتح نامہ ☆ لوح تحفظ ☆ کاف کے ذکر کلیہ کا بیان ☆ ذکر طریقہ اول ☆ ذکر کلیہ طریقہ دوم ☆ الکافی کا بیان ☆ شرح ☆ الکافی کے خواص کا بیان ☆ زکات: طریقہ اول ☆ طریقہ دوم ☆ طریقہ سوم: شیخ عبداللہ شطاریؒ ☆ طریقہ چہارم: حکماء، پیران عظام وطبیب حضرات کیلئے ☆ طریقہ پنجم: سرتاج دعوت ☆ طریقہ ششم: اسم ادریسیہ ☆ الکافی کے اعمال کے بیان ☆ رشتے کیلئے رضامند کرنے کا عمل ☆ حل المشکلات اور روحانی امداد کا عمل ☆ نقش کافی: برائے جمیع حاجات ☆ تسخیر خلق وفراخی رزق کا باموکل عمل ☆ صاحب مزار سے ملاقات واکتساب فیض کا عمل ☆ دشمنوں کو خوار کرنے اور جادو جنات کے توڑ کا عمل ☆ جادو، جنات، نظر بد وبندش کی کاٹ کا ایک روزہ عمل ☆ کند ذہنی دور کرنے اور بال بڑھانے کا نقش ☆ لوح شمس ☆ دعائے کافی المعروف دعائے قطب کا بیان ☆ دعائے کافی کا نصاب ادا کرنے کا طریقہ ☆ دعوت کبیر ☆ دعوت وسیط ☆ دعائے کافی کے خواص ☆ چہل کاف ☆ تعارف ☆ چہل کاف کس کے اشعار ہیں؟ ☆ شرح چہل کاف: ابوالبیان حضرت ابوداؤد فاروقی نقشبندیؒ ☆ شرح چہل کاف: مؤلف کتاب ☆ بارگاہ نبوی ﷺ سے چہل کاف کی عطاء ☆ چہل کاف کی تاثیر ☆ مہلک مرض سے نجات ☆ کینسر کا مریض تندرست ہوگیا ☆ جادو جنات کا خاتمہ ☆ چہل کاف کی اقسام ☆ چھتیسواں طریقہ: جملہ تمام زکاتوں کا سردار طریقہ ☆ سینتیسواں طریقہ: دفع جنات وآسیب کیلئے ☆ اڑتیسواں طریقہ: شاہ رفیع الدین دہلویؒ کا طریقہ ☆ چالیسواں طریقہ ☆ اعمال چہل کاف ☆ حاجات دینی ودنیاوی کیلئے ☆ ہلاکی دشمن کا عمل ☆ قتل دشمن کا عمل ☆ خلاصی از قید ☆ زبان بندی دشمناں ☆ درد سر کا دم ☆ درد سر کا مجرب المجرب نقش ☆ دشمنوں میں شدید اختلاف اور جھگڑا کروانے کا عمل ☆ خوف دشمن ولشکر کیلئے ☆ راہ گمشدہ کیلئے ☆ افزونی رزق کا عمل ☆ مار گزیدہ کیلئے ☆ عزت وسرداری کیلئے ☆ حشرات الارض کو روکنے کا عمل ☆ آسیب حاضر کرنے والی عبارت کا عمل ☆ کہیں بھی جنات کی حاضری کو مستقل بند کرنے والا نقش ☆ شاہ جنات کی حاضری کا ایک روزہ عمل ☆ تسخیر محبوب کا باموکل عمل ☆ تسخیر حاکم کیلئے ☆ تسخیر عوام کیلئے ☆ تسخیر امراء ورؤسا کیلئے ☆ صاحب اولاد ہونے اور اولاد نرینہ کا عمل ☆ نعمت اولاد کیلئے ☆ قوت مردمی اور جراثیم کی پیدائش کیلئے ☆ رہائی محبوس کیلئے ☆ ہر دلعزیزی اور جمیع حاجات کیلئے ☆ فتح یابی مقدمہ کیلئے ☆ دفع آسیب وسحر ☆ مفرور کی واپسی کا عمل ☆ بخیر وعافیت منزل تک پہنچنے کا عمل ☆ پیداوار میں برکت کیلئے ☆ دفع مرگی کا عمل ☆ موتیے کا علاج ☆ دفع سکری، آنتوں اور معدے کی خشکی کا علاج ☆ دفع سرخی چشم ☆ دفع جنات در بدن ☆ رہائشی جنات کے اخراج کا عمل ☆ آسیب زدہ کیلئے ☆ کمر درد کا علاج ☆ امراض گردہ کا علاج ☆ دشمن کی ہلاکت وتباہی کا عمل ☆ درد دل کا علاج ☆ دفع محتاجی وبندش روزگار کا حل ☆ دفع افلاس کیلئے ☆ اولاد کیلئے ☆ درد اعضاء کیلئے ☆ کسی بھی حاجت یا مہم کو سر کرنے کیلئے ☆ چھپے ہوئے تعویذات کو ظاہر کرنے کا عمل ☆ دفن شدہ تعویذات کو ظاہر کرنے کا عمل ☆ تمام روحانی وجسمانی امراض وعادات بد سے نجات ☆ رشتوں کی رکاوٹ ختم کرنے کا عمل ☆ بندش سے نجات وسلب اعمال سے حفاظت کا عمل ☆ کھلائے یا پلائے ہوئے جادو کا توڑ ☆ آسیب وجنات کو جلانے کا ہانڈی والا عمل ☆ عمل حب ☆ لوح شرف زہرہ ☆ نقش شفائے بیماراں ☆ نقش ہرکارہ ☆ نقش برائے فتیلہ ودھونی ☆ نقش مشتری عجیب خواص ☆ نقش چہل کاف جفر جامع ☆ چہل کاف کا موکلاتی نقش ☆ نقش دافع نحوست ☆ نقش چہل کاف صد در صد (دس ہزار خانوں کا تعویذ) دفع رجعت ☆ چہل کاف کی زکات ادا کرنے کا طریقہ ☆ طریقہ اول ☆ طریقہ دوم ☆ طریقہ سوم: باموکل زکات ☆ چہل کاف کے خواص ☆ اسناد اجازت ☆ اجازت نامہ

مجرب قرآنی عملیات

مولانا سلیم اللہ (ناظم روحانی درس گاہ)

نیکی کی رغبت……عمارت اور سامان کی حفاظت

سورۃ الکہف کا دم شدہ پانی پینے اور پلانے سے نیکی کی طرف رغبت اور مکان، دکان، گودام وغیرہ میں چھڑکنے سے عمارت اور سامان کی حفاظت رہتی ہے۔

نبیوں والی صفات

سورۃ الانبیاء کا دم شدہ پانی وغیرہ پینے سے انبیا کرام علیہم الصلوۃ والسلام والی اعلیٰ صفات نصیب ہوتی ہیں۔

یرقان کا علاج

سورۃ سبا کا دم شدہ پانی یا عرق مکو مریض یرقان کو پلانے سے یرقان کا مرض بہت جلد ختم ہوجاتا ہے۔

شیطان صفت……فرشتہ صفت بن جائے

سورۃ الصافات کا دم شدہ پانی پلانے سے شیطان صفت انسان اور شرارتی بچوں کو پلانے سے بھی وہ فرشتہ صفت بن جاتے ہیں۔

بدخواہی، حسد اور مخالفت ترک کریں

سورۃ المومن کا دم شدہ پانی اپنے بدخواہوں، حاسدوں، مخالفوں کو پلانے سے وہ بدخواہی، حسد اور مخالفت ترک کر کے محبت کا دم بھرنے لگتے ہیں۔

ہر وقت پیسوں سے بھرا رہے

سورۃ الرحمٰن کو پڑھ کر اپنے بٹوے، پرس، تجوری، گلے پر دم کرتے رہنے سے وہ کبھی خالی نہیں ہوتا۔ ہر وقت پیسوں سے بھرا رہتا ہے۔

اندرونی و بیرونی ورم کا علاج

سورۃ الحدید کا دم شدہ پانی وغیرہ پینے اور دم کروانے سے ہر قسم کے اندرونی بیرونی ورم بہت جلدی تحلیل ہوجاتے ہیں۔

نومولود بچہ کی بیماریوں سے حفاظت

سورۃ الحاقہ کا دم شدہ پانی پلانے اور دم شدہ تیل کی مالش سے نومولود بچہ یا بچی ہر قسم کی بیماریوں سے محفوظ رہتے ہیں۔

بچہ پڑھائی میں دلچسپی لے

سورۃ الانفطار کا دم شدہ پانی یا کوئی بھی میٹھی چیز پڑھائی سے دور بھاگنے والے بچوں کو کھلانے سے وہ پڑھائی کی طرف دلچسپی لینے لگتے ہیں۔

حفاظت حمل

سورۃ الشمس کا دم اور دم شدہ پانی پینا بار بار حمل ضائع ہونے والی عورتوں کیلئے آغاز حمل سے وضع حمل تک بہت ہی مفید اور مؤثر ہے۔

سینے، دل، گردے، مثانے، پتے کے درد کا علاج

سورۃ الم نشرح کا دم اور دم شدہ پانی یا شہد استعمال کرنے سے سینے، دل، گردے، مثانے، پتے کا درد ٹھیک ہوجاتا ہے۔

آنکھوں کی بیماریاں ختم

سورۃ عصر کو عرق گلاب یا کسی اچھے سرمے پر دم کر کے آنکھوں میں لگانے سے آنکھوں کی بیماریاں ختم ہوتی ہیں۔

اللہ کی محبت پیدا ہو

سورۃ الاخلاص کو پڑھ کر اپنے اوپر دم کرنے اور دم شدہ پانی پینے سے مخلوق کی محبت، غیر اللہ کی محبت، کسی کی ناجائز محبت ختم ہو کر اللہ کی محبت پیدا ہوتی ہے۔

نوٹ: ان تمام اعمال کی سب مسلمانوں کو عام اجازت ہے۔ ادارے اور مجھے دعاؤں میں یاد رکھیں۔

الرحیم جل جلالہ کے خواص و اعمال

سوکھے پن کا علاج

بعض مرتبہ بچے سوکھے کے مرض میں مبتلا ہو جاتے ہیں اور یہ مرض بچوں کو ہڈیوں کا ڈھانچہ بنا دیتا ہے۔ بچے کا گوشت گھل کر ختم ہو جاتا ہے۔ وہ چمڑے اور ہڈیوں کا ڈھانچہ بن کر رہ جاتا ہے۔ اس کا علاج یہ ہے کہ باوضو چینی کی پلیٹ پر یا کاغذ پر ''یَا رَحِیْمُ'' گیارہ (۱۱) بار عرق گلاب میں زعفران گھول کر یا کالی پکی روشنائی سے لکھیں اور شروع میں بسم اللہ شریف لکھ کر روزانہ پانی سے دھو کر بچے کو پلائیں۔ اکتالیس (۴۱) دن تک مسلسل بلاناغہ یہ عمل کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بچہ سوکھے کے مرض سے صحت یاب ہو گا اور تندرست و توانا ہو جائے گا۔

امیر کبیر بننے کا وظیفہ

علامہ بونیؒ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص ''یَا رَحِیْمُ'' روزانہ پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ پڑھے تو وہ کچھ عرصے کے بعد امیر کبیر بن جائے اور اس کی مالی مشکلات دور ہو جائیں۔

ایمان پر خاتمہ، موت کی سختی سے حفاظت، حشر میں نرمی

حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرمایا کرتے تھے کہ اگر کوئی شخص ''یَا رَحِیْمُ'' دو سو اٹھاون (۲۵۸) مرتبہ روزانہ پڑھا کرے تو اس کا انجام بخیر ہو گا۔ اس دنیا سے رخصت ہوتے وقت اس کا خاتمہ ایمان پر ہو گا۔ موت کی سختی سے محفوظ رہے گا۔ اور حشر کے میدان میں اس کے ساتھ نرمی کا معاملہ کیا جائے گا۔

تمام مخلوق اور دشمن کے دل کو نرم کرنے کا عمل

جو شخص فجر کی نماز کے بعد پانچ سو (۵۰۰) بار ''یَا رَحِیْمُ'' پوری توجہ کے ساتھ پڑھے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ تمام مخلوق اس پر مہربان ہو گی۔ اگر دشمن اسے کوئی نقصان پہنچانا چاہتا ہے تو وہ بھی نرم ہو جائے اور نقصان پہنچانے سے رک جائے گا۔

ادائیگی قرض اور وسعت رزق

ادائے قرض کے لیے اسم ''یَا رَحِیْمُ'' کو دو ہزار پانچ سو نوے (۲۵۹۰) مرتبہ پڑھنے والا ایسی وسعت رزق اور مال میں برکت دیکھے گا کہ قرض کی ادائیگی کی سبیل پیدا ہو جائے گی۔

بچہ زیادہ روتا ہو

جو بچہ مسلسل روتا ہو، اس کے کھانے پینے کی اشیاء پر اسم ''یَا رَحِیْمُ'' کو دو سو انچاس (۲۵۹) مرتبہ دم کر کے دینے سے اور اسم ''یَا رَحِیْمُ'' کو بارہ (۱۲) مرتبہ گلاب و زعفران سے لکھ کر گلے میں لٹکانے سے اس کا رونا بند ہو جاتا ہے۔

امراض سینہ سے شفاء

روٹی کے سولہ (۱۶) ٹکڑوں پر زعفران اور گلاب سے لکھ کر کھانے سے سینے میں نور پیدا ہوتا ہے۔ امراض سینہ سے شفا حاصل ہوتی ہے۔

دنیوی آفات سے محفوظ رہنا

جو شخص ہر فرض نماز کے بعد اسم ''یَا رَحِیْمُ'' کو ایک سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھے گا، وہ تمام آفات دنیوی سے محفوظ ہو جائے گا۔

چشم خلائق میں عزت ہو

اس کا مربع پُر کر کے پاس رکھنے سے چشم خلائق میں عزت ملتی ہے۔ اس نقش کو شرف قمر کے وقت میں زعفرانی سیاہی سے لکھیں۔ عاملین ایک ہی وقت میں زیادہ نقوش تیار کر لیں۔

۷۸۶

۲۳۲	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۲۳۱	۱۲
۳	۱۶	۹	۲۳۰
۱۰	۲۲۹	۴	۱۵

مجرب عملیاتِ بزرگان

مرتب: محمد عمیر

حضرت مولانا ظفر احمد عثمانی قدس سرہ

گنڈہ برائے حفاظت حمل

گیارہ تار نیلا یا سیاہ سوت ڈیڑھ گز لمبا لے کر سورۃ یٰسین پوری پڑھیں اور ہر مبین پر ایک گرہ لگا کر دم کر دیں۔ پھر اس کو حاملہ کے پیٹ پر باندھ دیں۔ کل سات گرہیں ہوں گی۔ حمل اسقاط سے محفوظ رہے گا۔

....

حضرت مولانا عبدالحئی دائمی صاحب رحمۃ اللہ علیہ

دریافت دزد (چور معلوم کرنا)

برگ ترنج لا کر ہر ایک پر اس آیت کو لکھے اور ہر ایک متہم (جس پر چوری کا الزام ہو، تہمت اور شبہ ہو) کا نام آیت کے نیچے لکھے اور آگ میں جلا دے۔ چور کے شکم (پیٹ) میں درد ضرور شروع ہوگا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

آیت یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ وَالسَّارِقَۃُ فَاقۡطَعُوۡۤا اَیۡدِیَہُمَا جَزَآءًۢ بِمَا کَسَبَا نَکَالًا مِّنَ اللّٰہِ (المائدہ:۳۸)

نوٹ: برگ ترنج سے مراد ترنج کے پتے ہیں۔

....

خواجہ عثمان دامانی رحمۃ اللہ علیہ

تمام مصیبتوں، سانپ کے زہر اور پاگل کتے کے کاٹنے کے اثر سے محفوظ رہنے کیلئے

سورۂ فاتحہ، آیۃ الکرسی، چار قل یعنی قل یا ایھا الکافرون، قل ھو اللہ احد، قل اعوذ برب الفلق، قل اعوذ برب الناس سب پڑھ کر دم کریں۔ تمام زمینی اور آسمانی آفتوں اور بلاؤں کے لئے حد سے زیادہ مفید ہے۔ خصوصاً جادو ٹونے اور سانپ کے ڈنگ کے زہر کے اثرات کو زائل کرنے کے لئے بہت مجرب ہے۔

جادو ٹونے کے توڑ کے لئے ہر روز تین بار پڑھ کر سارے جسم پر دم کریں اور سانپ کے ڈنگ کے زہر کے اثر کو ختم کرنے کے لئے نمک پر دم کر کے مریض کو کھلائیں اور سانپ کے زخم کی جگہ پر ملیں اور پاگل کتے کے کاٹنے پر آیۃ الکرسی کو بغیر شامل کئے پڑھ کر دم کریں، مجرب ہے۔

....

حضرت مولانا حافظ شاہ عبدالقادر رائے پوری رحمہ اللہ

ہر بیماری کا روحانی علاج ..... آیات شفاء

اول آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر تین مرتبہ سورۃ فاتحہ مع بسم اللہ پڑھ کر یہ آیات شفاء تین دفعہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں، شفاء ہوگی۔

**وَشِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوۡرِ ۬ۙ وَہُدًی وَّرَحۡمَۃٌ لِّلۡمُؤۡمِنِیۡنَ ﴿۵۷﴾ (یونس:۵۷)

**یَخۡرُجُ مِنۡۢ بُطُوۡنِہَا شَرَابٌ مُّخۡتَلِفٌ اَلۡوَانُہٗ فِیۡہِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ (النحل:۶۹)

**وَنُنَزِّلُ مِنَ الۡقُرۡاٰنِ مَا ہُوَ شِفَآءٌ وَّرَحۡمَۃٌ لِّلۡمُؤۡمِنِیۡنَ (بنی اسرائیل:۸۲)

**وَاِذَا مَرِضۡتُ فَہُوَ یَشۡفِیۡنِ ﴿۸۰﴾ (الشعراء:۸۰)

**قُلۡ ہُوَ لِلَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا ہُدًی وَّشِفَآءٌ (حم السجدہ:۴۴)

....

خوشخبری
پرنٹڈ روحانی کتب پر 50% سے 70% ڈسکاؤنٹ۔

سٹاک محدود ہے

سیل والی کتب کی مکمل فہرست طلب فرمائیں

نام	مصنف	عام قیمت	رعایتی قیمت
جنات کی حقیقت	پروفیسر عبداللہ شاہین	100	40
جادو ٹونے، مرگی اور نظر بد کا علاج	ابو سعید عبدالمنان	300	150
جادو کا علاج	وحید بن عبدالسلام بالی	175	87
جنات و شیاطین سے حفاظت	حافظ شبیر احمد قصوری	300	120
جادو کا توڑ	پیر سید ابوالاسد وارثی	300	105
قرآنی مستجاب دعائیں	پروفیسر مولانا محمد رفیق	200	80
سچا خواب نامہ حضرت یوسف		250	100
سچا و علمی خواب نامہ تعبیر نامہ	صفدر شاہین	150	60
اسماء الحسنیٰ مع عملیات و فضائل	قاری ذیشان احمد	240	96
اسم اعظم	خواجہ شمس الدین عظیمی	200	114
خصوصیات اسماء حسنیٰ	مولانا ہارون معاویہ	570	228
جعلی عاملوں اور جادوگروں کے پُر فریب ہتھکنڈے	محمد انور بن اختر	465	185
علاج قرآنی	سعید بن علی	160	64
مصباح الرمل	منجم اعظم شاہ زنجانی	300	135
خزینہ جفر (حصہ اول)	لیاقت اللہ قریشی	450	202
مصباح الجفر	سید مظفر حسین شاہ زنجانی	450	202
ارواح الجفر	مولانا محمد شفیق رامپوری	300	135
اسرار روحانیت اور کامیاب زندگی	قمر اقبال صوفی	400	160
تجلیات جفر	بابر سلطان قادری	600	270
انکشافات جفر	حکیم سرفراز احمد زاہد	400	180
وظائف زوجین (اعلیٰ)	مولانا مفتی طلحہ نظامی	340	119
وظائف زوجین (متوسط)	مولانا مفتی طلحہ نظامی	240	84
اسلامی وظائف کا انسائیکلوپیڈیا	سید جمل حسین	460	161
مجموعہ وظائف	مولانا ارسلان بن اختر		120net
روحانی عملیات و وظائف	مولانا خضیب نقشبندی	360	144
مستند مجموعہ وظائف	مفتی نظام الدین شامزئی	290	101
علاج بالقرآن	پیرزادہ سید مبین ہاشمی	400	160
شرعی دم سے علاج مگر کیسے؟	ابو مسلم غازی	400	160
علاج بالنجوم	سید مظفر حسین شاہ زنجانی	300	135
نافع النجوم	عامل نجم اشتیاق احمد	300	135
بسم اللہ کے فضائل و برکات	مولانا روح اللہ نقشبندی	250	100
صدقہ کی برکات	شیخ عبدالرحمن مدنی	140	56
روزانہ کی نفل نمازیں	امیر علی خان	120	42
فیضان دعا	سید ذیشان نظامی	350	140
آئینہ مسمریزم	باوا صاحب دیال	250	113
روحانی زندگی کے سات سنہرے اصول	ظفر اقبال	150	68
آئینہ ہپناٹزم	محمد اشفاق	130	59
خیال و سانس	خالد خان خلجی	200	80
رجوع	سید انتظار حسین شاہ زنجانی	300	135
دعا مومن کا ہتھیار	زاہد محمود قاسمی	190	95
کرشمات موکلات	مجید الماس	200	90
حقائق ہمزاد	بابر سلطان قادری	400	180
لطف اللطیف	مولانا محمد مسعود ازہر	220	77
تسخیر القلوب	پیر سید ارتضیٰ کرمانی	100	40
دعا اور دوا کے مسنون آداب	عبدالخالق محمد صادق	230	92
رموز سوال تحقیق زائچہ	ڈاکٹر محمد ایوب تاجی	400	180
روحانی بیماریاں اور ان کا علاج	مترجم: مولانا اصغر علی	300	120
بیماریوں کا نبوی علاج	الشیخ ابوطعہ	282	113
پریشانیوں اور مصیبتوں کے حل کے نبوی ﷺ طریقے اور جدید تحقیقات	محمد انور بن اختر	262	105
سکون اور صحت	انصار الرحمن	1500	900

عام اجازت کے اعمال

مرتب: محمد علیم صاحب (رکن روحانی علاج گاہ)

کسی گم شدہ یا چور کو پکڑنے کا عمل

حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ ...... الْعَظِيْمِ (التوبہ: ۱۲۹)

جس نے ہفتہ کے دن ایک ہزار (۱۰۰۰) بار اس آیت کو پڑھا اور کسی انسان کا ارادہ کیا تو وہ انسان باذن اللہ تعالیٰ پکڑا جائے گا۔ مگر مناسب یہ ہے کہ حاجت پوری ہونے تک ہر ایک ہفتہ کے دن کا خیال رکھے۔

''بہتر ہے کہ ہر شب ہفتہ کو تہجد کی نماز پڑھ کر یہ عمل کیا جائے۔ ہر ہفتہ ایک ہی وقت مقرر کیا جائے۔ ایک عمل ایک ہی حاجت کے لئے کیا جائے۔ چور کا پتہ ہو یا نہ پتہ ہو، یہ عمل کیا جا سکتا ہے۔ عمل کے بعد اول و آخر درود شریف کے ساتھ دعا لازمی مانگی جائے۔'' (ع)

اللہ سے مضبوط تعلق و کشف

یا مھیمن کو بکثرت پڑھنے سے اللہ تعالیٰ اور بندے میں گہرا تعلق ہو جاتا ہے اور محبت میں دن دونی رات چوگنی ترقی ہوتی ہے اور کشف ہونے لگتا ہے۔

برائے قضائے حاجات

اگر کوئی شخص کسی کام میں عاجز ہو گیا ہو اور کوئی صورت سرانجام کی نظر نہ آتی ہو تو اس کو چاہئے کہ ایک مقام خالی اور صاف و پاکیزہ میں دو رکعت نماز قضائے حاجات ادا کرے۔ بعد سلام اس دعا کو پانچ (۵) یا سات (۷) مرتبہ ایک مجلس میں پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی مشکل آسان ہو گی کیونکہ اس دعاء کے شروع میں جو پانچ اسم آتے ہیں، وہ اسم اعظم ہیں یعنی "یا اللہ یا علی یا عظیم یا حلیم یا علیم"۔ یہ پانچوں اسم اعظم ہیں۔ جب ان کے ساتھ دعاء مانگی جائے تو اللہ تعالیٰ قبول فرماتا ہے۔ اسی لئے دعاء حزب البحر کا پڑھنے والا ناامید نہیں رہتا اور جو مقصد بھی ہو، اللہ تعالیٰ پورا کر دیتا ہے۔

پڑھتے وقت جو اشارات کئے جاتے ہیں، عامل اگر خود پڑھے تو بہتر ہے کہ اشارات کے ساتھ پڑھے۔ اگر کسی ایسی جگہ پڑھ رہا ہے کہ وہاں اشارات کرنا مناسب نہیں یا ممکن نہیں تو بیشک اشارات کے بغیر پڑھے۔ مگر اشارات کے وقت تصور میں اشارے کرے۔ اگر عوام کو پڑھنے کو دیں تو بیشک عوام کو اشارات کے بغیر پڑھنے کے لئے دیں۔

برائے تسخیر حکام

اگر کسی خاص شخص یا بادشاہ یا حکام کو مسخر کرنا ہو تو بارہ (۱۲) روز تک روزانہ بارہ (۱۲) مرتبہ حزب البحر پڑھے اور جب یَامَنْ بِیَدِہٖ مَلَکُوْتُ کُلِّ شَیْءٍ پر پہنچے تو ستر (۷۰) مرتبہ کہے ''یَا عَزِیْزُ مجھ کو عزیز کر دے فلاں بن فلاں کی نگاہ میں۔'' اس کے بعد ایک مرتبہ سورۃ الم نشرح اور تین مرتبہ سورۃ قدر پڑھے اور بعد پورا ہونے عمل کے اس شخص کے گھر کو جائے تو ایک مرتبہ اس دعاء کو پڑھ کر جائے اور سلام کرے۔ پس وہ شخص مسخر ہو کر تمام عمر خادم رہے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔ (صرف جائز جگہ عمل کریں۔ ع)

کم درجہ میں تسخیر مطلوب ہو تو سات روز تک سات بار پڑھیں۔

برائے حب

روزانہ سات (۷) مرتبہ پڑھ کر عرق گلاب پر دم کرے اور جب مقام "وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رِيْحًا طَيِّبَةً كَمَا هِيَ فِيْ عِلْمِكَ" پر پہنچے تو ستر (۷۰) مرتبہ ''يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ'' پڑھے۔ اس کے بعد کہے ''یا الٰہی محبت اور دوستی فلاں بن فلاں کی بیچ دل میں فلاں بن فلاں کے اور اس کے تمام اعضاء اور استخوان میں ظاہر کر، کہ ایک لحظہ بغیر اس کے اس کو قرار نہ پڑے۔ آمین آمین آمین''۔ اس عمل کو کرنے کے بعد داہنے ہاتھ کو تین مرتبہ زمین پر مارے۔ اسی طرح تین روز تک کرے اور عرق گلاب پر دم کرتے رہیں۔ بعد پورا ہونے عمل کے، عرق کو اپنے منہ پر مل کر مطلوب کے سامنے جائے۔ پس مطلوب فوراً طالب ہو گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

روحانی ترقی کے اعمال

میاں مقبول احمد

آئینہ قلب پر جلا کرنے کے لئے

یہ عمل عجیب ترین ہے۔ اس عمل کا کرنے والا ایسے حیرت انگیز مناظر دیکھتا ہے کہ خود محو حیرت رہتا ہے۔ یہ عمل تہجد پڑھنے والوں کے لئے ہے۔ تہجد کا وقت عشاء پڑھ کر سونے کے بعد جس وقت آنکھ کھلے وہی تہجد کا وقت ہے۔ مثلاً اگر عشاء ۹ بجے پڑھ کر سو گیا ۹½ بجے آنکھ کھل گئی تو وہی وقت تہجد ہے۔ تہجد کے لئے سونا شرط ہے۔ تہجد کی کم سے کم ۴ رکعت اور افضل ۱۲ رکعت اور زیادہ کی کوئی تعداد نہیں۔ ایک سلام سے ۱۲ رکعت پڑھنا ہے۔ ہر پہلی رکعت میں بعد الحمد والضحیٰ، دوسری میں الم نشرح ۳۔ ۳ بار پڑھیں۔ بعدہ: یَاجِبْرِیْلُ تَجَلَّلْتَ بِالْجَلَالِ فِیْ جَلَالِكَ یَاجَلِیْلُ ۳۷ بار، اول آخر درود شریف ۳۔ ۳ بار۔ اس کے بعد اس طرح دعا کر کے سو رہیں (اگر آخر شب میں پڑھیں تو ہرگز نہ سوئیں۔ فجر قضا ہونے کا خطرہ ہے)۔ وہ دعا یہ ہے۔ اے اللہ تو نے عالم کو بے سبب پیدا کیا اور آسمان کو بے ستون کھڑا کیا، تور سے پانی جاری کیا اور پتھر سے ناقہ نکالا، عیسیٰ علیہ السلام کو بغیر باپ کے پیدا فرمایا اور آدم علیہ السلام کو بغیر ماں باپ کے ظہور میں لایا اور ہمارے نبی امی محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو علم اولین و آخرین سے سرفراز فرمایا۔ الٰہی اس نبی امی کی برکت سے مجھ کو نور ایمان و عرفان کمال عطا فرما اور نفس و دل و جان کو اپنے نور احدیت و وحدانیت سے روشن کر۔ آمین بحق سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ خیر خلقہ محمد وآلہ واصحبہ اجمعین برحمتك یاارحم الراحمین۔

برائے نورانیت قلب

یہ عمل کشف قبور اور کشف قلوب کے لئے بہت مجرب ہے اول دو رکعت نفل ادا کریں پھر یَاجَمِیْلُ تَجَمَّلْتَهُ لِجَمَالِ وَالْجَمَالُ فِیْ جَمَالِ جَمَالِكَ یَاجَمِیْلُ ۳۳۲ بار پھر ۷۰ بار یہ دعا پڑھیں۔ اِلٰی قَلْبِیْ مَحْجُوْبٌ، وَ نَفْسِیْ مَعْیُوْبٌ، وَ عَقْلِیْ مَغْلُوْبٌ، وَ طَاعَتِیْ قَلِیْلٌ، وَ مَعْصِیَتِیْ كَثِیْرٌ، فَكَیْفَ حِیْلَتِیْ یَاسَتَّارَ الْعُیُوْبِ اِغْفِرْ ذُنُوْبِیْ كُلَّهَا یَاغَفَّارُ یَاسَتَّارُ بِرَحْمَتِكَ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔ آخر درود شریف ۱۱ بار۔

درود کشف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الْاَنْوَارِ وَالْاَسْرَارِ وَكَاشِفِ الْاَسْتَارِ وَكَاشِفِ الْاَسْرَارِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَانُوْرَ الْاَنْوَارِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا مَعْدِنَ الْاَسْرَارِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَاكَاشِفَ الْاَسْتَارِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا كَاشِفَ الْاَسْرَارِ اِكْشِفْ عَیْنِیْ اِكْشِفْ قَلْبِیْ اِكْشِفْ صَدْرِیْ یَاكَاشِفَ الْاَسْرَارِ یَا رَسُوْلَ اللهِ خُذْ بِیَدِیْ اَعِیْنُوْنِیْ اَغِیْثُوْنِیْ یَاصَادِقُ صِدْقٌ قَوْلُكَ مَنْ عُسِرَتْ عَلَیْهِ حَاجَةٌ فَلْیُكْثِرْ بِالصَّلٰوةِ عَلَیَّ فَاِنَّهَا تَكْشِفُ الْهُمُوْمَ وَالْغُمُوْمَ وَالْكُرَبَ وَتُكْثِرُ الْاَرْزَاقَ وَتَقْضِی الْحَوَائِجَ یَاقَاضِیَ الْحَاجَاتِ وَصَلَّی اللهُ تَعَالٰی عَلَیْكَ وَعَلَیْهِمْ اَجْمَعِیْنَ۔ جب سونے کا قصد ہو ۱۱ یا ۱۱۱ بار پڑھیں۔

امام غزالی رحمہ اللہ کے دشمن سے متعلق مجرب اعمال

حجۃ الاسلام امام ابوحامد محمد الغزالی رحمہ اللہ

دشمن کی تباہی کیلئے

دشمن کی تباہی اور خرابی لے لئے محرم کے اول ہفتہ کے روز آفتاب نکلنے سے قبل سات جگہوں سے ایک ایک مٹھی خاک لے مسجد غیر آباد، بقعہ غیر آباد، مکان خالی، حمام غیر آباد، بھٹہ غیر آباد، جس مکان میں جنازہ ہو، چوراہ اور ہر مٹھی پر سات سات مرتبہ یہ آیتیں پڑھے اور اپنے مطلب کا تصور رکھے پھر سب خاکیں ملا کر اس باغ یا شہر میں ڈال دے، سات ہفتہ تک اسی طرح کرے، اذن شرع کی یہاں بھی اجازت ہے۔

وَّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۝ مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ وَّلَا لِاٰبَآئِهِمْ ۚ كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ۚ اِنْ يَّقُوْلُوْنَ اِلَّا كَذِبًا ۝ فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَسَفًا ۝ اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْاَرْضِ زِيْنَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ اَيُّهُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ۝ وَاِنَّا لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا صَعِيْدًا جُرُزًا ۝ (سورۃ الکہف)

موذی تکلیف دہ دشمن کو ہلاک کرنے کیلئے

جو شخص دشمن موذی کو تباہ کرنا چاہے، پنج شنبہ اور جمعہ کو روزہ رکھے، جب شنبہ کی نصف ہو ایک پرانی کنگھی پر جو گھوڑے پر سے اٹھائی گئی ہو اس آیت کو لکھے اور کسی راہب کے کرتہ کپڑے میں لپیٹ کر اس شخص کے رہنے کی جگہ دفن کر دے۔

قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗٓ اَكَفَرْتَ بِالَّذِيْ خَلَقَكَ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ سَوّٰىكَ رَجُلًا ۝ لٰكِنَّا۠ هُوَ اللّٰهُ رَبِّيْ وَلَآ اُشْرِكُ بِرَبِّيْٓ اَحَدًا ۝ (سورۃ الکہف)

چور، دشمن اور جنات سے حفاظت کیلئے

اس کو پڑھنے سے کشتی سب آفات سے محفوظ رہتی ہے نیز گھر میں پڑھنے سے چور اور دشمن اور جن وغیرہ سے حفاظت رہتی ہے۔

فَاِذَا اسْتَوَيْتَ اَنْتَ وَمَنْ مَّعَكَ عَلَى الْفُلْكِ فَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ نَجّٰىنَا مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَقُلْ رَّبِّ اَنْزِلْنِيْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ۝ (سورۃ المومنون)

ظالم دشمن کو مغلوب کرنے کیلئے

دشمن ظالم پر دہشت وہیبت وحیرت غالب کرنے کے لئے اس کے کپڑے پر یہ آیتیں لکھ کر اپنے پاس رکھے مگر بلا طریق مشروع اس کا کپڑا لینا جائز نہیں بلکہ ایسی تدبیر کرے کہ وہ شخص اس کو اپنا کپڑا دے دے اور اگر وہ تم کو خوشی سے دے دے یا اسی طرح خرید لیا جاوے۔

كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلَا يَسْتَخِفَّنَّكَ الَّذِيْنَ لَا يُوْقِنُوْنَ ۝ (سورۃ الروم)

دشمن پر غلبہ کیلئے

اگر ڈھال پر لکھ کر اعدائے دین کا مقابلہ کرے تو غالب آوے۔ رات کو لیٹ کر پڑھنے سے چور اور مفسد سے محفوظ رہے۔ اگر دو شخص جھگڑا کرتے ہوں اس وقت پڑھنے سے جو ناحق پر ہے وہ بنا کسی جھگڑے کے مغلوب ہو جاوے۔

اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ۝ وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ۝ (سورۃ یٰسین)

سورۂ نبا کے عامل بنیں

حضرت مولانا حسن الہاشمی مدظلہ (دیوبند)

اس سورۃ کا عامل لوگوں کی نظروں میں مکرم اور باوقار رہوتا ہے۔ اس سورۃ کے عامل بننے کا طریقہ یہ ہے کہ دس دن کا اعتکاف کیا جائے اور دس روزے رکھے جائیں اور اس دوران پرہیز جلالی کا اہتمام کریں اور ۱۴۱ مرتبہ اس سورۃ کی تلاوت نماز فجر کے بعد سے نماز ظہر تک کرے پھر نماز ظہر کے بعد نماز عصر تک لاتعداد مرتبہ اس سورۃ کی یہ آیت پڑھے۔

يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا، لَا يَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا

عامل کو چاہئے کہ صبح اور شام کے اس عمل کے بعد عرق گلاب پر دم کرتا رہے۔ دس دن کے بعد اس عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سورۃ کو لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ ان شاء اللہ اس سورۃ کا عامل بن جائے گا اور دنیا والے عامل کے قدموں میں اپنے دل رکھنے پر مجبور ہوں گے۔ بڑے بڑے لوگ اس عامل کی عزت وتوقیر کرنے لگیں گے اور اس عامل کا وقار دن بہ دن بڑھتا رہے گا۔ اس عمل کے بعد عامل کے لئے ضروری ہے کہ وہ اس سورۃ کی تلاوت تمام عمر نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد ایک مرتبہ کرتا رہے۔ سورۂ نبا کا عامل جس چیز کو مسخر کرنے کی کوشش کرے گا اس کو زبردست کامیابی ملے گی۔ اہل دنیا اس عامل کے قدموں میں اپنا سب کچھ رکھ دے گی اور اس عامل کے تمام بدخواہ اور دشمن مغلوب ہوں گے، ان کی زبان کند ہو جائے گی اور وہ ایک حرف ناروا اس عامل کے خلاف اپنی زبان سے نہ نکال سکیں گے۔ نیز اس عامل میں ایک خوبی اور بھی پیدا ہو جائے گی، وہ یہ کہ اس کے ہاتھوں میں شفاء کی دولت مقید ہو جائے گی۔ یہ عامل جس کے سر پر اپنا ہاتھ رکھ کر دعا کردے گا وہ بیماری سے نجات پالے گا۔ سورۂ نبا کا عامل اگر دور بیٹھ کر بھی فون وغیرہ کے ذریعہ سورۂ نبا کی ابتدائی ۳ آیات پڑھ کر مریض پر دم کردے گا تو مریض باذن اللہ صحت یاب ہو جائے گا۔ سورۂ نبا کے عامل کی روحانی قوتیں دن بہ دن بڑھتی رہیں گی اور اس کی مقبولیت مثل آفتاب کے ہر طرف پھیل جائے گی۔

> **اس سورہ کے عامل کے چند خاص فائدے:**
> دنیا والے عامل کے قدموں میں اپنے دل رکھنے پر مجبور ہوں گے۔ بڑے بڑے لوگ اس عامل کی عزت وتوقیر کرنے لگیں لگے اور اس عامل کا وقار دن بہ دن بڑھتا رہے گا۔

سورۂ نبا کا عامل بننے کے لئے مذکورہ عمل کی شروعات نوچندی جمعرات سے کریں اور دس دن تک روزے بھی رکھیں اور دس دن تک اعتکاف بھی کریں۔ بہتر ہے کہ اعتکاف کسی تنہائی کے مقام پر کریں۔ مسجد میں نہ کریں، اگر اپنے گھر میں کوئی الگ تھلگ کمرہ ہو تو اس کمرے میں کریں اور دس دن تک پرہیز جلالی بھی کریں۔

بقیہ: حضرت موسیٰ اور ایک گڈریا

ملت عشق از ہمہ دیں جدا است
عاشقاں را مذہب وملت خدا است

عشق کا مذہب تمام دینوں سے جدا ہے۔ عاشقوں کا مذہب وملت صرف خدا ہے۔

حضرت موسیٰ نے بارگاہ خداوندی سے یہ عتاب سنا تو بیتاب ہو کر اس گڈریے کی تلاش میں سرگرداں ہو گئے۔ بڑی مشکلوں سے اسے ڈھونڈا اور فرمایا بھائی مبارک ہو، تجھے اجازت مل گئی۔ جس طرح چاہے اپنے خالق سے باتیں کر۔ گڈریے (بھیڑ، بکری چلانے والا) نے کہا: اے موسیٰ اب میں اس مقام سے گزر گیا ہوں۔ اب تو میں اپنے دل کے خون میں لتھڑا ہوا ہوں اور سدرۃ المنتہیٰ سے بھی آگے لاکھوں برس کا فاصلہ طے کر گیا ہوں، اب میرا حال بیان سے باہر ہے۔ حاصل کلام یہ کہ اللہ تعالیٰ باطن کو دیکھتا ہے۔ ظاہر کو نہیں۔

برے اور پریشان خوابوں سے نجات کے مجرب اعمال

فقیر حکیم حافظ جمیل احمد جمیل عامل سکندر پوری رحمہ اللہ

برائے دفع خواب

اس نقش کو لکھ کر گلے میں باندھیں، ان شاء اللہ ہر قسم کے خواب بند ہوں گے۔

۷۸۶

۲۴۶	۲۶۰	۲۵۷	۲۵۴
۲۵۸	۲۵۳	۲۴۷	۲۵۹
۲۵۲	۲۵۵	۲۶۲	۲۴۸
۲۶۱	۲۴۹	۲۵۱	۲۵۶

برائے دفع بدخوابی

اس نقش کو لکھ کر موم جامہ کر کے کالے کپڑے میں سی کر گلے میں باندھے، ان شاء اللہ ہر قسم کے خواب بند ہوں گے۔

نقش یہ ہے:

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۝ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝		
۳۳۷	۳۳۰	۳۳۵
۳۳۲	۳۳۴	۳۳۶
۳۳۳	۳۳۸	۳۳۱

دیگر برائے دفع بدخوابی

اس نقش کو لکھ کر، جس کو ڈراؤنے خواب آتے ہوں، اس کے گلے میں باندھے، ان شاء اللہ بدخوابی کیسی ہی ہو، دور ہوگی۔

۷۸۶

یا اللہ یا اللہ یا رب یا رب	یا اللہ یا اللہ یا رب یا رب
یا اللہ یا اللہ یا رب یا رب	یا اللہ یا اللہ یا رب یا رب

برائے دفع بدخوابی

۷۸۶

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

دیگر برائے دفع بدخوابی

اگر کسی صورت خواب بند نہ ہوتے ہوں اور انواع واقسام کے ڈراؤنے خواب بدستور ستاتے ہوں تو اس نقش کو لکھ کر چارپائی میں سرہانے کی طرف باندھے۔ ان شاء اللہ ہر قسم کے خواب بند ہوں گے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ث ث ث ث ث ث ث ث ث ث

ث ث ث ث ث ث ث ث ث ث

ث ث ث ث ث ث ث ث ث ث

ث ث ث ث ث ث ث ث ث ث

ث ث ث ث ث ث ث ث ث ث

ث ث ث ث ث ث ث ث ث ث

دیگر برائے دفع بدخوابی

اس عزیمت کو لکھ کر گلے میں باندھے۔ وہ عزیمت یہ ہے:

بِحَقِّ يَا بُدُّوْحُ يَا فَتَّاحُ يَا مُحَمَّدُ يَا عَلِيُّ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

ماہ ستمبر ۲۰۱۹ء کے لیے روحانی علاج گاہ کی درج ذیل روحانی خدمات مفت حاصل کریں۔

ہر طرح کی حفاظت کے لیے

حفاظت کی خاص قرآنی آیات اور سورتوں پر مشتمل تعویذ جس پر اکابرین امت کا بہت اعتماد ہے۔ ایک عرصہ سے بزرگان دین اس کا فیض بانٹ رہے ہیں۔ سحر، جنات، شیاطین، نظر بد، چوری، دشمن، حادثات و بلیات سے حفاظت ہوگی، ان شاءاللہ۔

ہر جائز مقصد کے لیے

حضور غوث الاعظم پیران پیر حضرت عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ کا فیض۔ ہر جائز مقصد کے حصول اور جملہ مقاصد میں کامیابی کے لیے خاص تعویذ حاصل کریں۔

ہر طرح کی پریشانی کا حل

پریشانی چاہے کسی بھی طرح کی ہو، دنیاوی ہو یا روحانی ہو، اس سے نجات کے لیے خاص تعویذ حاصل کریں۔

پناہ کا خاص نورانی تعویذ

یہ ایک خاص نورانی تعویذ ہے جو ہر طرح کی پناہ حاصل کرنے کے لیے بہت مجرب ہے۔ مختصراً پناہ کی تفصیل یہ ہے:

کم ہمتی، سستی، بزدلی، قرض، محتاجی، سخت دلی، تنگدستی، ذلت وخواری، کفر، فسق، ضد بہرے ہونے، گونگے ہونے، جنون، جذام، بری بیماریوں، غم، لوگوں کے پیسے دبالینا، بدبختی، بری تقدیر، دشمن، ڈوبنے، جلنے، ناپسندیدہ اخلاق اور اعمال، نفسانی خواہشات، برا پڑوسی، خیانت، برے دن اور بری رات، برے ساتھی، برے اخلاق، شیطان اور اس کے لشکر، شرک، گمراہی، ظلم، جہالت، ظلمت، مکاری، نفرت، عورتوں کا فتنہ، رسوائی، فقر وفاقہ، بددعا، قطع رحمی، نقصان دہ حیوان ہر قسم، ایسی عورت سے جو بڑھاپے سے پہلے بوڑھا کردے، ایسی اولاد جو وبال بن جائے، ایسا مال جس کی وجہ سے عذاب ہو، ناگہانی موت، سانپ کے کاٹنے وغیرہ۔

دشمن کو مغلوب کرنا

ایسا دشمن جس نے جینا حرام کردیا ہو، جس سے جان ومال وعزت محفوظ نہ ہو، مسلسل جادو کررہا ہو یا کروا رہا ہو، مسلسل سازشیں کررہا ہو اور نقصان پہنچا رہا ہو ......ایسے دشمن سے نجات کے لیے خاص تعویذ حاصل کریں۔

حب زوجین

شوہر بیوی کی محبت میں کسی بھی وجہ سے کمی ہو یا لڑائی جھگڑے ہو رہے ہوں اور محبت نفرت میں بدلتی جارہی ہو تو آپس میں محبت کے لیے خاص تعویذ حاصل کریں۔

رشتہ طے ہو جائے

ایسی لڑکے اور لڑکیاں، جن کی شادی کی عمر ہوچکی ہے مگر رشتہ طے نہ ہو رہا ہو، کسی قسم کی بندش بھی نہ ہو تو ان کے لیے شادی کا خاص تعویذ حاصل کریں۔

ہر مرض کے لیے

اگر کوئی مستقل بیمار رہتا ہو، وجہ جادو جنات یا کچھ بھی ہو یا مختلف قسم کی بیماریاں ہوں تو خاص تعویذات منگوائیں۔ ان شاءاللہ، ان تعویذات کے استعمال سے بہت جلد بہتری آجائے گی۔

نوٹ تعویذات کی تعداد محدود ہوتی ہے۔ یہ تمام روحانی خدمات صرف ستمبر ۲۰۱۹ء کے لیے ہیں۔ رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن پر کر کے علاج منگوایا جاسکتا ہے۔ ایک فرد کے لیے ایک کوپن۔ نامکمل کوپن بھیجنے والوں سے معذرت۔

تسخیر بدھو سدھو

مولانا علی آفاق (مدیر خزینۂ روحانیت)

بدھو اور سدھو دو بھائی ہیں۔ آسیبی مخلوق ہیں مگر بہت کام کے ہیں۔ کام بہت تیز کرتے ہیں۔ شرارتی ہیں اس لیے عامل کو بھی نہیں چھوڑتے۔ ان کو وہی عامل سنبھال سکتا ہے، جو اس طرح کی مخلوق سے کام لینے کا تجربہ رکھتا ہو۔ عمل تو کئی لوگ کر لیتے ہیں مگر آگے سنبھال نہیں پاتے۔ سنبھالنے کے گر تو بتانے والے نہیں ہوتے، وہ گر جاننا جس کی قسمت میں ہوگا، وہ آئے گا اور گر اس کو بتا دیے جائیں گے، بشرطیکہ اس کو ہماری روحانی اجازت مل جائے۔

اس عمل کو رسالے میں دینے کا مقصد یہ ہے کہ لوگوں کو علم ہو کہ بدھو سدھو کا عمل کیسے کیا جاتا ہے اور جو ہمت والے ہوں، ان کی توجہ ہو۔ اگر کرنے کی ہمت کریں تو کسی طاقتور عامل کی نگرانی میں کریں۔ اگر پیر و مرشد مضبوط ہیں تو ان سے اجازت لے کر ان کی نگرانی میں کریں۔ اگر ہمارے ادارے سے اجازت لینا چاہیں تو عرض ہے کہ اس عمل کی ہر کسی کو اجازت نہیں دی جاتی۔ اس کے لیے مجھ سے ہی رابطہ کیا جائے۔ روحانی اجازت ہونے پر ہی اپنی نگرانی میں یہ عمل کروایا جائے گا۔ اس عمل کی فیس بھی لی جاتی ہے اور وہ ہر عامل کے لحاظ سے مختلف ہوتی ہے۔

طریقہ عمل

جگہ: یہ عمل آبادی سے دور کیا جاتا ہے۔ اگر کوئی ویرانہ ہو یا جنگل ہو تو بہت بہتر ہے۔ ورنہ آبادی سے دور ویرانے میں کوئی مزار ہو تو بھی یہ عمل کیا جا سکتا ہے۔ البتہ قبرستان میں یہ عمل نہیں کرنا۔

آغاز: یہ عمل منگل کے روز شروع کریں۔ نوچندی شرط نہیں مگر بہتر ہے کہ نوچندی منگل کو ہی کیا جائے۔

وقت: رات ایک بجے اس عمل کو شروع کریں۔ روزانہ وقت سے پہلے اپنی جگہ پر پہنچ جائیں۔ راستے میں کئی بار بہت رکاوٹیں آتی ہیں اور وقت پر نہیں پہنچنے دیا جاتا۔ الحمدللہ، ہمارے سلسلے میں اس میں آسانی ہوتی ہے اور زیادہ رکاوٹیں نہیں آتی۔

حصار: اس عمل میں بدنی حصار کے ساتھ ساتھ لوہے کی چھری سے سات کڑے لگائے جاتے ہیں۔ یعنی لوہے کی چھری پر سات طرح کا حصار پڑھ کر سات دائرے لگائے جاتے ہیں۔ آپ جس حصار کے عامل ہوں، اسی حصار کو پڑھ کر چھری پر دم کر کے کڑا لگائیں۔ پھر دوسرا حصار پڑھ کر دم کر کے دوسرا کڑا لگائیں۔ سات نہ ہوں تو کم از کم تین کڑے لازمی لگائے جائیں۔ حصار مکمل کر کے چھری کو بالکل سامنے گاڑ دیں۔ عمل ختم کر کے حصار کاٹ کر نکلنا ہے، خاص خیال رکھیں۔

عمل:

منہ کو باندھ جبرائیل
تن کو باندھ اسرائیل
رزق کو باندھ میکائیل
اللہ محمدؐ کی کمان
جو نہ منّے میری آن
اوہنوں چین غضب دے بان
لَا اِلٰہَ اَلَیْسَ
اِلَّا اللہ وَلَیْسَ
یَاحَقُّ یَابُدُّوح یَافَتَّاح
پھرے منتر چلے واچ
ویکھاں بدھو سدھو
تیرے علم کا تماشہ

تعداد: روزانہ تین سو (۳۰۰) مرتبہ پڑھنا ہے۔

مدت: اکتالیس (۴۱) روز۔

پرہیز: ترک گوشت ہر قسم (انڈا بھی شامل ہے)، کھانے کی بدبودار اشیاء جیسے پیاز، لہسن وغیرہ، ترک جمالی۔

نوٹ: مزید معلومات جو اجازت لیں گے، صرف انہیں ہی بتائی جائیں گی۔ جو عمل نہیں کر سکتے، وہ رابطہ کر کے وقت ضائع نہ کریں۔

حاضرات کی دنیا

قیصر احمد بی اے (کراچی)

حاضرات خود بینی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۔ اللھم صل علی سیدنا ومولانا محمد وآلہ واصحابہ وبارک وسلم

یہ درود شریف روزانہ پندرہ سو (۱۵۰۰) بار ایک ہفتہ تک پڑھیں، زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔

اب جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی صاف آئینہ پر نظر جما کر درود شریف صرف 21 مرتبہ پڑھ کر آئینہ پر دم کریں۔ ان شاء اللہ حاضرات کا نزول ہوگا۔ آپ کا جو مقصد ہوگا وہ صاف واضح آئینہ میں نظر آئے گا۔ اس حاضرات کو آپ کئی طریقوں سے کر سکتے ہیں۔ مثلاً انڈہ، پانی، آئینہ، ہاتھ کی ہتھیلی، ناخن پر۔

حاضرات کے ذریعے جادوئی اشیاء نکالنا اور جادو کرنے والے کا نام اور پتہ معلوم کرنا ایک مجرب اور مستعمل عمل

اس نایاب عمل کے ذریعے عامل جادوئی اشیاء اور جادو کرنے والے کا نام و پتہ وحلیہ معلوم کر سکتا ہے اور سب کو دکھا کر حیرت میں ڈال سکتا ہے۔ عامل مریض سے کہے کہ وہ خود مرغی کا انڈہ لائے۔ انڈہ پر گیارہ مرتبہ عمل پڑھ کر دم کرے پھر اس انڈہ کو توڑ دے، انڈہ میں سے جادوئی اشیاء نکلیں گی۔ عمل کو مریض کی قمیض پر 21 مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور پھر قمیض کو جھاڑیں تو تمام جادوئی اشیاء جھڑنا شروع ہو جائیں گی، عجیب وغریب ونایاب عمل ہے۔

طریقہ: اتوار کا دن گزار کر جو رات آئے پاک وصاف جگہ پر باوضو بیٹھ کر اگر بتی سلگا کر جگہ کو خوشبو سے معطر کریں۔ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں، عمل کو گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ روزانہ بعد نماز عشاء 40 یوم پڑھیں عمل یہ ہے: یَا بُدُّوْحُ

عمل کو ہمیشہ قابو میں رکھنے کیلئے روزانہ 20 مرتبہ پڑھ لیا کریں تاکہ عمل قبضہ میں رہے۔

حاضرات ابوالقاسم جن

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ایک مرتبہ

عمل: اِنَّهٗ مِنۡ سُلَيۡمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

طریقہ: پہلے سورۂ فاتحہ ایک مرتبہ

دوئم: اول وآخر درود ابراہیمی سات مرتبہ

سوئم: آیت الکرسی ایک مرتبہ

مذکورہ بالا عمل سات سو مرتبہ اسی طرح ترتیب سے ورد میں رکھیں، باوضو پڑھیں ۴۱ یوم۔ ہر طرح کے گناہوں سے بچنے کی کوشش کریں، جگہ پاک وصاف ہو، لباس سفید ہو، خوشبو لگائیں اور اگر بتی وغیرہ سلگائیں۔

حصار کی ضرورت نہیں، قبلہ رخ ہو کر عمل پڑھیں۔

پرہیز: گوشت، انڈہ، مچھلی، دودھ، حقہ، سگریٹ، تمباکو وغیرہ سے پرہیز کریں۔ اس جن کا نام ابوالقاسم ہے جو کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کا تخت اٹھایا کرتا تھا۔ ۴۱ روز تک بلا ناغہ جگہ اور وقت کی پابندی کا خیال کریں۔ آخری روز قول وقرار کرلیں۔ شرائط سوچ سمجھ کر کریں۔

مفت روحانی حاضرات اور لنگر فیس اعمال منگوانے والوں سے گزارش

مورخہ 4 مئی 2019 سے محکمہ ڈاک نے ڈاک کے نرخ بڑھا دیے ہیں۔ عام خط کا ڈاک خرچ 20 روپے اور رجسٹری خط کا ڈاک خرچ 50 روپے ہو گیا ہے۔ ازراہ کرم جوابی خط ارسال کرتے ہوئے مطلوبہ ٹکٹ لگا کر بھیجیں۔ بصورت دیگر آپ کو sms کیا جائے گا کہ اتنی رقم کا لوڈ کروائیں۔ آپ کے رابطہ نہ کرنے کی صورت میں خط کا جواب دینے سے ادارہ معذرت خواہ ہو گا۔ (ادارہ)

تسخیرِ جنات

غلام قادر بلوچ (کراچی)

تسخیر اجنہ (نادرونایاب عمل)

بلاتمہید ایک نادرونایاب عمل پیش خدمت ہے۔

ترکیب: (۱) عروج ماہ نوچندی جمعرات سے یہ عمل شروع کریں۔ (۲) لباس سفید ہو جو مخصوص عمل کے لئے تیار کیا گیا ہو۔ (۳) تقویٰ وطہارت کا پورا پورا خیال رکھیں۔ (۴) نمازیں پانچوں وقت کی پابندی سے پڑھیں۔ (۵) دوران عمل پرہیز جلالی وجمالی رکھے۔ (۶) عمل کا ذکر کسی سے نہ کریں البتہ جس سے اجازت لے، اس سے رابطہ ضرور رکھے۔ (۷) عمل کیلئے سمندر یا دریا کے کنارے کسی ایسی جگہ کا انتخاب کرے جہاں عام لوگوں کی آمد ورفت نہ ہو۔ (۸) راستے میں آتے جاتے وقت کسی سے کلام نہ کریں۔ (۹) یہ عمل طلوع آفتاب اور غروب آفتاب کے وقت کیا جاتا ہے۔ طلوع آفتاب کے وقت (۲۰۷) بار اور غروب آفتاب کے وقت (۴۰۷) بار پڑھنا ہے، تعداد میں کمی بیشی نہ کریں۔ (۱۰) عمل پوری توجہ اور یکسوئی قلب سے آہستہ آہستہ پڑھیں۔ (۱۱) بخور عود اور صندل جلائیں۔ (۱۲) حصار آیت الکرسی گیارہ بار پڑھ کر شہادت کی انگلی پر دم کر کے اپنے اردگرد گول دائرہ کھینچ لیں۔ (۱۳) حصار قائم کر کے درج ذیل عمل پڑھیں اور اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ سبحانك یا کوثیا سبحانك یالوثیا سبحانك سخرلنا الجن وتوابعھم بحق حقك یاسبحان

خدمۃ الجن

مصر کے عبدالفتاح السید الطوخی کا عمل ہے جسے انہوں نے اپنی کتاب ''تسخیر الشیاطین فی وصال العاشقین'' میں بیان کیا ہے، جنات تابع کرنے کے خواہش مند حضرات کے لئے ایک نادر روزگار عمل ہے۔

ترکیب: طہارت ظاہری وباطنی کے ساتھ اکیس یوم روزہ رکھیں۔ عمل کا آغاز عروج ماہ اتوار کی شب سے کریں۔ دوران چلہ صوم وصلوٰۃ کی پابندی بے حد ضروری ہے۔ عمل خالی مکان میں کرے جہاں سوائے عامل کے اور کوئی شخص موجود نہ ہو۔ قبل ازعمل اپنا حصار ضرور کرلیں تاکہ کسی قسم کا نقصان یا رجعت کا اندیشہ نہ ہو۔ بخور مصطکی میعہ سائلہ، السودان سلگائیں۔

عمل یہ ہے: سورۃ الشمس پانچ سو (۵۰۰) بار پڑھیں اور سینکڑے پر ذیل عزیمت تین بار پڑھ لیا کریں۔

یا بردیوش اقبل بحق شمات شمات وفود وصرھوش ویانوخ اقبس یاخدام السورۃ الشمس المبارکۃ وافعل ما امرىك بہ من جلب الدراھم وجلب النساء والتمریض واخلاء الدیار بحق علم ماکان ومایکون۔

اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف ضرور پڑھیں۔ مدت عمل اکیس یوم ہے۔ اختتام چلہ ایک خوبصورت جن حاضر خدمت ہوگا جس کے ہاتھ میں تلوار ہوگی جو ایک خاتم نحاس کی دے گا جس پر سریانی زبان میں اسم اللہ اعظم تحریر ہوگا۔ عامل کو چاہئے کہ انہیں حضرت سلیمان علیہ السلام کی قسم دے کرتابعداری کا عہد لیں۔ بعدازاں عامل جو حکم کرے گا چشم زدن میں بجالائے گا۔

بقیہ: کرشماتِ جفر

رکھ کر ہر خانہ میں ۲۰ کا اضافہ کریں گے۔ نقش میں کسر آرہی ہے۔ اس لئے ۵ ویں خانہ میں ۲۰ کے بجائے ۲۱ کا اضافہ کریں۔ نقش اس طرح بنے گا۔

قولہ ۷۸۶ الحق

۱۲۵۳۰۵	۱۲۵۶۶۶	۱۲۵۶۰۲	۱۲۵۵۳۶
۱۲۵۶۳۶	۱۲۵۵۳۶	۱۲۵۳۳۵	۱۲۵۶۳۶
۱۲۵۵۰۶	۱۲۵۵۶۶	۱۲۵۷۰۶	۱۲۵۳۳۵
۱۲۵۶۸۶	۱۲۵۳۶۵	۱۲۵۳۸۶	۱۲۵۵۸۶

الملك وکفیٰ باللہ شھیدا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولہ

دو نقش تیار کریں، ایک گھر میں لٹکادیں اور ایک اپنے بازو پر باندھیں۔ دونوں نقش ہرے کپڑے میں پیک ہوں۔

کرشمات جفر

حضرت مولانا حسن الہاشمی مدظلہ (دیوبند)

مقدمات میں کامیابی، ترقی، رزق، محبت و تسخیر، فتوحات اور مقبولیت عامہ کے لئے ایک نادر تحفہ

مقدمات میں کامیابی، رزق کی فراوانی، روزی میں برکت، آمدنی میں زبردست اضافہ، باہمی تعلقات میں پختگی، کاروبار میں استحکام، لوگوں میں مقبولیت ومحبوبیت اور فتوحات عامہ کے لئے ایک ایسا طریقہ اپنے قارئین کے لئے پیش کیا جارہا ہے جو تجربات کی کسوٹی پر کھرا اترتا ہے اور جس پر عمل کرنے کے بعد حیرت انگیز نتائج برآمد ہوتے ہیں۔ یہ طریقہ پوشیدہ اور مخفی خزانوں کا ایک حصہ ہے۔ جسے افادیت عامہ کے لئے پیش کیا جارہا ہے۔ اس مضمون کو پوری توجہ اور یکسوئی کے ساتھ پڑھیں تاکہ استخارہ کرتے وقت کوئی بھول چوک نہ ہوجائے۔ طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے طالب اپنے نام اور والدہ کے نام کے اعداد برآمد کرے۔ مثلاً طالب کا نام رئیس احمد اور ماں کا نام عارفہ بانو ہے۔ رئیس احمد کے اعداد ۳۲۴ اور عارفہ بانو کے اعداد ۴۱۵ ہیں۔ دونوں کے مجموعی اعداد ۷۳۹ ہیں، چونکہ رئیس احمد کے نام کا پہلا حرف ر ہے۔ لہٰذا قرآن حکیم میں حرف جتنی بار استعمال ہوا ہے اس کو ۲ سے ضرب دے کر جو اعداد برآمد ہوں گے ان کو شامل کریں گے۔ اس کے بعد قرآن حکیم میں جن سورتوں کے نام کا پہلا حرف ر ہے۔ ان سب سورتوں کے اعداد بھی شامل کریں گے۔ پھر حرف ر سے جو اسماء الٰہی شروع ہوتے ہیں ان کے کل اعداد بھی شامل کرلیں گے، اس کے بعد مجموعی اعداد میں سے ۶۰۰ وضع کرکے خارج قسمت کو نقش کے پہلے خانہ میں رکھ کر ہر خانہ میں ۲۰ کا اضافہ کرتے رہیں گے۔ مذکورہ مثال کی تفصیل یہ ہے۔

طالب کے اعداد مع والدہ ۷۳۹

قرآن حکیم میں حرف ر کی کل تعداد ۲ سے ضرب دے کر ۲۳۵۸۶ ہوئی قرآن کی ان سورتوں کے اعداد جن کے نام حرف ر سے شروع ہوئے

سورۂ رعد۔ اعداد	۲۳۳۳۶۹
سورۂ روم۔ اعداد	۲۶۹۹۷۷
سورۂ رحمن۔ اعداد	۱۳۱۳۱۴

وہ اسماء الٰہی جن کے شروع میں حرف ر ہے۔

اسم الٰہی یارحیم، اعداد	۲۵۸
اسم الٰہی یارؤف، اعداد	۲۸۶
اسم الٰہی یارحمن، اعداد	۲۹۸
اسم الٰہی یارزاق، اعداد	۳۰۸
اسم الٰہی یارافع، اعداد	۳۵۱
اسم الٰہی یارشید، اعداد	۵۱۴
مجموعی اعداد	۶۶۲۲۲۳
	۶۰۰

ان اعداد میں سے ۶۰۰ وضع کئے۔

پھر ۴ سے تقسیم کیا۔

۱۲۵۴۰۵
۴/۶۶۱۶۲۳
۴
۲۶
۲۴
۲۱
۲۰
۱۶
۱۶
x۲۳
۲۰
۳

خارج قسمت ۱۲۵۴۰۵ ہے۔ ان اعداد کو پہلے خانہ میں (بقیہ ص 23)

آپ کے مسائل اور ان کا روحانی حل

خادم مقبول حفظہ اللہ (سرپرست دار العمل چشتیہ)

نوکری نہیں مل رہی

سوال میں پہلے ایک کمپنی میں کمیشن پر کام کرتا تھا۔ بہت پیسے کمائے۔ پھر اچانک کیا ہوا کہ میرا سارا کام بند ہوگیا۔ جن جن کو میں نے کام سکھایا، وہ مجھ سے آگے چلے گئے۔ آخر کار مجھے کام چھوڑنا پڑا۔ جس کلائنٹ سے رابطہ کرتا، وہ راضی ہی نہیں ہوتا تھا۔ باہر کی بھی بہت کوشش کی۔ بہت امید تھی کہ کام ہوجائے گا مگر کام نہیں ہوا۔ مہربانی فرما کر رہنمائی فرمائیں۔ میں بہت زیادہ پریشان ہوگیا ہوں۔ انہی وجہ سے میری بیوی نے علیحدگی اختیار کرلی ہے اور اب طلاق مکمل ہوچکی ہے۔ (ج، لاہور)

جواب آپ پر پہلے اثرات کا معاملہ تھا۔ آپ نے روحانی علاج کروایا جس کی وجہ سے اب اثرات کا کوئی معاملہ نہیں ہے۔ جو ہونا تھا، وہ ہوگیا۔ ایک خاص وظیفہ دے رہا ہوں۔ یہ ہمارے سلسلے کا ہے اور بہت مجرب ہے۔ خاص اجازت دے رہا ہوں۔ اس کے پیچھے غیبی مخلوق بھی ہے جو خاص اجازت سے پڑھنے والے کی غیبی معاونت کرتی ہے۔

دورد شریف	گیارہ مرتبہ
سورۃ فاتحہ	گیارہ مرتبہ
آیت الکرسی	گیارہ مرتبہ
آیت کریمہ	گیارہ مرتبہ
سورۃ الفلق	گیارہ مرتبہ
سورۃ الناس	گیارہ مرتبہ

اس طرح کہ بسم اللہ پڑھ کر قل اعوذ برب الفلق شروع کرے اور اذا حسد کے بعد بغیر بسم اللہ پڑھے قل اعوذ برب الناس شروع کردے۔ یعنی دونوں سورتوں کو ملا کر گیارہ مرتبہ پڑھے۔ آخر میں پھر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے۔ دو رکعت صلوٰۃ الحاجت پڑھ کر یہ وظیفہ پڑھنا ہے۔

یہ وظیفہ ہر مسئلہ اور ہر مرض کے لئے مفید ہے۔ لیکن اس میں وقت کا تعین اور پابندی ضروری ہے۔ یہ وظیفہ اکیس روز ایک معین وقت پر پڑھا جائے اور روزانہ ختم کرکے اپنے اللہ سے گڑگڑا کر دعا کی جائے کہ یہ مرض اور یہ مسئلہ جو ہمیں درپیش ہے، اس کو تو اپنے کرم سے حل کردے۔

سوئیاں چبھتی رہتی ہیں

سوال میرا مسئلہ یہ ہے کہ مجھے مختلف وقت میں سوئیاں چبھتی رہتی ہیں۔ خصوصاً انگلیوں میں۔ اس سلسلے میں کافی وظائف اور علاج بھی کیے مگر فائدہ کبھی ہوتا ہے کبھی نہیں ہوتا۔ آپ سے بھی وظائف اور علاج لیے مگر مکمل افاقہ نہیں ہو رہا۔ مہربانی فرما کر میرا علاج فرمادیں۔ (ان، لاہور)

جواب آپ کو پینے اور نہانے کے تعویذ دے رہا ہوں۔ ایک ہفتہ پابندی سے ان کو استعمال کریں اور ایک ہفتہ ہی یہ وظیفہ بھی پڑھیں۔ ان شاء اللہ، بہت حد تک آپ کا معاملہ حل ہوجائے گا۔

وظیفہ پڑھتے وقت صرف اپنی مشکل کی نیت کرنی ہے، کسی اور فرد کی نہیں کرنی۔ وظیفہ یہ ہے: یَا اَللّٰہُ اَنْتَ رَبِّیْ. یَا اَللّٰہُ اَنْتَ حَسْبِیْ.

قبلہ رو ہوکر پہلے پانچ سو مرتبہ کھڑے ہوکر پڑھے۔ پھر سو مرتبہ بیٹھ کر اور پھر سو مرتبہ لیٹ کر۔ پرہیز کچھ نہیں۔ البتہ وقت اور جگہ کی پابندی کرنی چاہیے۔ عمل کے شروع اور آخر میں گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھنا چاہیے۔ عمل ہلکی روشنی میں کرنا چاہیے نہ تیز روشنی میں اور نہ بالکل اندھیرے میں۔ سات دن میں ہی ان شاء اللہ مراد پوری ہوگی اور مشکل حل ہوگی۔

آخری دن یعنی ساتویں دن، عمل یہ پڑھا جائے گا: یَا اَللّٰہُ اَنْتَ رَبِّیْ. یَا اَللّٰہُ اَنْتَ حَسْبِیْ. تَنْصُرُ مَنْ تَشَاءُ وَاَنْتَ الْعَزِیْزُ الرَّحِیْمُ.

ان شاء اللہ، آپ کی مشکل میں سات دن میں واضح کمی ہوگی۔ علاج جاری رکھیے گا۔

جناتی جکڑ کا معاملہ

سوال میرا مسئلہ یہ ہے کہ میرے سر، داڑھی اور جسم کے مختلف حصوں کے بال اڑنا شروع ہوگئے ہیں۔ میں بچپن میں بھی بہت بیمار رہتا تھا۔ تین چار ماہ ہوگئے ہیں اس بیماری کو۔ ہر طرح کا علاج کرلیا مگر کوئی افاقہ نہیں ہو رہا۔ میں شادی شدہ ہوں اور ایک بیٹی ہے۔ شکل بھی خراب ہوگئی ہے اس بال اڑنے کی وجہ سے۔ مہربانی فرما کر بتائیں کہ کیا معاملہ ہے اور میں کیا علاج کروں؟ (محمد آصف، سرگودھا)

جواب آپ پر بچپن سے ہی جناتی جکڑ کا معاملہ ہے۔ کسی طرح کا جادو نہیں ہے۔ آپ ''نظر بد نمبر'' کا رسالہ ویب سائٹ سے ڈاؤنلوڈ کرلیں اور اس کے صفحہ 92-91 پر ''رقیہ نظر و حسد'' ہے، اس کو صبح و شام تین تین بار پڑھیں اور پانی پر دم کریں، اپنے ہاتھوں پر دم کرکے جسم پر سے پھیر لیں۔ گیارہ دن کرکے اطلاع کریں۔

شوہر جنات کے چنگل سے آزاد ہو رہے ہیں

سوال میرا شوہر کا روحانی علاج آپ کے ادارے سے ہو رہا ہے۔ ان کو عموماً خواب نظر نہیں آتے۔ مگر دوران علاج ان کو خواب نظر آیا تھا کہ کھنڈرات ہیں اور وہ وہاں جاتے ہیں اور کچھ عجیب سے بڑے بڑے لوگ ہیں جو میرے شوہر کو گھیر لیتے ہیں۔ اس خواب سے وہ بہت ڈر کر اٹھے تھے اور یہ خواب میں نے آپ کو بتایا تھا۔

علاج کا مزید ایک ہفتہ گذرنے کے بعد انہوں نے پھر ایک خواب دیکھا۔ وہ یہ کہ اس طرح یہ کھنڈرات میں جاتے ہیں، وہاں تین بڑے بڑے آدمی ہیں۔ لیکن وہ میرے شوہر کے پاس نہیں آتے بلکہ بڑی حسرت سے ان کو بلا رہے ہوتے ہیں۔ اور میرے شوہر ان کھنڈرات سے نکل کر باہر آجاتے ہیں۔ اس پر خواب ختم ہوگیا۔ رات تین بجے کا وقت تھا۔ اور اس بار خواب سے اٹھنے پر ان کی پہلے ڈراولی کیفیت کے مقابلے میں بہت کمی تھی۔ معمولی خوف زدہ کہا جاسکتا ہے۔

مہربانی کرکے بتائیں کہ اس خواب کا کیا مطلب ہے اور یہ افراد کون ہیں؟ (مکرمہ، ب)

جواب محترمہ! آپ اللہ ﷻ کا شکر ادا کریں کہ آپ کے شوہر جنات کے چنگل سے آزاد ہو رہے ہیں۔ یہ تین افراد وہی تین جنات ہیں جو سالوں سے آپ کے شوہر پر مسلط ہیں اور ان کی بیماری کا سبب ہیں۔ انہوں نے مکمل پیچھا تو نہیں چھوڑا لیکن اب ان کا آپ کے شوہر پر قابو نہیں ہو پا رہا اور آہستہ آہستہ دوری بڑھ رہی ہے۔

آپ کو جو نہانے، پینے اور جسم پر ملنے کے تعویذ دیے گئے ہیں، ان کو پابندی سے استعمال کریں۔ میں مزید علاج بھجوا دیتا ہوں۔ اب اپنے شوہر کو یہ سمجھائیں کہ جنات سے چھٹکارا مل بھی جائے تو وہ دوبارہ بھی آسکتے ہیں۔ علاج ساری زندگی تو نہیں کرنا ہوتا۔ اس لیے وظائف پڑھنے پر دھیان دیں۔ اور خصوصاً حفاظتی وظائف تا زندگی بہت پابندی سے پڑھیں اور جو حفاظت کے لیے آپ کو اعمال دیے جائیں، ان کی پابندی لازمی اور ہر حال میں کریں۔ تب ہی جا کر مستقل جان چھوٹ جائے گی۔

عمل خاص الخاص برائے زبان بندی دشمنان ومخالفان

صوفی غلام سرور شباب صاحب مدظلہ (حویلی لکھا)

زبان بندی کا یہ عمل جتنا موثر اور تیر بہدف میں نے پایا ہے اس امر کا متقضی تھا کہ اسے ہمیشہ کے لئے اپنے سینہ میں چھپائے رکھوں۔ اور اسے عام نہ کیا جائے۔ آج تک میں نے اس کا اظہار نہ کیا۔ بعض احباب کے شدید تقاضے کی وجہ سے مناسب نہ سمجھا کہ اسے چھپائے رکھوں۔ اگر آپ کا کوئی دشمن ہے یا آپ کے خلاف کوئی مقدمہ ہے یا کسی بدطینت کی بدزبانی اور خلاف ہونے سے یا خلاف گواہی دینے سے آپ کو خطرہ ہے تو یہ عمل آپ کی ان تمام ضرورتوں میں کام دے گا۔ زبان وکلام کو بند کرنا تو درکنار بڑھتا ہوا پانی اور سیلاب اس کے اثر سے روکا جاسکتا ہے۔ گزشتہ 25 سال میں بارہا مرتبہ اس سے کام لیا۔ آج تک ناکامی کا منہ نہیں دیکھا۔ جب بھی کوئی اہم بات ہو تو میں ہمیشہ اس سے ہی کام لیتا ہوں۔ گو یہ عمل ذرا محنت طلب ہے مگر نتیجہ فوری اور حسب منشاء برآمد کرنے میں ایک لاجواب عمل ہے۔

طریقہ عمل: چاند جب ناقص النور میں ہو یا ہبوط قمر یا گرہن سورج یا چاند کوئی بھی ہو۔ یا آخر ماہ قمری میں منگل کے دن ساعتِ مریخ یا بدھ کے دن ساعتِ عطارد یا پھر سوموار کے دن ساعتِ قمر میں یہ نقش سفید کاغذ پر کالی روشنائی سے تنہا جگہ تحریر کریں۔ بخور لوبان یا اگربتی کا روشن کریں۔ اور کامل یکسوئی سے بغیر کسی سے بات کئے کریں۔

بستم بستم زبان وہوش وگوش چشم وفہم وعقل ودل وچھے سو ساٹھ اعضائے بدن (جس کی زبان بندی کرنا ہو اُس کا نام مع والدہ لکھیں) از بد گفتن، بدخواستن، شروفساد کردن، تہمت لگانے وغیبت کردن کے علی (جس کے حق میں زبان بندی کرنا ہو اُس کا نام مع والدہ لکھیں) بستم بستم ہفت آیات بندش وبحق اسم قابض زبان ہمہ دشمنان ومخالفاں بستم بستم۔

پھر اس نقش کو لپیٹ کر تعویذ بنائیں اور اوپر موم اچھی طرح لگا دیں۔ دشمن یا مخالف مرد ہے تو نر بکرے سیاہ کی سری لائیں اور اگر عورت ہے تو بکری کی سری لاکر اس نقش کو زبان کے نیچے رکھ دیں۔ اور پانچ اسٹیل کے ٹوپی والے کیل بالکل نئے بازار سے خرید کر لائیں۔ اب ایک کیل پر ایک مرتبہ سورۃ یٰسین شریف پڑھ کر دشمنان ومخالفین کے نام لے کر دم کریں۔ اب کیل اس سری کے منہ پر ایسے طریقے سے گاڑیں کہ تعویذ پر کیل نہ لگے، اور دونوں ہونٹوں سے آرپار ہو جائے۔ چوٹ لوہے کے ہتھوڑے سے لگائیں۔ کیل گاڑتے وقت ہفت آیاتِ بندش بھی پڑھیں۔ یہ کیل اس طرح لگائیں کہ تعویذ باہر نہ نکل سکے اور منہ کے اندر ہی قید رہے۔ پھر دو کیلوں پر سورۃ یٰسین پڑھیں اور نام دشمنان لے کر کیل پر دم کریں اور سری کے ناک کے دونوں سوراخوں کے اوپر جو دائیں بائیں پردہ ہے اس میں ایک ایک کیل ٹھونک دیں۔ حسب سابق کیل ٹھونکتے وقت ہفت آیات کی پڑھائی بھی کرنا ضروری ہے۔ اب بقیہ دو کیل لیں اور سورۃ یٰسین شریف پڑھ کر دشمنان کا نام لے کر اور ہفت آیات پڑھتے ہوئے دونوں کانوں میں ٹھونک دیں۔ اب اس سری کو ایک سیاہ رنگ کے ایک میٹر کپڑے میں اچھی طرح باندھ لیں اور کسی گہرے تالاب، نہر، دریا یا پھر سمندر میں ڈال دیں یا کسی گہرے اندھے کنوئیں میں ڈال دیں جس کا پانی استعمال نہ ہوتا ہو۔ جس دشمن کے لیے یہ عمل کریں گے وہ کچھ بات نہیں کرسکے گا اور کبھی بھی آپ کے خلاف نہ بولے گا۔ عدالت میں آپ کے خلاف نہ بولے گا۔

ہفت آیات بندش یہ ہیں جو ہر ایک کیل ٹھونکتے وقت پڑھنا ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ.

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ.

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ.

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَتَكَلَّمُوْنَ۔ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ۔ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ۔
صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَتَذَكَّرُوْنَ۔

اصل نقش یہ ہے

یاعطرائیلُ بحقِ یاقابِضُ

۳۰۰	۳۹۹	۳۰۴
۳۰۵	۳۰۱	۲۹۷
۲۹۸	۳۰۳	۳۰۲

بستم بستم زبان و ہوش و گوش چشم و فہم و عقل و دل و جملہ سو ساٹھ اعضائے بدن (جس کی زبان بندی کرنا ہو اس کا نام مع والدہ لکھیں) از بدگفتن، بدخواستن، شر و فساد کردن، تہمت لگانے و غیبت کردن کے علی (جس کے حق میں زبان بندی کرنا ہو اس کا نام مع والدہ لکھیں) بستم بستم ہفت آیات بحق و بحق اسم قابض زبان ہمہ دشمنان و مخالفاں بستم بستم۔

نقش کی رفتار یہ ہے

۴	۳	۸
۹	۵	۱
۲	۷	۶

صدقہ

میاں صاحب رحمانیہ فریدی

چاہے جادو ہو یا دخل جنات ہو یا نہ ہو صدقہ بڑی اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔ صدقہ نظر بد، حاسدوں کے شر، شیاطین کے شر، جسمانی و روحانی بیماریوں، نحوستوں، بلاؤں، ہر قسم کی آفات و بلیات سے آپ کو محفوظ رکھتا ہے۔ صدقہ دیتے رہنے سے انسان بہت سی مصیبتوں سے بچ جاتا ہے۔ اسی لیے میں ہمیشہ اس بات پر بہت زور دیتا ہوں کہ صدقہ ضرور کرتے رہا کریں۔ صدقہ کئی طریقوں سے کیا جاتا ہے اور اس کے متعلق تمام معلومات آپ کو بتانے جا رہا ہوں۔

صدقہ کے کئی طریقے ہیں جیسا کہ

ضرورت مندوں کو کھانا کھلانا

ضرورت مندوں کو پہننے کو کپڑا دینا

ضرورت مندوں کو حسب توفیق رقم دینا

جادو اور جنات کے مریضوں کے لئے صدقہ

جادو یا جنات کے دخل کے مریضوں کے لیے صدقہ جانوروں کو ڈالے جانا مجرب ہوتا ہے اور اس کا طریقہ کار کچھ یوں ہے۔

آتشی صدقہ: گوشت خور جانوروں کی غذا گوشت، کلیجی، مچھلی، پھیپھڑے وغیرہ۔

آبی صدقہ: پانی میں رہنے والے جانوروں کی غذا آٹے کی گولیاں، ابلے چاول، مچھلیوں کا چارہ۔

بادی صدقہ: چرند پرند کی غذا باجرہ، گندم وغیرہ۔

خاکی صدقہ: کیڑے مکوڑوں کی غذا چینی، چاول وغیرہ۔

جادو یا جنات کے مریض کا صدقہ کرنے کے لیے سب سے پہلے نیچے دیے گئے طریقے سے اس کا عنصر معلوم کریں۔

مریض کے پکارے جانے والے نام کا پہلا حرف لے کر نیچے دیے گئے چارٹ سے اس کا عنصر معلوم کریں۔

آتشی حروف	(ا، ط، م، ہ، ف، ش، ذ)
آبی حروف	(ج، ز، ک، س، ق، ث، ظ)
بادی حروف	(ب، و، ی، ن، ص، ت، ض)
خاکی حروف	(د، ح، ل، ع، ر، خ، غ)

مثال کے طور پر مریض کا نام راشد احمد ہے اور پکارے جانے والا نام راشد ہے۔

راشد کا پہلا حروف (ر)

چارٹ میں دیکھا تو (ر) خاکی حرف ہے۔ یعنی کہ راشد کا عنصر ہے خاکی۔

اب صدقہ ہمیشہ متضاد عنصر کا کریں گے نیچے دیئے گئے طریقے کے مطابق۔

آتشی لوگوں کے لیے بہترین صدقہ آبی ہوتا ہے۔

آبی لوگوں کے لیے بہترین صدقہ آتشی ہوتا ہے۔

بادی لوگوں کے لیے بہترین صدقہ خاکی ہوتا ہے۔

خاکی لوگوں کے لیے بہترین صدقہ بادی ہوتا ہے۔

جب بھی صدقہ کریں تو مریض کا سیدھا ہاتھ صدقے کے اوپر رکھ کر مندرجہ ذیل آیت 7 دفعہ پڑھیں اور مریض کے حق میں دعا کریں اور پھر صدقہ کر دیں۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ

بخار سے نجات کے عملیات

مرتبہ: محمد ایوب بشوی، ایم اے

بخار کیلئے عمل

ان آیات مبارکہ کو لکھ کر بخار والے مریض کے گلے میں ڈال دے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بخار جاتا رہے گا، مجرب ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ برآءَۃٌ مِّنَ اللّٰہِ الْعَزِیْزِ الْحَکِیْمِ بِفُلَاں بِنْ فُلَانْ (فلاں بن فلاں کی جگہ مریض کا اور مریض کی ماں کا نام لکھا جائے) مِنْ کُلِّ مَایَعُوْذُ بِاِذْنِ اللّٰہِ تَعَالٰی اَوْ کَالَّذِیْ مَرَّ عَلٰی قَرْیَۃٍ وَّھِیَ خَاوِیَۃٌ عَلٰی عُرُوْشِھَا ۚ قَالَ اَنّٰی یُحْیٖ ھٰذِہِ اللّٰہُ بَعْدَ مَوْتِھَا ۚ فَاَمَاتَہُ اللّٰہُ مِائَۃَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَہٗ ۚ قَالَ کَمْ لَبِثْتَ ۚ قَالَ لَبِثْتُ یَوْمًا اَوْ بَعْضَ یَوْمٍ ۚ قَالَ بَلْ لَّبِثْتَ مِائَۃَ عَامٍ فَانْظُرْ اِلٰی طَعَامِکَ وَشَرَابِکَ لَمْ یَتَسَنَّہْ ۚ وَانْظُرْ اِلٰی حِمَارِکَ وَلِنَجْعَلَکَ اٰیَۃً لِّلنَّاسِ وَانْظُرْ اِلَی الْعِظَامِ کَیْفَ نُنْشِزُھَا ثُمَّ نَکْسُوْھَا لَحْمًا ۚ فَلَمَّا تَبَیَّنَ لَہٗ ۚ قَالَ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝ قُلْنَا یٰنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرٰھِیْمَ ۝ وَاَرَادُوْا بِہٖ کَیْدًا فَجَعَلْنٰھُمُ الْاَخْسَرِیْنَ ۝

بخار کیلئے

اس تعویذ کو لکھ کر دھجی میں لپیٹ کر بغیر موم جامہ کر کے بخار والے کے گلے میں ڈالے۔ ان شاء اللہ صحت ہوگی۔

اَللّٰھُمَّ ارْحَمْ عَظْمِیَ الرَّقِیْقَ جِلْدِیَ الدَّقِیْقَ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ فَوْرَۃِ الْحَرِیْقِ یَآاُمَّ مِلْدَمٍ اِنْ کُنْتَ اٰمَنْتِ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا تَاْکُلِیْ لَحْمِیْ وَلَا تَشْرَبِیْ دَمِیْ وَلَا تَفُوْرِیْ عَلٰی فَمِیْ وَانْتَقِلِیْ اِلٰی مَنْ یَّزْعَمُ اَنَّ مَعَ اللّٰہِ اِلٰھًا اٰخَرَ فَاِنِّیْ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا۔

بخار کیلئے

جس شخص کو بخار آنے لگا ہو تو اس تعویذ کو لکھ کر بغیر موم جامہ کئے ہوئے پاک دھجی میں لپیٹ کر عورت اپنے بائیں بازو پر اور مرد اپنے دائیں بازو پر باندھے، اس کے علاوہ گلے میں ڈالا جاسکتا ہے۔ مجرب ہے۔

قُلْنَا یٰنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرٰھِیْمَ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شَرِّ کُلِّ عِرْقٍ نَّعَّارٍ وَّمِنْ شَرِّ کُلِّ حَرِّ النَّارِ اللّٰہُ شَافِیْ

ان شاء اللہ تعالیٰ بخار جاتا رہے گا۔

بخار کیلئے

جس شخص کو بخار آتا ہو اور سردی بھی لگتی ہو تو ایسے مریض کیلئے اس نقش کو لکھ کر اس کے بازو پر باندھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جاڑا بخار جاتا رہے گا اور مریض شفایاب ہوگا۔ وہ نقش مکرم یہ ہے:

۷۸٦

۵٦۷	۵٦۴	۵٦۹
۵٦۸	۵٦٦	۵٦۴
۵٦۳	۵۷۰	۵٦۵

بقیہ: بدلہ

بکریاں اور ایک ہزار اشرفیاں۔ حضرت حسینؓ نے اتنی ہی مقدار دونوں چیزوں کی اسے عطا فرمائی اور اس کو حضرت عبداللہ بن جعفرؓ کی خدمت میں بھیج دیا۔ جب یہ ان کی خدمت میں حاضر ہوئی تو انہوں نے معلوم کیا کہ ان دونوں حضرات نے کیا کیا مرحمت فرمایا؟ اور جب معلوم ہوا کہ یہ مقدار ہے تو حضرت عبداللہ بن جعفرؓ نے دو ہزار بکریاں اور دو ہزار اشرفیاں اس کو مرحمت فرمائیں۔ بڑی بی چار ہزار اشرفیاں اور چار ہزار بکریاں لے کر شوہر کے پاس گئیں اور کہنے لگیں، کہ آپ اس دن خفا ہو گئے تھے۔ یہ دیکھئے اس ذرا سے احسان کا بدلہ ہے، جو اس کمزور بکری کو ذبح کر کے ان معزز ہستیوں کی بھوک مٹائی تھی۔ اللہ پاک شان جل جلالہ تمام مسلمانوں کو ان حضرات کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

خواص آیت الکرسی

قاضی محمد عبدالرحیم بستوی

جاننا چاہئے کہ خواص وفوائد آیت الکرسی بہت زیادہ ہیں اور حصول مراد ودفع اعداء وتسخیر دلہا وجلب منافع وازالہ مرض اثر عظیم رکھتی ہے۔

حصول مراد ودفع اعداء

متصل سلام فجر فرض قبلہ رو اسی جگہ بیٹھ کر پچیس مرتبہ اور اسی طرح بعد مغرب آٹھ مرتبہ پڑھے۔

تسخیر وحصول نفع اور دفع نقصان کیلئے

بعد ہر نماز فرض دس وقف پر دس انگلیاں دونوں ہاتھوں کی بند کرے لیکن شروع داہنے ہاتھ کی چھنگلیا سے کرے اور ختم بائیں ہاتھ کے انگوٹھے پر کرے پھر تین بار سورۂ الم نشرح مع بسم اللہ اور تین بار سورۂ اخلاص معہ تسمیہ پڑھے اور درود شریف تین بار اور سورۂ فاتحہ ایک بار اس طرح کہ بسم اللہ کے الرحیم کی میم سورۂ فاتحہ کی الحمد سے ضم کرے اور پڑھ کر آسمان کی جانب دم کرکے انگلیاں کھول کر جسم پر مل لے اور میان دو یا لفظ من ذالذی یشفع اشارہ محبت وتسخیر دلہا کرے اور میان دو عین لفظ یشفع عندہ اشارہ تجلیہ قلب وصفائے دل تصور میں لائے اور درمیان دو میم لفظ یعلم مابین ایدیھم اشارہ مقہوری اعداء دل میں لائے اور بعض حضرات نے فرمایا کہ بعد فرض آیت الکرسی ایک بار عقد انگشتاں کرکے پڑھے اور صرف دو عین کے درمیان اشارہ ہر حاجت کرے اور بعد اتمام ایک بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر دونوں ہاتھ جسم پر پھیر لے۔

برائے ازالہ مرض بلغم

نمک کی سات کنکریوں پر ۷ مرتبہ پڑھ کر دم کرکے صبح کے وقت کھائے۔

خواب پریشان کے دفع کیلئے

جب سونے چلے تو بستر پر تین مرتبہ اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم پڑھ کر آیۃ الکرسی تین بار پڑھے اور لفظ ولا یؤدہ حفظھما وھو العلی العظیم۔ تین بار پڑھے پھر اپنے اوپر دم کرکے سوجائے۔

برائے ہول ودرد جگر وخفقان

چینی کی رکابی پر تین مرتبہ لکھ کر پانی سے دھوکر پلائے اور پینے کے وقت یہ کلمہ پڑھے نویت الشفاء من العلۃ الفلانیہ اور الفلانیہ پر اس مرض کا نام لے۔

دشمن پر مصیبت وزحمت ڈالنے کا عمل

سونے کے وقت یہ عمل کرے کہ آیت الکرسی دو سو مرتبہ پڑھے اور پانچ اسمائے باری کہ آیت الکرسی کے اندر ہیں یا اللہ یا حی یا قیوم یا علی یا عظیم ہر سو مرتبہ پر ایک ہزار تین سو ستر بار پڑھے پھر یہ پڑھے۔ اسئلك بنور عرشك وبروح سيدنا محمد صلى الله عليه وآله وسلم ان ترسل خدام هذه الآية الشريفة الى فلان بن فلان فى صفتى وحيلتى يشهب من هم وحرب من نار اس کے بعد دشمن کی جانب کسی حربہ سے اشارہ کرے۔ اس کو زحمت پہونچے گی۔ پھر درود وسلام پڑھ کر دعا کرکے سوجائے۔ یہ عمل ایک جمعہ کرے، اگر مقصد حاصل نہ ہو تو سات جمعہ تک کرے۔

حفظ مال کیلئے

سونے کے قوت آیۃ الکرسی وچاروں قل تین تین بار پڑھ کر شہادت کی انگلی پر دم کرکے گھر کے گرد اشارہ حصار کرے اور تین دستک دے۔

حصول مراد کیلئے

آدھی رات کو قبلہ رو ہو کر آیت الکرسی شریف ایک سو ستر بار یا مقدار اس کے حروف کے پڑھنا مفید ہے اور تین سو تیرہ مرتبہ پڑھ کر حضور اکرم ﷺ کے وسیلہ سے دعا کرے، حاجت پوری ہوگی۔

زیادتی حافظہ کیلئے

زعفران سے ہتھیلی پر لکھ کر چاٹے، ۷ دن متواتر قوت حافظہ زیادہ ہوگی۔

قوت حافظہ

چینی کے برتن پر لکھ کر پانی سے دھوکر نہار منہ پی لے قوت حافظہ زیادہ ہو۔

اجتماع کی شرائط وضوابط

1 دارالعمل چشتیہ کا سالانہ اجتماع ہر سال صفر المظفر کے مہینے میں ۶۔۷۔۸ تاریخ کو منعقد ہوتا ہے۔

2 اپنے آنے کی ادارے کو یکم صفر المظفر تک اطلاع دیں۔ اجتماع میں تشریف لانے والے تمام دوست واحباب بذریعہ خط، میسج یا فون کر کے اپنا نام درج کروالیں۔ چونکہ ایک محدود تعداد مکمل ہو جانے پر کہیں آپ آنے اور چاہنے کے باوجود بھی اس اجتماع سے محروم نہ رہ جائیں۔

3 اجتماع میں آنے والے ہر شخص کو 5 صفر (انگریزی تاریخ اور دن کا حساب لگا کر) عصر کی نماز تک اجتماع گاہ پہنچنا ضروری ہے۔ چونکہ بعد نماز مغرب اعمال شروع ہو جاتے ہیں۔

4 اجتماع میں تشریف لانے والے تمام نئے اور پرانے شرکاء کو فائدے اور بھرپور روحانی استفادے کیلئے بنائے گئے تمام اصول وضوابط کی پابندی کرنا ہوگی۔ خلاف ورزی کی صورت میں اجتماع کی انتظامیہ کو مکمل اختیار ہوگا کہ وہ آپ کو اجتماع سے واپس بھیج دیں۔

5 ملکی حالات اور سکیورٹی کے پیش نظر تمام شرکاء اجتماع اپنا اصل شناختی کارڈ اور 2 شناختی کارڈ کی کاپی لانا ہرگز ہرگز نہ بھولیں، بصورت دیگر ہم معذرت چاہیں گے۔ 2 عدد پاسپورٹ سائز فوٹو لائیں۔ 3 سفید چادر برائے خیمہ (بڑے اعمال کیلئے)۔ مسواک، خوشبو، تسبیح، تسبیح کا ڈنٹر وغیرہ ہمراہ لائیں۔

6 تین دن کے اجتماع میں شریک ہونے والے تمام شرکاء سے گذارش ہے کہ وہ اجتماع میں شریک کسی بھی فرد سے مالی یا کوئی بھی معاملہ اپنی ذمہ داری پر کریں۔ ادارہ کسی بھی قسم کے معاملے کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

7 اپنے اعمال کا کسی بھی ساتھی سے ذکر نہ کریں۔

ضروری ہدایات

1 اجتماع گاہ دارالعمل سے کافی فاصلے پر ہے۔ لہٰذا دارالعمل آنے کی غلطی نہ کریں، بیدیاں خاص پہنچ کر جامع مسجد اللہ اکبر میں تشریف لائیں۔

2 اجتماع میں دعائے حزب البحر، دعائے حزب النصر اور دیگر بہت سارے باموکل وغیر باموکل اعمال کی ریاضت اپنی نگرانی میں کروائی جاتی ہے۔

3 باموکل اعمال کی ریاضت کیلئے تشریف لانے والے احباب اجتماع میں آنے سے 3 دن پہلے ہی ترک حیوانات کا پرہیز شروع کردیں۔

4 ہماری روحانی درسگاہ سے اجازت یافتہ اپنی تمام اجازت والی کاپیاں ساتھ لائیں چونکہ ان تمام اعمال کی خصوصی کلاسیں ہوں گی۔

5 اسی طرح اگر کسی طالب علم کو کوئی بات پوچھنی ہے یا روحانی علاج میں کوئی رکاوٹ ہے یا مزید کچھ سمجھنا چاہتا ہے تو وہ اپنے سوالات باقاعدہ کاغذ پر تحریر کر کے لائے تاکہ آپ کی مکمل رہنمائی کی جاسکے۔

6 اجتماع کے ان 3 دنوں میں روزہ رکھنا ضروری ہوتا ہے نیز سحری، افطاری کا کھانا ترک حیوانات کے پرہیز کے ساتھ دیا جاتا ہے۔ 3 دن کے کھانے اور آخری دن بکروں کے صدقے کے تمام اخراجات بذمہ شرکاء اجتماع ہوں گے۔ لہٰذا اجتماع میں پہنچتے ہی انتظامیہ کے پاس اخراجات کی رقم جمع کروانا ضروری ہے۔ 3 دن کے لنگر اور آخری دن بکرا صدقہ کیلئے فی کس اندازاً =/4500 روپے (کمی بیشی بعد میں) ہمراہ لائیں۔

7 مختلف بیانات خاص کر جناب خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ کے بیان میں تصویر کھینچنا سخت منع ہے۔ (ویڈیو ہر حال میں منع ہے)

8 اجتماع میں تشریف لانے والے نئے دوست واحباب کیلئے ہماری روحانی درسگاہ سے سکھائے جانے والے تمام فری اور فیس والے اعمال کی اجازت، ماہنامہ خزینہ روحانیات کی ممبر شپ اور روحانی دکان کی تمام اشیاء اجتماع گاہ سے ہی حاصل کر سکتے ہیں۔ اس کیلئے دارالعمل آنے کی ضرورت نہیں ہے۔

9 اجتماع میں ریاضتی اعمال کرنے والوں کی دستار بندی بعد نماز مغرب ہو گی۔ اجتماع کی تمام تر تفصیلات جاننے کیلئے ان فون نمبرز پر رابطہ فرمائیں۔

سورۃ الرحمٰن کے عامل بنیں اور بنائیں

تعارف: سورۃ الرحمٰن کا عملیات اور روحانی علاج میں ایک خاص مقام ہے۔ خاص کر جنات کے معاملے میں یہ سورت بہت اہمیت کی حامل ہے۔ جنات کو سورۃ جن اور سورۃ رحمٰن بہت پسند ہیں۔ سورۃ رحمٰن میں جنات کے لیے بہت کشش ہے۔ یہی وجہ ہے کہ سورۃ رحمٰن کے عامل کی طرف جنات کو بہت کشش ہوتی ہے اور وہ خود سے دوستی کا ہاتھ بڑھاتے ہیں۔ عامل جتنا زیادہ متقی ہوگا، اتنے زیادہ اور بڑے جنات عامل کی طرف متوجہ ہوں گے۔

یہ ایک کثیر الفوائد سورت ہے اور سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ بفضل تعالیٰ یہ بہت تیز اثر کرتی ہے۔ اس سورت سے ہر طرح کا جائز کام لیا جا سکتا ہے۔ اس کا دائرہ بہت وسیع ہے اور اس کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ عامل کے ہر کام میں ایک غیبی مدد شامل ہو جاتی ہے۔ وہ کام اس کا ذاتی ہو یا روحانی علاج معالجے کا کام ہو یا پھر کوئی بھی دنیاوی کام ہو۔

کیسے سیکھا جائے؟ اس سورت کا عامل بننے کے لیے چلہ کرنا شرط ہے۔ اجازت سے یہ عمل مکمل طور پر جاری نہیں ہوتا۔

عمل کے فائدے: اس سورت کا عامل بننے کے بعد آپ درج ذیل فوائد حاصل کر سکیں گے:

......ہر طرح کے جنات و آسیب کا علاج و حفاظت	......ہر قسم کے سحر کے اثرات کا علاج و حفاظت	......آسیب کو حاضر کرنا
......روحانی حفاظت	......جنات سے دوستی	......قوت حافظہ میں اضافہ
......محبت کے معاملات	......حاکم کو مہربان کرنا	......مختلف بیماریوں کا علاج
......فراخی رزق و کاروباری معاملات	......دشمن کے معاملات	......ہر جائز مقصد کا حصول

عمل کے کل درجے: اس عمل کے کل پانچ درجے ہیں۔ ہر درجے میں مختلف چلہ کشی کروائی جاتی ہیں (گھر اور گھر سے باہر)۔ پہلے درجے میں ایک ہی فیس میں تین زکوٰۃ نکلوائی جاتی ہیں۔ باقی درجے بڑے عاملین کے لیے ہیں، عوام یا مبتدی عاملین کے لیے نہیں۔ ان سب کی فیس بھی الگ ہے۔

فیس درجہ اول
8100
روپے

اجازت کے لیے اہلیت: اجازت لینے والا چلہ کشی کے بنیادی اصولوں سے واقف ہو۔

اجازت لینے کا طریقہ: اجازت لینے والے نے روحانی درسگاہ میں داخلہ لیا ہو اور ماہنامہ خزینہ روحانیات کا ممبر بھی ہو۔ پھر عمل کی فیس ادا کر کے اجازت لی جا سکتی ہے۔

خاص اجازت: جو لوگ چلہ کشی نہیں کر سکتے، ان کو خاص اجازت بھی دی جاتی ہے، جس میں ضرورت پڑنے پر مختصر مدت میں ریاضت کروا کر عمل جاری کروا دیا جاتا ہے۔ خاص اجازت کا ہدیہ عام اجازت سے دوگنا ہوتا ہے۔

آگے سکھانے کی خاص اجازت: جو عامل یہ چاہتے ہیں کہ اس عمل کو آگے سکھائیں، وہ پہلے خود اس عمل کے عامل بنیں۔ پھر "آگے سکھانے کی خاص اجازت" حاصل کر کے سکھائیں۔ بغیر اجازت کسی کو عمل سکھانے کی صورت میں ان کا اپنا عمل بھی ضائع ہوگا اور نقصان کے ذمہ دار بھی خود ہوں گے۔

کوئی دعوی نہیں | کوئی وعدہ نہیں

آلۂ یکسوئی

حضرت انسان علم الخیال کی اتھاہ گہرائیوں کو سمجھنے کی کوشش صدیوں سے کر رہا ہے مگر جن علماء نے قوت خیال کو سمجھ لیا، انہوں نے بہت سے علوم کی بنیاد رکھی۔ اگر یہ کہا جائے کہ تمام روحانی علوم میں قوت خیال ہی کلید اعظم ہے تو بے جا نہ ہوگا۔ قوت خیال تمام دنیاوی طاقتوں سے زبردست طاقت ہے۔ اجتماع خیالات سے ہی قوت ارادی اور تصور پختہ ہوتا ہے۔ پوشیدہ قلبی طاقتوں میں کامل عروج حاصل کرنے کے لیے خیالات کو کنٹرول کرکے نگاہ کو ایک نقطہ پر مرکوز کرنا نہایت ضروری ہوتا ہے اس کے بغیر یکسوئی کی مخفی طاقت حاصل نہیں ہو سکتی۔ قیام نگاہ ہی اصل راز ہے۔

آلہ یکسوئی بڑی محنت سے تیار کیا گیا ہے۔ جو خیالات کو کنٹرول کرکے نگاہ کو ایک نقطے پر مرکوز کر دیتا ہے اور انسان کے اندر غیب میں دیکھنے والی نگاہ کو متحرک کرکے ماورائی دنیا کو سامنے لے آتا ہے۔ عملیات میں یقینی کامیابی کے لیے آج ہی آلہ یکسوئی براہ راست ہم سے طلب فرمائیں۔ طریقہ استعمال تفصیلاً ہمراہ ارسال کیا جائے گا۔

قیمت 800 روپے علاوہ ڈاک خرچ

روحانی دکان دارالعمل چشتیہ

0346-4312272, 042-35410586

ruhanishop

darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com

0320 0334 4312272 ruhani.shop ruhani-shop

کوئی دعوی نہیں | کوئی وعدہ نہیں

ہدیہ 2500 روپے

حروف مقطعات کی خاص انگوٹھی

یہ انگوٹھی بہت سے فوائد کی حامل ہے، یہاں چند ایک بیان کیے گئے ہیں:

دشمنوں کی زبانیں خاموش کرا دینے والی انگوٹھی، دشمنوں کے منہ بند کرا دینے والی انگوٹھی، مخالفوں کے ہونٹوں پر تالا لگا دینے والی انگوٹھی، بدمعاشوں کو مغلوب کر دینے والی انگوٹھی، چالبازوں کی ہمتوں کو پست کر دینے والی انگوٹھی، عدالتوں اور حکام کو آپ پر مہربان کروا دینے والی انگوٹھی، افسران بالا اور لاپرواہ دوستوں کو شفیق بنا دینے والی انگوٹھی، بے پرواہ رشتہ داروں/اپنے بیگانوں کے دلوں کو مسخر کر دینے والی انگوٹھی، لاجواب بے مثال اور خاص انگوٹھی۔

شاگرد اور عاملین کیلئے رعایت

روحانی دکان دارالعمل چشتیہ

0346-4312272, 042-35410586

ruhanishop

darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com

0320 0334 4312272 ruhani.shop ruhani-shop

چہل کاف کا دس ہزار (10000) خانوں کا خاص نقش

چہل کاف کے تمام خواص کا جامع نقش جو چہل کاف جفر جامع کے اعداد سے وضع کیا گیا ہے۔ یہ نقش چہل کاف کے جمیع حروف کی تکرار، اسماء الٰہیہ، اسماء موکلات اور چہل کاف سے عددی مناسبت رکھنے والی سورتوں اور آیات کے اعداد کا مجموعہ ہے۔ یہ نقش نہایت سریع الاثر اور جمیع مقاصد کیلئے مجرب ہے۔ اس نقش کے خواص احاطہ تحریر سے باہر ہیں۔ جتنا بھی لکھا جائے کم ہے۔ جو صاحب استعمال کریں گے وہ خود جان جائیں گے۔

محدود سٹاک | آرٹ پیپر | بڑا سائز

◦ جس مقام پر رکھا جائے گا خوشحالی ہی خوشحالی ہو جائے گی ◦ ترقی پر گامزن ہو جائے گا ◦ تمام نحوستیں ختم ◦ ہر قسم کا جادو ٹونا کا اعلیٰ ترین توڑ ◦ ہر طرح کی نظر بد ختم ◦ ہر قسم کی بندشیں ختم ◦ بے برکتی دور ہوگی ◦ اس کی ہیبت سے قوم جنات لرزتی ہے ◦ اعمال سفلی اس کی برکت سے فنا ہو جاتے ہیں ◦ جہاں یہ نقش ہوگا قوم جنات اس مقام سے کوسوں دور بھاگ جاتی ہیں ◦ جہاں یہ نقش ہوگا، اس علاقے میں موجود جادوگروں کے اعمال سلب ہو جاتے ہیں ◦ جادو اور جنات سے حفاظت ◦ کبھی فقر و فاقہ اور تنگ دستی کا سامنا نہ ہو ◦ سالوں کے مسائل دنوں حل ہوں گے، ان شاء اللہ ◦ جمیع حاجات کا حصول ◦ جمیع مسائل کا حل۔

شاگرد اور عاملین کے لیے دم شدہ تعویذ کا ہدیہ 700 روپے

◦◦◦ عاملین اعتماد سے یہ خاص نقش منگوائیں اور اپنے مریضوں کو استعمال کروائیں اور اپنی شہرت میں اضافہ کریں۔ عوام کے لیے دم شدہ تعویذ کا ہدیہ **1100 روپے**

نوٹ اس نقش پر سائل اور اس کے مقصد کے لحاظ سے کئی عاملین چہل کاف کا خاص دم کرتے ہیں۔ جس سے اس کے فوائد میں کئی گنا اضافہ ہو جاتا ہے۔

عوام کے لیے غیر دم شدہ تعویذ کا ہدیہ **500 روپے**۔ شاگرد اور عاملین کے لیے غیر دم شدہ تعویذ کا ہدیہ **350 روپے** (رعائتی قیمت)

روحانی دکان دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان

0346-4312272

042-35410586

ruhanishop

darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com

0320 0334 4312272 ruhani.shop ruhani-shop

خاص خاص اعمال سیکھنے کیلئے تفصیل goo.gl/UVdyD7

کوئی وعدہ نہیں — کوئی دعویٰ نہیں

روحانی مٹی (1)

دشمن کو دشمنی سے روکنا

سبب تنظیم و وجہ تسمیہ قصیدہ بردہ شریف ☆ حالات امام بوصیری ☆ **فیوض و برکات قصیدہ بردہ شریف:** عشق رسول ﷺ کی سعادت ☆ زیارت نبوی ﷺ کی نعمت ☆ شافع محشر ﷺ کی شفاعت ☆ راہ طریقت کی دریافت ☆ غنا و دولت استغنا ☆ یمن و سعادت اور امن و عافیت ☆ سہولت تقریب ☆ اقرار جرم کرتے برائے غم ☆ استخارہ یا زیارت نبوی ﷺ ☆ قضاء حاجات ☆ دفعیہ غم و حزن ☆ افشاء اسرار ☆ چوری انگوٹھی ☆ دفعیہ معاصی ☆ مقہوری اعداء ☆ حب ☆ دفعیہ سرکشی نفس ☆ حصول توفیق عمل ☆ دفعیہ اعمال بد صفت سیئہ ☆ سخت دل کو نرم کرنا ☆ حفاظت از غلبہ نفس و شیطان ☆ دفعیہ ریا ☆ شب بیداری ☆ ذوق مطالعہ و تحصیل علم ☆ دفعیہ آسیب ☆ دفعیہ مصائب ☆ کشف اسرار ☆ حفظ امن و امان و حصول ایمان ☆ قوت قلب و حصول قلب ☆ آسانی سکرات موت ☆ مال کو چوروں سے محفوظ کرنے کیلئے ☆ جنگلی درندوں سے حفاظت کیلئے ☆ کافروں کو منتشر کرنے کیلئے ☆ باران رحمت کیلئے ☆ حصار ☆ حفظ در سفر ☆ حصول نجات ☆ دفع تنگدستی کیلئے ☆ دفعیہ امراض ☆ حصول شفاء ☆ پاگل آدمی کے علاج کیلئے ☆ بینائی کی بازیافت ☆ دفع قید کیلئے ☆ دفعیہ لکنت ☆ برائے بخار ☆ مہربانی حاکم و تسخیر اعداء ☆ کشادن شہوت بستہ ☆ حصول ملازمت کیلئے ☆ دفعیہ سارق ☆ دشمنوں پر غلبہ کیلئے ☆ حفاظت مسافر ☆ مناظرے میں فتح کیلئے ☆ امراض اطفال ☆ بیماری سے شفاء کیلئے ☆ قیدی کی رہائی کیلئے ☆ باغ میں برکت کیلئے ☆ دفعیہ زہر ہر قسم ☆ شفاء امراض ☆ قبولیت دعاء ☆ عہدے میں ترقی کیلئے ☆ طریقہ زکوٰۃ قصیدہ بردہ شریف ☆ شرائط و طریقہ ورد ☆ ترتیب طریقہ ورد ☆ عمل برائے ہر غم ☆ اجازت نامہ

0323-4487877, 042-35410586

مکتبۃ العارف دارالعمل چشتیہ

+maktabatulaarif

darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif@gmail.com

0332-4487877 +maktabatulaarif

لڑکی کی شادی کی بہترین عمر بیس (20) سال ہے

راجہ طاہر کیانی

لڑکی کی شادی کی بہترین عمر بیس (20) سال ہے۔ اس کے بعد ہر گزرنے والا دن، اس کی لڑکپن کی موت ہوتی ہے

30-25 سال کی خاتون گھر بیٹھے نفسیاتی طور پر ساس بن جاتی ہے۔ جس طرح ٹوکری میں رکھا پیاز، لہسن اور ادرک خود بخود اگ آتا ہے، اب شادی ہو بھی جائے تو ایک گھر میں دو ساسیں تو نہیں رہ سکتیں۔

20 سال کی لڑکی میں Flexibility ہوتی ہے۔ وہ ہر قسم کے حالات میں اپنے آپ کو ایڈجسٹ کر لیتی ہے جبکہ 30 سالہ (لڑکی) دو چار ایم اے تو کر لیتی ہے مگر دو چار بچے پیدا کرنے کے قابل بھی نہیں رہتی۔ ایسی بچی کے بچے عموماً شوہر ہی پالتا ہے۔ مردوں کو ڈبل ایم اے لڑکی چاہئے ہوتی ہے تاکہ بچوں کو ٹیوشن پڑھا سکے اور ڈبل ایم اے کرتی لڑکی کی بچے پیدا کرنے کی صلاحیت 35 فیصد رہ جاتی ہے۔

کچھ لڑکیاں ڈراموں میں تو دلہن بنتی رہتی ہیں مگر اصلی رشتے ٹھکراتی رہتی ہیں کہ اس طرح مارکیٹ ڈاؤن ہو جائے گی۔ اور جب رشتے ختم ہو جاتے ہیں تو پھر کسی کی دوسری بیوی بننے کے سوا کوئی چارہ نہیں رہتا۔

جب اس نیت سے تعلیم دلائی جائے کہ طلاق کی صورت میں گھر چلائے گی تو 98٪ کیسز میں طلاق ہو ہی جاتی ہے، انما الاعمال بالنیات۔

جب "اللہ توکل دو" تو "رانی بن کر کھاتی ہے"، ایف اے بہت تعلیم ہے۔ جب تک رشتہ نہ آئے مزید بھی دلائی جا سکتی ہے مگر آنے والے رشتے کو تعلیم کے لئے مسترد کرنا کفرانِ نعمت ہے جس کا نتیجہ ٹھیک نہیں نکلتا۔

بعض والدین تو دعائیں کرتے ہیں کہ کوئی سا بھی رشتہ آئے۔ چار چار بچیاں گھر میں بوڑھی ہو رہی ہیں، جبکہ دوسری جانب وہ بھی ہیں جن کے رشتے آتے ہیں تو وہ کبھی برادری کا بہانہ بنا کر اور کبھی تعلیم کا بہانہ بنا کر رشتہ رد کر دیتے ہیں۔

اگر 20 سال کی عمر میں شادی ہو جائے تو ایک دو تین سال میں خدانخواستہ طلاق ہو بھی جائے تو لڑکی دوسری جگہ بیاہی جا سکتی ہے یعنی 24 سال تک دوسری شادی کے امکانات بھی 75٪ ہوتے ہیں۔ لیکن پہلی شادی ہی 27 سال کی عمر میں کی، دو چار سال کے دنگل کے بعد طلاق ہو بھی گئی تو 30 سال کی طلاق یافتہ کے شادی کے امکانات نہ ہونے کے برابر ہوتے ہیں۔ یہ بات معاشرے میں عام ہے۔ اس کو ایزی مت لیں پلیز۔ رہ گیا رزق تو وہ عورت کے مقدر میں ہوتا ہے۔

نوٹ یہ دونوں ملتے ہیں تو مالی حالت بہتر ہو جاتے ہیں۔ اکیلا مرد اگر یہ شرط لگا لے کہ جب تک وہ کروڑ پتی نہیں بنے گا اور بحریہ ٹاؤن میں کوٹھی نہ ہو تو شادی نہیں کرے گا تو یقین کریں اس کے سارے بھائی بیاہے جائیں گے، اس کی شادی ان شاء اللہ نہیں ہوگی۔ شادی بہت بڑا گیم چینج ہوتا ہے حالات میں تبدیلی کا۔ سوچیے!!!!

بچوں کی نفسیات کو سمجھیں

محترم انور غازی کے ایک مضمون سے انتخاب

بچوں کی تربیت کے حوالہ سے بنیادی بات یہ ہے بچے کچے ہوتے ہیں۔ ان کے دماغ ابھی پختہ نہیں ہوتے۔ ان کا کوئی تجربہ نہیں ہوتا ہے۔ چھوٹی عمر ہوتی ہے تو اپنے کچے ذہن کی وجہ سے وہ بچوں والی باتیں کرتے ہیں۔ بچے سے بچوں والی باتوں کی ہی کی توقع رکھنی چاہیے۔

بچہ جب بچپن کی عمر میں ہے، ذہن کچا ہے، تجربہ نہیں ہے تو وہ بچگانہ باتیں اور حرکتیں تو کرے گا۔ لہٰذا توقعات کا لیول بھی اسی طرح رکھنا چاہیے۔ بچپن تو بچپن ہی ہوتا ہے۔ بڑے بڑے اولیا کا بچپن بھی اسی طرح گزرا کہ انہوں نے بچپن میں ایسے ہی بچگانہ فطرت والے کچے کام کیے جو عام طور پر بچے کرتے ہیں۔

جو اہل علم ہوتے ہیں، وہ بھی اپنے گھر کے بچوں سے باتیں کرتے ہیں مگر وہ بات بات پر ان کو سمجھاتے بھی رہتے ہیں۔ اسی طرح بچے پلتے رہتے ہیں اور ساتھ سنورتے بھی رہتے ہیں۔ جن والدین کو علم نہیں ہوتا یا تو وہ غلطیوں پہ بھی درگزر کر دیں گے۔ پیار کریں گے اور یا پھر بچے کو چھوٹی چھوٹی بات پر، جائز سوال پر بھی ڈانٹ کر چپ کروالیں گے۔

یہ دونوں چیزیں غلط ہوتی ہیں۔ بچے کچے ہوتے ہیں، ایسے کام کرتے ہیں، ایسی حرکتیں کرتے ہیں کہ جو ناپسندیدہ ہوتی ہیں مگر ان کو طریقے سے سمجھانا چاہیے۔ اس سے یہ توقع رکھنی چاہیے کہ یہ شرارتیں بھی کریں گے اور کچھ اور اس قسم کے کام بھی کریں گے۔

بچے جو کچھ کھیلتے ہیں تو وہ بھی اپنے گھر کے ماحول کے مطابق ہی کھیلتے ہیں۔ وہ اپنے بڑوں کو جو کرتے دیکھتے ہیں، پھر وہی ان کا کھیل بن جاتا ہے۔ اسی لیے ہر گھر کا بچہ، اپنے گھر والوں کے ماحول اور مزاج کے مطابق ڈھلتا ہے۔

بچے کئی مرتبہ ایسے ردعمل ظاہر کرتے ہیں کہ بندے کو سمجھ ہی نہیں آتی مسئلہ کیا ہے؟ اس لیے کبھی وہ سہم جاتے ہیں۔ کبھی وہ خوف زدہ ہو جاتے ہیں۔ کبھی وہ ہمت گرا بیٹھتے ہیں۔ اس صورت میں بڑوں کو تھوڑی حکمت اور دانش مندی سے ان کو ڈیل کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

بچپن میں بچے کا ذہن کچا ہوتا ہے۔ ماں باپ کو یہ چاہیے وہ اس بات پر بہت زیادہ توجہ دیں کہ وہ کن کے ساتھ کھیل رہا ہے؟ اس لیے دوست سے وہ اتنا کچھ سیکھتا ہے جتنا ماں باپ سے نہیں سیکھتا۔ بچی ہے تو سہیلی سے سیکھے گی۔ بچہ ہے تو اپنے دوست سے سیکھے گا، اس لیے مولانا یحییٰ کاندھلوی رحمہ اللہ فرماتے تھے اگر بچہ بالکل کند ذہن ہو لیکن دوست اس کا نیک ہو تو اس بچے کی کشتی کبھی نہ کبھی کنارے لگ جائے گی۔

بچہ کتنا ہی ذہین کیوں نہ ہو، اگر دوست اس کا برا ہو تو کبھی نہ کبھی اس کی کشتی بیچ دریا میں ڈوب جائے گی۔ چنانچہ انہوں نے اپنے بیٹے مولانا محمد زکریا کاندھلوی رحمہ اللہ کی کتنی اچھی تربیت کی کہ وہ اپنے وقت کے شیخ الحدیث بنے اور اللہ نے ان کو کیا قبولیت عامہ عطا فرمائی۔ مقبول ومعروف کتاب فضائل اعمال انہی کی تصنیف کردہ ہے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے بچوں کی اسلامی تعلیمات کے مطابق تربیت کرنے کی توفیق عطا فرمائیں کہ ہمارے بچے ہی ہمارا مستقبل ہیں۔

(خاندانی نظام ایسے بچائیں)

قبض کا علاج گھر میں ہی

زیشان خان

قبض بہت سی بیماریوں کی وجہ بن سکتا ہے۔ یہ مرض زیادہ تر غذاؤں میں بے اعتدالی کی وجہ سے ہوتا ہے مثلاً گوبھی، بند گوبھی، لوبیا، سیب، ناشپاتی، زیادہ نمک والے کھانے اور کاربونیٹیڈ مشروبات وغیرہ قبض کی وجہ بن سکتی ہیں۔

قبض کے علاج کے لیے ادویات کے استعمال کے ساتھ چند گھریلو ٹوٹکوں کا استعمال بھی کر کے دیکھیں:

زیتون کا تیل

زیتون کا خالص تیل قبض سے نجات کے لیے مددگار ثابت ہوتا ہے، اس کا استعمال نظام ہضم کو حرکت میں لاتا ہے جس کے نتیجے میں آنتوں کی صفائی ہوتی ہے اور اس کا استعمال معمول بنا لینے سے قبض کا عارضہ شکار نہیں بناتا۔ آپ کو بس ایک چائے کا چمچ زیتون کا تیل صبح نہار منہ استعمال کرنا ہوگا کیونکہ یہ خالی پیٹ ہی بہترین کام کرتا ہے۔

بیکنگ سوڈا

ایک چائے کا چمچ بیکنگ سوڈا چوتھائی کپ گرم پانی میں مکس کر لیں، اس مکسچر کو پئیں، قبض سے چھٹکارا حاصل کرنے میں مددگار ثابت ہوگا۔

پانی

روزانہ کم از کم آٹھ گلاس پانی کا استعمال عام صحت (health) کے لیے بہتر ہے بلکہ یہ آنتوں کو بھی بہتر بنانے میں بہترین کردار ادا کرتا ہے جس کے نتیجے میں قبض کا خطرہ نہیں ہوتا۔

زیرہ

کھانوں اور رائتے میں استعمال کیا جانے والا زیرہ آپ کی قبض کے لئے بھی بہت مفید ہے۔ اس کی وجہ سے معدے میں موجود اچھے بیکٹیریا کی تعداد میں اضافہ ہوتا ہے اور قبض دور ہو جاتی ہے۔ اسے پانی میں ابال کر قہوہ کی طرح پیا جائے تو قبض سے نجات حاصل ہوگی۔

لیموں اور سیب کا سرکہ

ان دونوں اجزاء کو نیم گرم پانی میں ڈال کر قبض سے نجات حاصل کی جا سکتی ہے۔ ایک چمچ لیموں کا رس اور ایک چمچ سیب کا سرکہ نیم گرم پانی میں ڈال کر پینے سے قبض دور ہو جائے گا اور معدہ مضبوط ہوگا۔

سونف

پیٹ کی مختلف بیماریوں خاص طور پر قبض کے لئے سونف کا استعمال مفید ہے۔ سونف آنتوں کی صفائی کر کے قبض سے نجات دلاتی ہے۔ ایک چمچ سونف کو ایک گلاس پانی میں ڈال کر ابالیں اور آدھا پانی رہ جانے پر یہ مشروب پی لیں، باقاعدہ استعمال سے آپ واضح فرق دیکھیں گے۔

بقیہ: انار کے 50 فوائد

(۴۴) انار موٹاپے کو ختم کرتا ہے۔ (۴۵) آکسفورڈ یونیورسٹی سے وابستہ ماہرین نے کئی سال کی تحقیق کے بعد طبی ٹیسٹوں اور ان کے نتائج پر ایک تجزیاتی رپورٹ پیش کی ہے جس میں انہوں نے لکھا ہے صحت کی حفاظت کیلئے انار ایک سپر پاور پھل ہے۔ (۴۶) جدید تحقیق کے بعد محققین نے یہ بھی کہا کہ ذہنی تناؤ کو کم کرنے کے لیے انار یا انار کا فریش جوس ایک بہترین ٹانک ہے۔ (۴۷) تازہ ترین جائزے اور تحقیق سے پتا چلا ہے کہ انار پروسٹیٹ کینسر، آنتوں کے کینسر کو روکنے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے۔ (۴۸) ایک جدید تحقیق کے مطابق انار ذیابیطس میں مبتلا افراد کے لیے زبردست فائدہ مند ہے۔ انار بلڈ شوگر کی سطح کو کنٹرول میں رکھتا ہے۔ (۴۹) انار کے متعلق جدید ریسرچ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ انار ہارٹ اٹیک سے بچنے کا ایک زبردست نسخہ ہے۔ (۵۰) انار دل کی شریانوں کو چربی سے پاک کر کے خون کی روانی کو بہتر بناتا ہے اور قلبی نظام کو زبردست طاقت دیتا ہے۔

پھلوں کے فائدے اور نقصانات

جمیل قادری

آم

آم مقوی اور زود ہضم ہے۔ مزاج کے اعتبار سے گرم تر ہے۔ نیا خون پیدا کرتا ہے، جسم کو موٹا کرتا ہے، رافع قبض اور پیشاب آور ہے۔

آم کے بعد دودھ پینے سے جسم میں طاقت آتی ہے۔ دل اور دماغ، معدے اور پھیپھڑوں کو طاقت پہنچاتا ہے۔ نہار منہ آم کھانا مضر ہے۔

کھٹا آم بھی مضر صحت ہے۔ پختہ شیریں اور بے ریشہ آم بہترین ہوتا ہے۔

سیب

سیب بہترین دماغی غذا ہے کیونکہ اس میں دوسرے پھلوں کی نسبت فاسفورس اور فولاد زیادہ مقدار میں پایا جاتا ہے۔

اور فاسفورس دماغ کی اصلی غذا ہے۔ سیب جگر کے فعل کو درست کر کے سستی رفع کرتا ہے۔

دینی اور دماغی قوت بخشتا ہے، اس کے متواتر استعمال کرنے سے خون صالح پیدا ہوتا ہے۔ رنگت نکھرتی ہے۔

رخساروں میں سرخی پیدا ہوتی ہے۔ گردے اور دانتوں کے لیے بھی فائدہ بخش ہے، خواتین کو خصوصیت کے ساتھ سیب زیادہ مقدار میں کھانا چاہیے۔

بچوں کی پیدائش کی دفعہ بکثرت استعمال سے عورتوں کو بہت سی بیماریوں سے دور رکھتا ہے، تاثیر کے لحاظ سے سیب گرم تر ہے۔ سیب کا مربہ دماغ اور خون کی کمزوری کیلئے مفید ہے، سیب کسی حد تک بھاری اور دیر سے ہضم ہوتا ہے۔

کیلا

وٹامنز کے لحاظ سے کیلا مفید ترین پھلوں میں سے ہے۔ کیلے میں نشاستہ اور شکر زیادہ ہوتی ہے، اس میں بہت زیادہ ٹھوس غذائیت ہوتی ہے۔

نہایت مقوی اور جسم کو موٹا کرنے والی غذا ہے، طاقت اور خون پیدا کرتا ہے۔

کیلے کو خوب چبا چبا کر پانی سا بنا کر حلق سے نیچے اتارنا چاہیے۔

کمزور معدے والوں کو اس کے استعمال سے احتیاط کرنی چاہیے، کچے کیلے کی سبزی گرمی اور خشکی کے نقائص کی رافع ہے۔

مالٹا

نہایت خوش ذائقہ اور مفید پھل ہے۔ اس کا مزاج سرد تر ہے، ہاضم اور طاقت بخش ہے، نیا خون پیدا کرتا ہے۔

گرمی اور فساد خون رفع کرتا ہے، بدہضمی بخار میں اس کا استعمال نہایت سود مند ہے۔

کھانسی اور زکام میں نقصان پہنچاتا ہے۔

سنگترہ

سنگترہ معدے اور آنتوں کو صاف کرتا ہے، ہاضمے کو تقویت پہنچاتا ہے۔ قبض کشا ہے۔

دل اور جگر کیلئے بے انتہا مفید ہے، سنگترے کا گودہ شیر خوار بچوں کیلئے آب حیات سے کم نہیں۔

سینے کو صاف اور جوش مفرح ہے، گرمی اور پیاس کو رفع کرتا ہے۔ ثقیل غذا کے بعد سنگترے نہایت مفید ہیں۔

خربوزہ

گرم تر مفرح پھل ہے۔ فرحت بخشتا ہے۔ یرقان اور قبض دور کرتا ہے۔

رکے ہوئے پیشاب کو کھولتا ہے۔ پسینہ لاتا ہے۔ اور دودھ پلانے والی ماؤں کے لیے بہترین ہے۔

بچے کے دودھ کو پورا کرنے میں مدد دیتا ہے۔ اس کا زیادہ استعمال گرمی ختم کرتا ہے۔

بیماریاں اور ان کا طبی حل

مولانا حکیم سلیم اللہ صاحب (ناظم روحانی درس گاہ)

مردانہ کمزوری

س حکیم صاحب! میری عمر 38 سال ہے۔ 4 بچوں کا باپ ہوں۔ میں ہر طریقے سے مکمل صحت یاب تھا۔ لیکن 2 سال سے اپنے اندر بہت کمزوری محسوس کر رہا ہوں۔ اللہ پاک کے فضل وکرم اور والدین کی تربیت کی بدولت میں الحمدللہ بچپن سے لے کر اب تک گناہوں اور غلط ماحول سے محفوظ ہوں۔ میں اس پرابلم کی وجہ سے بہت پریشان ہوں۔ اس پریشانی کا ذکر میں نے کبھی بھی کسی سے نہیں کیا۔ حکیموں اور سنیاسیوں کے پاس جانے میں بھی شرم محسوس کرتا ہوں۔ میرے ایک دوست نے مجھے خزینہ روحانیات پڑھنے کے لیے دیا۔ تو اس میں مطب العارف کی ادویات کے اشتہارات دیکھ کر میں نے فون پر رابطہ کیا تو انہوں نے براہ راست ملنے یا اپنے مکمل حالات بھیجنے کا کہا تھا۔ میرا آنا تو مشکل ہے چونکہ میں سب بھائیوں بہنوں میں بڑا ہوں اور کاروبار سے نکلنے کا وقت بھی مشکل سے ہی ملتا ہے۔ آپ میری مدد کریں۔ میرے اس مسئلے کو حل کریں۔ میں آپ کو بہت دعائیں دوں گا۔

(س۔م، بہاولپور)

ج میرے بھائی! بہت شکریہ آپ کے مطب العارف پر اعتماد اور رجوع کرنے کا۔ ہم بھی اپنے مریضوں کی بھرپور خدمت کو اور ان کے مسائل کے حل کو اپنے لیے سعادت سمجھتے ہیں۔ محترم آپ کو کوئی بیماری یا مسئلہ نہیں ہے۔ آپ بالکل ٹھیک ہیں۔ آپ سے ایک گزارش ہے کہ آپ صبح شام، دن رات کام کام اور بس کام کے اصول اور مشن پر عمل پیرا ہیں۔ یاد رہے کہ اس مشن پر اور اس اصول پر عمل کرنے کے لیے اپنی صحت کا بھرپور خیال رکھنا بھی ضروری ہوتا ہے۔ ہمارا جسم بھی ایک مشینری کی طرح ہے۔ اس مشینری کا خیال جب تک آپ نہیں رکھیں گے۔ اس مشینری کی دیکھ بھال جب تک آپ نہیں کریں گے۔ اس مشینری کے نفع یا نقصان کو آپ مدنظر نہیں رکھیں گے۔ اس کی مکمل حفاظت، اس کی مکمل نگہداشت، اس کی صفائی ستھرائی اور دیگر معاملات کا خیال نہیں رکھیں گے تو بہت جلدی یہ مشینری دیگر مشینوں اور مشینریوں کی طرح خراب، ٹوٹ پھوٹ کا شکار، بار بار تنگ کرنے، وقت پر جواب دے جانے اور عین وقت پر دھوکہ دینے لگ جائے گی۔ افسوس اس بات کا ہے کہ ہم اس بات پر بالکل ہی عمل نہیں کرتے کہ جان ہے تو جہان ہے، اگر جان ہی نہیں تو جہان کا کیا فائدہ ہے۔ میرے بھائی وقت پر کھانا، وقت پر پینا، وقت پر آرام کرنا، وقت پر سونا، وقت پر جاگنا، گرمی سردی میں اپنا خیال رکھنا، گرم ٹھنڈی خوراک میں احتیاط کرنا، یہ بہت بلکہ بہت ہی ضروری ہے۔ جب آپ اس چیز کا خیال نہیں رکھیں گے تو یہ مشینری بھی آپ کا خیال نہیں رکھے گی۔ بہت جلدی خراب ہو جائے گی۔ وقت سے پہلے خراب ہو جائے گی۔ اس لیے اپنا خیال رکھیں، اپنی صحت کا خیال رکھیں، اپنی خوراک کا خیال رکھیں، اپنے آرام کا خیال رکھیں، جب آپ ان اصولوں پر عمل پیرا ہوں گے تو کبھی بھی آپ پریشان نہیں ہوں گے۔ جدید تحقیق سے پتا چلا ہے کہ 60% فیصد لوگ حقیقت میں کسی بھی طرح سے مردانہ کمزوری کا شکار نہیں ہوتے۔ یہ نفسیاتی نامردی اور نفسیاتی کمزوری کا شکار ہوتے ہیں۔ دراصل جنسی خواہشات دل ودماغ کے تابع ہوتی ہے اور یاد رکھیں کہ دل اور دماغ پر جب بھی کسی منفی چیز کے اثرات ہوتے ہیں تو خواہشات اور عمل دونوں ہی شدید متاثر ہوتے ہیں۔ نفسیاتی نامردی، نفسیاتی کمزوری کے مریضوں کے خاص اعضاء میں کسی بھی قسم کی خرابی یا کمزوری نہیں ہوتی۔ بلکہ خرابی اور کمزوری ان کے دل ودماغ میں ہوتی ہے۔ کیونکہ عضو تناسل اور تمام تر مردانہ خواہشات کی تیاری اور تکمیل دو دماغ کے تابع اور دل ودماغ کے کنٹرول میں ہوتی ہے۔ دل ودماغ جب تک پرسکون، مطمئن، تفکرات سے آزاد اور مکمل آزاد نہیں ہوں گے۔ اس وقت تک ایسے افراد اپنے آپ کو بیمار ہی سمجھتے رہیں گے اور دن بدن نفسیاتی طور پر کمزوری کا احساس دل ودماغ میں پروان چڑھاتے چڑھاتے ایک دن واقعی کمزوری کی دلدل میں ہمیشہ کیلئے پھنس جائیں گے۔ دراصل دل ودماغ پر چھائے کاروباری معاملات، معاشی معاملات، مختلف ٹینشن، مختلف فکریں، قرض، خوف، گھبراہٹ وغیرہ جب دل ودماغ پر (بقیہ ص 41)

تین دن میں بے شمار اعمال کے عامل بننے کا سنہری موقع

ہر سال کی طرح امسال بھی ۶/۷/۸ صفر المظفر ۱۴۴۱ھ کو سالانہ روحانی اجتماع منعقد ہوگا (ان شاء اللہ)، جس میں بے شمار اعمال کی ریاضتیں صرف تین ہی دنوں میں کروائی جائیں گی۔ تین دن میں جو ریاضت کروائی جاتی ہے وہ چالیس دن والی ریاضت کے برابر نہیں ہو سکتی لیکن ان تین دنوں میں سیکھے جانے والے اعمال سے ایک سال تک بھرپور فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔ ان اعمال میں فیس اور بغیر فیس والے...... **دونوں طرح کے اعمال ہیں۔**

بغیر فیس والے اعمال کی تفصیل

(۱)......عوام کے لیے

(۱) آیت الکرسی (۲) بنیادی حصار (۳) معوذتین (۴) نظر بد ختم کرنے کا عمل (۵) سورۂ فاتحہ (۶) عمل حفاظت "یا حافظ یا حفیظ" (۷) عمل فراخی رزق (۸) درود ابراہیمی (۹) بسم اللہ الرحمن الرحیم (۱۰) سلام قولا من رب رحیم (۱۱) آیت کریمہ (۱۲) عمل محبت "یا لطیف یا ودود" (۱۳) عمل زبان بندی (۱۴) درود تنجینا (۱۵) دعائے حزب البحر (۱۶) دعائے حزب النصر (۱۷) سورۂ ناس (خاص طریقہ)

(۲)......علمائے کرام کے لیے

علمائے کرام درج ذیل اعمال سیکھ سکتے ہیں۔ عالم ہونے کا ثبوت دینا لازمی ہے۔ اپنی سند فراغت کی کاپی ارسال کریں یا ہمراہ لائیں۔

(۱) آیت الکرسی (درجہ دوم) (۲) معوذتین (درجہ دوم) (۳) منزل (درجہ دوم) (۴) نظر بد ختم کرنے کا عمل (درجہ دوم) (۷) قصیدہ طوبیٰ (۸) قصیدہ حسنیٰ (۹) اسم ذات کا عمل (۱۰) عمل تہدیدی نامہ مبارک (۱۱) "جادو اور جنات کے توڑ اور حفاظت" کا خاص رقیہ۔

(۳)......ماہنامہ خزینۂ روحانیات کے ممبران کے لیے

(۱) حصار (خاص عمل) (۲) لاحول ولا قوۃ الا باللہ (۳) منزل (درجہ اول) (۴) آیات شفاء (۵) تسخیر خلائق کا خاص عمل (۶) درود خضری (۷) سورۃ یٰسین (۸) "سورۃ واقعہ" کا خاص عمل (۹) سورۂ مزمل کا خاص عمل۔۔

(۴)......روحانی درسگاہ کے طالب علموں کے لیے

روحانی درسگاہ کے طالب علم سے مراد یہ ہے کہ جس شخص نے داخلہ لیا ہو اور کوئی کورس یا بڑا عمل سیکھ رہا ہو۔ صرف داخلہ فارم جمع کروانے والوں کو شامل نہیں کیا جائے گا۔ درج ذیل اعمال سکھے جا سکتے ہیں:

(۱) ہر قسم کی بندش ختم کرنے کا عمل (۲) آیت کریمہ کا خاص عمل

فیس والے اعمال کی تفصیل

(۱)......باموکل اعمال

(۱) سورۂ مزمل باموکل کا بڑا عمل (۲) سورۂ فیل باموکل کا بڑا عمل (۳) سورۂ اخلاص باموکل کا بڑا عمل (۴) آیت الکرسی باموکل کا بڑا عمل (۵) آیت قطب باموکل کا بڑا عمل (۶) چہل کاف باموکل کا بڑا عمل

(۲)......نورانی اعمال

(۱) سورۂ جن کا بڑا عمل (۲) سورۂ مزمل کا بڑا عمل (۳) معوذتین کا بڑا عمل (۴) منزل کا بڑا عمل (۵) منت باللہ کا بڑا عمل (۶) حصار قرآنی کبیر کا بڑا عمل

(۳)......علوی اعمال

(۱) چہل کاف کا بڑا عمل (۲) نورانی مندرے کا بڑا عمل (۳) مندرہ کبیر کا بڑا عمل (۴) عمل باندھ جادو کا بڑا عمل (۵) عصائے کلیم اللہ کا بڑا عمل۔۔۔

انار کے 50 فوائد

مولانا حکیم سلیم اللہ صاحب (ناظم روحانی درس گاہ)

ماہرین اغذیہ، محققین، قدیم حکماء کرام نے انار کو تمام پھلوں کا سردار لکھا ہے۔ اس بات میں شک وشبہ کی کسی قسم کی گنجائش بھی نظر نہیں آتی، اس لیے کہ انار اپنی تاثیر، اپنے ذائقہ، اپنی شفاء بخشی، اپنی لذت آفرینی اور اپنے دیگر تمام خواص میں بے مثل ہے۔ انار کی لطافت اور اس کے اس کی بشاشت پروری کا اندازہ اس بات سے لگائیے کہ اکثر بیماریوں میں طبیعت کی اصلاح، کمزوریوں سے نجات، دنوں میں طاقت، صالح اور تازہ خون کی پیدائش کے لئے انار ہی استعمال کروایا جاتا ہے۔ اور بلاشبہ انار سے بے شمار فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ میٹھا انار، کھٹے انار کی نسبت ہزار درجہ بہتر اور فائدہ مند ہوتا ہے۔ ویسے گرمی کے اثرات کو دور کرنے کے لیے تو کھٹے انار بھی فائدہ مند ہیں۔ انار کے فوائد اس قدر زیادہ ہیں کہ بے شک انار ایک بہترین پھل اور بعض دیگر پھلوں میں غذائیت کے اعتبار سے ایک نمایاں حیثیت کا حامل ہے۔ انار کا شمار جسم کی نشوونما، لطافت طبع اور طاقت بخشی کے لحاظ سے بہترین اور اعلیٰ درجے کے غذائیت پرور پھلوں میں ہوتا ہے۔

قارئین! آیئے انار کے فوائد وخواص پڑھیے۔ ان خواص کو مدنظر رکھتے ہوئے انار سے زبردست فوائد حاصل کیجئے اور انار سے اپنی بیماریوں کو دور بھگائیے۔

(۱) انار تازہ خون پیدا کرتا ہے۔ (۲) انار اعضائے رئیسہ کو طاقت دیتا ہے۔ (۳) انار جگر کی اصلاح کرتا ہے۔ (۴) انار معدہ کو ٹھیک کرتا ہے۔ (۵) انار چہرے کی رنگت کو نکھارتا ہے۔ (۶) انار چہرے کو سرخ کرتا ہے۔ (۷) انار پیٹ کو نرم کرتا ہے۔ (۸) انار پورے جسم کی نشوونما کرتا ہے۔ (۹) انار دل کو طاقت دیتا ہے۔ (۱۰) انار گھبراہٹ کو دور کرتا ہے۔ (۱۱) انار طبیعت کی بے چینی کو ختم کرتا ہے۔ (۱۲) انار جسم کے انگ انگ کو طاقت بخشتا ہے۔ (۱۳) انار کھٹی ڈکاروں کو بند کرتا ہے۔ (۱۴) انار قے کو روکتا ہے۔ (۱۵) انار شدت پیاس کو ختم کرتا ہے۔ (۱۶) انار پیشاب کی جلن کو ختم کرتا ہے۔ (۱۷) انار سوزاک کے مریضوں کے لیے فائدہ مند ہے۔ (۱۸) انار یرقان کے مریضوں کے لیے بہت ہی فائدہ مند ہے۔ (۱۹) انار سینے اور معدہ کی حرارت کو بجھاتا ہے۔ (۲۰) انار خون کی حدت کو ختم کرتا ہے۔ (۲۱) انار زبردست بھوک لگاتا ہے۔ (۲۲) انار مرض سنگ رہنی میں مفید ہے۔ (۲۳) انار جگر کو طاقت دیتا ہے۔ (۲۴) انار معدے کو طاقت دیتا ہے۔ (۲۵) انار خشک کھانسی کے لیے مفید ہے۔ (۲۶) انار استسقاء یرقان کے لیے فائدہ مند ہے۔ (۲۷) انار زبردست مقوی قلب ہے۔ (۲۸) انار دستوں کو روکتا ہے۔ (۲۹) انار آنتوں سے فضلات کو خارج کرتا ہے۔ (۳۰) انار الرجی کو ختم کرتا ہے۔ (۳۱) انار سوزشوں کو ختم کرتا ہے۔ (۳۲) انار صفراوی امراض کے لیے فائدہ مند ہے۔ (۳۳) انار گرم مزاج افراد کے لیے اکسیر ہے۔ (۳۴) انار زبردست مفرح ہے۔ (۳۵) انار زبردست سکون آور ہے۔ (۳۶) انار مغل شہنشاہوں کا مرغوب ترین پھل ہے۔ (۳۷) انار جسمانی وروحانی امراض کے لیے شفاء ہے۔ (۳۸) انار کے استعمال سے اکثر امراض خود بخود دور ہوجاتے ہیں۔ (۳۹) انار کے متعلق شفاء بخشی کی وجہ سے یہ مقولہ مشہور ہے، 100 بیمار ایک انار۔ (۴۰) انار ہر طرح کے سیلان خون کے مریضوں کے لیے زبردست فائدہ مند ہے۔ (۴۱) انار میں پروٹین، کاربوہائیڈریٹ، کیلوریز، سوڈیم، پوٹاشیم، کیلشیم، میگنیشیم، فاسفورس، سلفر، کلورائیڈ وغیرہ قیمتی اجزاء بکثرت پائے جاتے ہیں۔ (۴۲) حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ''ایسا کوئی انار نہیں ہوتا کہ جس میں جنت کے اناروں کا دانہ شامل نہ ہو، اس لحاظ سے بھی انار بے شمار فوائد کا حامل ہے۔ اس میں حتمی انار جو طاقت، افادیت، روحانیت، شفائیت کا حامل ہے، کا اثر بھی پایا جاتا ہے۔ (۴۳) حضرت علیؓ سے بھی انار کے متعلق ایک روایت کتابوں میں ملتی ہے کہ رسول اکرم ﷺ کا ارشاد گرامی ہے کہ ''انار کھاؤ اس کے اندرونی چھلکے سمیت کہ یہ معدے کو حیات نو عطا کرتا ہے۔'' حکماء کرام کا کہنا ہے کہ انار کے اندر والے باریک چھلکے میں کیڑے، جراثیم اور انفیکشن ختم کرنے والے اثرات کثیر مقدار میں پائے جاتے ہیں اور یہ پیٹ کے تمام کیڑوں کے لیے مؤثر دوا کا کام کرتا ہے۔ (بقیہ ص 53)

دکان پر گاہک اللہ بھیجتا ہے

مترجم: عمر جنجوعہ

(عربی سے ترجمہ شدہ ایک خصوصی تحریر)

بن داؤد سپر سٹور مکہ مکرمہ اور اللہ پر توکل

برطانیہ، چین اور ملائشیا کے مشہور سپر سٹورز میں کام کرنے والے ایک لائق فائق مینجر کو بن داؤد سپر سٹور مکہ مکرمہ میں کام کرنے کا اتفاق ہوا۔

وہ برطانوی نژاد تھا اور بزنس مینجمنٹ کی کتابوں میں اس نے ہمیشہ اپنے مدمقابل ''منافس'' (compititor) کو نیچا دکھا کر آگے بڑھنا ہی سیکھا تھا۔

مکہ مکرمہ میں کچھ عرصہ اس نے بطور ریجنل مینجر کے اپنی خدمات سرانجام دیں۔ دریں اثناء اس نے دیکھا کہ ایک دوسرے نام کے سپر سٹور کی برانچ اس کے سٹور کے بالکل سامنے کھلنے کی تیاریاں ہو رہی ہیں۔

اس نے سوچا کہ یہ لوگ ادھر آ کر اس کی سیلز پر اثر انداز ہوں گے۔ لہذا اس نے فوراً بن داؤد سپر سٹورز کے مالکان کو ایک رپورٹ پیش کی، جس میں اس نئے سپر سٹور کے متعلق کچھ معلومات، مشورے اور آئندہ کا لائحہ عمل اختیار کرنے کی تجاویز دیں۔

اس کو زندگی میں حیرت کا شدید ترین جھٹکا لگا جب مالکان نے اس کو نئے سپر سٹور کے ملازمین کا سامان رکھوانے، سٹور کی تزئین و آرائش اور ان کے چائے پانی کا خاص خیال رکھنے کا کہا۔

اس کی حیرت کو ختم کرنے کیلئے بن داؤد سٹورز کے مالکان نے کہا کہ ''وہ اپنا رزق اپنے ساتھ لائیں گے اور ہمارا رزق ہمارے ساتھ ہوگا۔

اپنے لکھے گئے رزق میں ہم ایک ریال کا اضافہ نہیں کر سکتے اگر اللہ چاہے۔ اور نئے سٹور والوں کے رزق میں ہم ایک ریال کی کمی نہیں کر سکتے اگر اللہ چاہے۔

تو کیوں نا ہم بھی اجر کمائیں اور مارکیٹ میں نئے آنے والے تاجر بھائی کو خوش آمدید کہہ کر ایک خوشگوار فضا قائم کریں۔''

الفقیہ پولٹری اور مقابل کی مدد

دوسرا واقعہ مشہور پولٹری کمپنی کا ہے۔ الفقیہ پولٹری کمپنی کے مالک نے مکہ مکرمہ میں ایک عظیم الشان مسجد (مسجد فقیہ) بھی تعمیر کی ہے۔

اس کی منافس کمپنی الوطنیہ چکن لاکھوں ریالوں کی مقروض ہو کر دیوالیہ پن کے قریب پہنچ گئی۔

فقیہ کمپنی کے مالک نے جب یہ صورتحال دیکھی تو اپنی مخالف کمپنی کے مالک کو ایک خط بھیجا اور ساتھ ایک دس لاکھ ریال سے زائد کا چیک بھیجا۔ اس خط میں لکھا تھا: ''میں دیکھ رہا ہوں کہ تم دیوالیہ پن کے قریب کھڑے ہو، میری طرف سے یہ رقم قبول کرو، اگر مزید رقم کی ضرورت ہے تو بتاؤ۔ پیسوں کی واپسی کی فکر مت کرنا۔ جب ہوئے لوٹا دینا۔''

اب دیکھئے کہ اب پتی شیخ الفقیہ کے پاس الوطنیہ کمپنی خریدنے کا ایک نادر موقع تھا لیکن اس نے اپنے سب سے بڑے مخالف کی مالی مدد کرنے کو ترجیح دی۔

حاصل کلام

اوپر بیان کیئے گئے دو سچے واقعات آپ کو اسلامی تجارت کے اصولوں سے متعارف کراتے ہیں۔ کسی مخالف کمپنی سے پریشان نا ہوں۔ اگر آپ اپنا کام ایمانداری سے کرتے اور کسی پر احسان کرتے تو اللہ تعالیٰ آپ کا بازو پکڑ کر آپ کو کامیابی کی معراج تک پہنچا دیتے۔

یاد رکھیں! کسی کی ٹانگ کھینچنے سے آپ کا رزق زیادہ نہیں ہوگا، اس کے جو نصیب کا ہے، اس کو مل کر رہے گا۔

آخر میں توکل کے حوالے سے ایک شعر یاد آ رہا جس کو زیب قرطاس کر رہا ہوں:

توکل کا یہ مطلب ہے کہ خنجر تیز رکھ اپنا
پھر انجام اس کی تیزی کا، قدرت کے حوالے کر

بدلہ

تیمر احمد بی اے (کراچی)

بیت اللہ شریف کی زیارت کی غرض سے تین خوبصورت نوجوان، چمک دار پیشانی والے، جن کو دیکھتے ہی خدا یاد آجائے، یادِ خدا میں مستغرق چلے جارہے تھے، راستے میں نہ جانے کس طرح ان کے سامان کے اونٹ ان سے جدا ہو گئے۔ اب حال یہ کہ عرب کی تیز دھوپ اور سفر کی تھکان سے تینوں بھوک و پیاس کی شدت میں بے حال ہو گئے۔ مگر رحمت خداوندی ان کے ساتھ تھی۔ اچانک دور سے ان کو ایک خیمہ نظر آیا۔ جب اس کے قریب پہنچے تو دیکھا کہ ایک بوڑھی عورت اور ایک نہایت کمزور بکری کے علاوہ وہاں کوئی نہیں ہے۔

ایک نے آگے بڑھ کر اس عورت کو اپنا مقصد بیان کیا، اے بزرگ خاتون! ہم حج کے ارادے سے جارہے ہیں۔ راستے میں سامان سفر گم ہو گیا ہے۔ اگر آپ کے پاس ہمارے پینے کیلئے کوئی چیز پانی، لسی یا دودھ وغیرہ ہو تو ہمیں دے دو۔ بوڑھی عورت نے کہا میرے پاس اس معمولی سی بکری کے علاوہ کچھ نہیں ہے۔ اگر مناسب سمجھو تو اس کا دودھ نکال لو اور تھوڑا تھوڑا تینوں پی لو۔ یہ سن کر ان کے چہرے فرطِ مسرت سے کھل اٹھے۔ تینوں نے اس بکری سے دودھ نکالا اور پیا۔ اس سے فراغت کے بعد کہا کہ بزرگ خاتون! آپ کے پاس ہمارے کھانے کیلئے بھی کچھ ہوگا ہمیں بھوک سخت لگی ہے۔

بوڑھی عورت نے کہا میرے پاس تمہاری مہمان نوازی کیلئے اس بکری کے علاوہ اور کچھ نہیں۔ میں تم کو اجازت دیتی ہوں کہ اس کو ذبح کرلو۔ میں تمہارے لئے پکادوں گی۔ تیار ہونے کے بعد سب نے خوب سیر ہو کر کھایا۔

جب دھوپ کی تمازت کم ہوئی، تو یہ تینوں حضرات وہاں سے رخصت ہوئے، چلتے وقت ایک نوجوان نے کہا کہ ہم لوگ ہاشمی ہیں۔ یہ دونوں جوان جنت کے سردار حسن رضی اللہ عنہ اور حضرت حسین رضی اللہ عنہ ہیں اور میں عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ اس وقت ہم حج کے ارادے سے جارہے ہیں۔ اگر ہم زندہ سلامت مدینہ واپس پہنچ جائیں تو اے بزرگ عورت! آپ ہمارے پاس آنا ہم آپ کے اس احسان کا بدلہ دیں گے۔ پھر یہ حضرات وہاں سے رخصت ہو گئے۔

ان حضرات کے چلے جانے کے بعد جب اس عورت کا شوہر آیا تو اس عورت نے ان محترم ہاشمی مہمانوں کا ذکر کیا، سنتے ہی وہ غصہ سے بھر گیا، اس کا چہرہ خشک ہو گیا۔ بے انتہا خفگی کے ساتھ کہنے لگا کہ تو نے اجنبی لوگوں کے واسطے بکری ذبح کرڈالی۔ معلوم نہیں کون تھے؟ کہاں سے آئے تھے اور پھر کہتی ہے کہ ہاشمی تھے۔ غرض بہت خفا ہونے کے بعد وہ خاموش ہو گیا۔ کچھ دن بعد دونوں کو غربت و افلاس نے آگھیرا۔ جب رہا نہ گیا اور مصیبتوں کے پہاڑ ٹوٹتے نظر آئے تو ان دونوں نے محنت و مزدوری کی غرض سے مدینہ جانے کا قصد کیا اور کئی دن کی مسافت طے کرکے مدینہ منورہ پہنچ گئے، دن بھر مینگنیاں چنا کرتے اور ان کو بیچ کر گزر کیا کرتے۔ ایک دن وہ بوڑھی عورت مینگنیا چنتی ہوئی حضرت حسنؓ کے مکان کے قریب سے گزری۔ حضرت حسنؓ دروازے پر تشریف رکھتے تھے۔ جب اس بوڑھی عورت پر نگاہ پڑی تو فوراً اپنے غلام کو بلایا اور فرمایا کہ اس بوڑھی عورت کو بلا کر لاؤ، جب وہ آئی، تو فرمایا کہ اے اللہ کی بندی! آپ مجھ کو پہچانتی ہیں؟ بوڑھی عورت نے کہا، میں آپ کو نہیں جانتی، حضرت حسنؓ نے فرمایا بزرگ خاتون! بلاشک میں وہی ہوں دودھ اور بکری والا مہمان، بوڑھی عورت نے پھر بھی نہ پہچانا اور کہا، کیا خدا کی قسم تم وہی ہو؟ حضرت حسنؓ نے فرمایا کہ میں وہی ہوں اور یہ فرما کر اپنے غلاموں کو حکم دیا کہ ان بزرگ خاتون کیلئے ایک ہزار بکریاں خریدی جائیں۔ غلاموں نے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے فوراً بکریاں خریدیں۔ پھر حضرت حسنؓ نے بوڑھی عورت کو بکریوں کے ساتھ ایک ہزار اشرفیاں بھی عطا فرمائیں اور اپنے غلاموں کو حکم دیا کہ ان بزرگ خاتون کو میرے چھوٹے بھائی حسینؓ کی خدمت میں لے جاؤ۔ حضرت حسینؓ بوڑھی عورت کو دیکھتے ہی پہچان گئے اور فرمایا کہ بھائی نے آپ کے احسان کا کیا بدلہ عطا فرمایا؟

بوڑھی عورت نے خوشی کے ساتھ عرض کیا کہ ایک ہزار (باقی صفحہ 30)

کوئی وعدہ نہیں — کوئی دعویٰ نہیں

روحانی علاج (10)

جگہ پر موجود ہر قسم کی غیبی مخلوق سے نجات

یہ روحانی علاج ان لوگوں کے لیے ہے، جن کی جگہوں پر کسی بھی قسم کی منفی غیبی مخلوق موجود ہو اور وہ کسی طرح بھی علاج سے نہ جا رہی ہو۔ گھر، دفتر، سکول، کالج، یونیورسٹی، فیکٹری، گودام، کلینک، ہسپتال، دکان، بلڈنگ وغیرہ...... جگہ کوئی بھی ہو مگر کھلی جگہ نہ ہو یعنی کھیت یا پلاٹ نہ ہو یہ اس روحانی علاج سے ان شاء اللہ، وہ مخلوق جگہ چھوڑ کر چلی جائے گی۔

ایسے تمام افراد جن کی جگہوں پر غیبی مخلوق نے قبضہ جمایا ہوا ہے یا پھر ان کی رہائش ہے اور مسلسل برے اثرات ڈال رہے ہیں تو وہ سب اس روحانی علاج سے فائدہ اٹھائیں۔ تمام ہدایات عمل کے ساتھ دی جاتی ہیں۔ تین ہفتے پر مشتمل علاج کا ہدیہ 2100 روپے ہے۔

کوئی وعدہ نہیں — کوئی دعویٰ نہیں

روحانی علاج (13)

سخت قسم کے جادو، سایہ اور جنات سے نجات

یہ روحانی علاج ان مریضوں کے لیے ہے، جن پر جادو، سایہ اور جنات کے سخت اثرات ہوں اور وہ کسی طرح بھی علاج سے ختم نہ ہو رہے ہوں۔ بار بار علاج کے باوجود دوبارہ ہو جاتے ہوں۔ ایسے وقت میں ان اثرات کو اور ان کے پیچھے مسلط مخلوق کو جلانا مجبوری بن جاتا ہے۔

اس روحانی علاج سے ہر قسم جادو، سایہ اور جنات کے سخت اثرات اور ان کے پیچھے مسلط مخلوق کو جلا دیا جاتا ہے۔ اس لیے خاص ہدایات عمل کے ساتھ دی جاتی ہیں تاکہ غیبی مخلوق کو جلانے کے بعد کسی قسم کا نقصان نہ ہو اور کسی قسم کی رجعت نہ ہو۔

تین ہفتے پر مشتمل علاج کا ہدیہ 2100 روپے ہے۔

روحانی دکان دار العمل چشتیہ
0346-4312272, 042-35410586
ruhanishop
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com
0320 0334 4312272 ruhani.shop ruhani-shop

کوئی وعدہ نہیں — کوئی دعویٰ نہیں

روحانی علاج (20)

سحر کو دشمن کی طرف واپس کرنا (واپسی سحر)

جادو (سحر) کے علاج میں ایک قسم "سحر مسلسل" کی ہوتی ہے۔ اس میں ساحر یا سحر کروانے والا بار بار سحر کرتا یا کرواتا رہتا ہے۔ یہ ایک بہت تکلیف دہ صورتحال ہوتی ہے۔ مریض بار بار علاج کرتا ہے اور جادو پھر ہو جاتا ہے۔ ایسی صورتحال سے نمٹنے کے لیے سحر کو دشمن کی طرف واپس کرنا مجبوری بن جاتا ہے۔ مسلسل "واپسی سحر" کا عمل کرنے کا یہ فائدہ ہوتا ہے کہ جب بھی دشمن سحر کرے گا، اس پر واپس ہو جائے گا۔

ایسے تمام مریض، جن پر مسلسل سحر ہو رہا ہو، وہ "واپسی سحر" کے اس روحانی علاج سے فائدہ اٹھائیں۔ تمام ہدایات عمل کے ساتھ دی جاتی ہیں۔ تین ہفتے پر مشتمل علاج کا ہدیہ 2400 روپے ہے۔

روحانی دکان دار العمل چشتیہ
0346-4312272, 042-35410586
ruhanishop
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com
0320 0334 4312272 ruhani.shop ruhani-shop

کوئی دعویٰ نہیں — کوئی وعدہ نہیں

روحانی علاج (41)

ہر طرح کے امراض کا علاج

طب میں جتنے بھی طریقہ علاج ہیں، ان سب میں مختلف امراض اور علامات کے الگ الگ علاج کیے جاتے ہیں۔ کچھ ایسی ادویات ہوتی ہیں جو ایک سے زائد امراض اور علامات کے لیے مفید ہوتی ہیں مگر کوئی ایسی دوائی نہیں جو ہر مرض کے علاج کے لیے ہو۔

یہ اعزاز صرف اور صرف روحانی علاج کو حاصل ہے کہ ہر طرح کے جسمانی امراض کا ایک ہی علاج ہو۔ اس کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ بہت سے امراض کا پتہ بھی نہیں ہوتا، وہ بھی ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ سر سے لے کر پیر تک...... تمام جسمانی امراض کے علاج کیلئے ایک ہی مؤثر روحانی علاج۔

ہدیہ 5100 روپے

شاگردوں اور عاملین کے لیے رعایت

روحانی دکان دار العمل چشتیہ
0346-4312272, 042-35410586
ruhanishop
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com
0320 0334 4312272 ruhani.shop ruhani-shop

سورۂ اخلاص کے عامل بنیں اور بنائیں

تعارف: سورۂ اخلاص بے شمار خصوصیات کی حامل سورت ہے۔ روحانی معالجین و عاملین اور روحانیت سے تعلق رکھنے والے ہر شخص کو اس سورۃ کا عامل لازمی ہونا چاہئے۔ اس سورۃ کا خاص اثر یہ ہے کہ اس کی برکت اور تاثیر سے روحانی معالج و عامل کے دیگر تمام اعمال میں زبردست طاقت، قوت، مضبوطی اور تیزی پیدا ہو جاتی ہے۔ روحانی معالجین و عاملین کے علاوہ ہر شخص کو اس سورت کا عامل ہونا چاہیے۔ کوئی بھی جائز مقصد ایسا نہیں، جو اس کے دائرہ کار میں نہ آتا ہو۔ خواتین کو اس سورت کی عاملہ ضرور بننا چاہیے کیونکہ گھر اور سسرال میں کئی مواقع ایسے آتے ہیں جس میں اس عمل کو استعمال کیا جاسکتا ہے۔

کیسے سیکھا جائے: اس سورت کا عامل بننے کے لیے چلہ کرنا شرط ہے۔ محض اجازت سے یہ عمل مکمل طور پر جاری نہیں ہوتا۔

عمل کے فائدے درج ذیل ہیں

......روحانیات میں ترقی و عروج حاصل ہو	......جادو جنات کا علاج اور حفاظت	......ظالم و کافر کو مغلوب کرنے کا عمل
......کشائش رزق کے لیے مجرب	......روزگار کے مسائل کا حل	......جان لیوا بیماریوں کا علاج
......دشمنوں کے مسائل کا حل	......جائیداد اور مقدمات کے مسائل کا حل	......تسخیر خلائق میں بہترین
......من پسند شادی	......شادی کے تمام مسائل کا حل	......جائز محبت کے لیے مجرب ترین
......زوجین کے مسائل کا حل	......سسرال کے تمام مسائل کا حل	......اولاد کی نافرمانی کا حل
......ہر جائز مقصد کا حصول	......ہر مشکل و پریشانی سے نجات	......اور بہت کچھ

کون عامل بن سکتا ہے: اس عمل کا ہر کوئی عامل بن سکتا ہے۔ عمر کی کوئی قید نہیں۔ مرد و خواتین...... دونوں عامل بن سکتے ہیں۔

عمل کی فیس: فیس کی تفصیل درج ذیل ہے:

...... پہلے درجے کی کوئی فیس نہیں صرف خزینہ روحانیات کا ممبر ہونا ضروری ہے۔ یہ عمل ہر کوئی کر سکتا ہے۔ اس کا فائدہ اپنی ذات اور صرف اپنے گھر والوں کو پہنچایا جاسکتا ہے۔ خزینہ روحانیات کے آخر میں دیا گیا کوپن پُر کر کے روحانی درسگاہ ارسال کریں۔

...... دوسرے اور تیسرے درجے کی زکوٰۃ کا ہدیہ ایک ہی ہے۔ ہدیہ 4100 روپے

......مزید تین درجوں کی زکوٰۃ کا ہدیہ الگ الگ ہے۔ یہ درجے صرف اور صرف عاملین کے لیے ہیں۔ یہ سب بڑی منزلیں ہیں۔

خاص اجازت: جو لوگ چلہ کشی نہیں کر سکتے، ان کو خاص اجازت بھی دی جاتی ہے، جس میں ضرورت پڑنے پر مختصر مدت میں ریاضت کروا کر عمل جاری کروا دیا جاتا ہے۔ خاص اجازت کا ہدیہ عام اجازت سے دوگنا ہوتا ہے۔

آگے سکھانے کی خاص اجازت: جو عامل یہ چاہتے ہیں کہ اس عمل کو آگے سکھائیں، وہ پہلے خود اس عمل کے عامل بنیں۔ پھر "آگے سکھانے کی خاص اجازت" حاصل کر کے سکھائیں۔ بغیر اجازت عمل کسی کو سکھانے کی صورت میں ان کا اپنا عمل بھی ضائع ہوگا اور نقصان کے ذمہ دار بھی خود ہوں گے۔

مراقبہ روحانی پرواز یعنی جسمِ لطیف کی عالمِ بالا کی سیر

اس کورس کی عملی تربیت انٹرنیشنل انسٹی ٹیوٹ آف پیرانارمل سائنسز، اسلام نگر حویلی لکھا میں پیر صوفی غلام سرور شباب کی زیر نگرانی دی جاتی ہے۔ یہ کورس ایک مراقبہ پر مشتمل ہے۔ اس مراقبہ میں رُوحانی طالب علم کو عملی تربیت دی جاتی ہے کہ وہ کیسے اپنے پیکرِ رُوحانی (جسم لطیف) کو اپنے مادی جسم سے عالم بالا کی طرف بھیج کر دیگر رُوحانی جہانوں کی سیر کرسکتا ہے۔ یہ کورس تین حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلے حصہ میں کورس کی تفصیل اور تھیوری دی گئی ہے۔ جب کہ حصہ دوم میں۔

رُوحانی گائیڈ (ملک خضرائیل) اور (یوشاہ ملک) اور (شاعون خاتون) اُس کی کس طرح رہنمائی کرتے ہیں۔ روضۂ رسول ﷺ پر حاضر ہو کر کس طرح رُوحانی فیض حاصل کیا جاسکتا ہے۔ بغداد شریف میں جناب غوث الاعظم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر کیسے فیض حاصل کیا جاسکتا ہے۔ رُوحانی مخلوق سے ملاقات کر کے کس طرح اُن سے قدیم ترین علوم کے بارے میں معلومات حاصل کی جاسکتی ہے۔ یہ کورس اُن کے لیے بھی مفید ہے جو کسی خاص قسم کے مسائل کا شکار ہوں یا کسی ایسی بیماری میں گھرے ہوں جس کی تشخیص نہ ہو پا رہی ہو۔ یا علاج سمجھ میں نہ آ رہا ہو۔ مثلاً عورتوں کے چہرے کی خوب صورتی، چہرے پر بال وغیرہ سیلز مین اور مارکیٹنگ سے متعلقہ افراد اپنی شخصیت کو پُرکشش اور بارعب بنانا چاہتے ہوں۔ ڈاکٹر اور حکیم شفا بخشی کی قوتوں میں اضافہ کرنا چاہتے ہوں۔ طالب علم جو کند ذہنی و نسیان سے چھٹکارا پانا چاہتے ہوں۔ اور اپنی یادداشت میں خاطر خواہ اضافے کے طالب ہوں۔ رُوحانی طالب علم کو اس کی عملی تربیت دی جاتی ہے۔ چند گھنٹوں کے اس مراقبہ میں رُوحانی طالب نئے جہانوں سے آگاہی حاصل کرسکتا ہے۔

جب کہ حصہ سوم میں "کوہ کاف میں ملک جنات اور پرستان کی سیر"۔ جنات کے بادشاہ (دمریاط الصندید) کی بارگاہ میں شرف یابی"۔ "سات سو بادشاہوں کی ملکۃ الجمال کی بارگاہ میں شرفِ زیارت" "مشرقی، مغربی، سمندری اور خشکی کے جنات کے بادشاہ ملک طارش کی بارگاہ میں حاضری۔ کا مراقبہ شامل ہے۔

کورس کی فیس: 10,000 روپے

سیکھنے والے فرد کا ادارہ میں حاضر ہونا ضروری ہے

زیر اہتمام: علامہ حکیم پیر صوفی غلام سرور شباب قادری
ادارہ فیضان روحانیات پاکستان، اسلام نگر حویلی لکھا ضلع اوکاڑہ پنجاب
0300-4967412, 0333-6974734

ادارے کی شائع کردہ کتب کی تفصیل goo.gl/FCnqkA

کوپن برائے بغیر فیس اعمال

ستمبر 2019ء

تاریخ ____________

نام ____________ والد ____________

والدہ ____________ مکمل پتہ ____________

____

موبائل نمبر ____________

Email (اگر ہو) ____________

مطلوبہ اعمال ____________

نوٹ: رجسٹری جوابی خط کے ساتھ شناختی کارڈ کی ایک عدد صاف کاپی ارسال کریں۔ ایک وقت میں دو اعمال کی اجازت لی جاسکتی ہے۔ مزید شرائط وتفصیلات کے لیے ویب سائٹ دیکھیں یا رابطہ فرمائیں۔

0333-7772775 | 042-35410586

کوپن برائے مفت روحانی خدمات

ستمبر 2019ء

تاریخ ____________

نام ____________ والد ____________

والدہ ____________ مکمل پتہ ____________

____

موبائل نمبر ____________

Email (اگر ہو) ____________

مطلوبہ تعویذات ____________

نوٹ: علیحدہ کاغذ پر اپنا مسئلہ تفصیل سے لکھ کر رجسٹرڈ جوابی لفافے کے ساتھ ارسال کریں۔ ایک فرد کے لیے ایک کوپن استعمال کریں۔ کوپن کے بغیر تعویذات بھیجنے سے معذرت۔ مزید تفصیلات کے لیے رابطہ فرمائیں۔

0324-7772772 | 042-35410586

چہل کاف (ک) کے عامل بنیں اور بنائیں

تعارف: چہل کاف حضرت غوث صمدانی قطب ربانی شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ سے منسوب ایک خاص کلام ہے جو ہر جائز مقصد اور حاجت کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ ہر پیشانی دور کرنے کے لیے بہت مجرب ہے۔ مشائخ عظام، بزرگانِ دین، علمائے کرام اور عاملین و روحانی معالجین کثرت سے اس عمل کو کرتے آئیں ہیں اور کر رہے ہیں۔ روحانی علاج میں اس عمل کو بہت زیادہ دخل ہے۔ اگر یہ کہا جائے کہ غیر مسنون اعمال میں سب سے زیادہ استعمال ہونے والا اور مجرب عمل چہل کاف ہے تو غلط نہ ہوگا۔ چہل کاف کے پیچھے کثیر تعداد میں غیبی مخلوق ہے جو عامل کی معاونت کرتی ہے۔

عامل بننے کے فائدے: اس چہل کاف کے عامل بننے کے بہت سے فائدے ہیں۔ چند ذیل میں ذکر کیے جاتے ہیں:

ہر قسم کے جادو اور بندشوں کا علاج	ہر طرح کے جنات و آسیب سے نجات	رزق اور قرض کی ادائیگی کے معاملات
قیدی کی رہائی	ہر طرح کے دشمن سے نمٹنا	چوری کے معاملات
پرانے درد سر کا علاج	آنکھوں کے درد کا علاج	پیٹ کے درد کا علاج
دانتوں کے درد کا علاج	عرق النساء کے درد کا علاج	بواسیر خونی و بادی کا علاج
مرگی (صرع) کا علاج	شیطانی وسوسوں کا علاج	بانجھ پن کا علاج
سانپ بچھو کے ڈسنے کا علاج	محبت کے معاملات	زانی و بدکار مرد و عورت کا علاج

عمل کے کل درجے: اس عمل کے کل چار (۴) درجے ہیں۔ ایک فیس میں پہلے دو درجے۔ پھر الگ فیس میں اگلے دو درجے۔

اجازت کے لیے اہلیت: اجازت لینے والے چلہ کشی کے بنیادی اصولوں سے واقف ہو۔

اجازت لینے کا طریقہ: اجازت لینے والے نے روحانی درسگاہ میں داخلہ لیا ہو اور ماہنامہ خزینہ روحانیات کا ممبر بھی ہو۔ پھر عمل کی فیس ادا کر کے اجازت لی جاسکتی ہے۔

فیس درجہ اول و دوم: 3100 روپے

فیس درجہ سوم و چہارم: 4100 روپے

خاص اجازت: جو لوگ چلہ کشی نہیں کر سکتے، ان کو خاص اجازت بھی دی جاتی ہے، جس میں ضرورت پڑنے پر مختصر مدت میں ریاضت کروا کر عمل جاری کروا دیا جاتا ہے۔ خاص اجازت کا ہدیہ عام اجازت سے دوگنا ہوتا ہے۔

آگے سکھانے کی خاص اجازت: جو عامل یہ چاہتے ہیں کہ اس عمل کو آگے سکھائیں، وہ پہلے خود اس عمل کے عامل بنیں۔ پھر "آگے سکھانے کی خاص اجازت" حاصل کر کے سکھائیں۔ بصورت دیگر ان کا اپنا عمل بھی ضائع ہوگا اور نقصان کے ذمہ دار بھی خود ہوں گے۔

Monthly
Khazina-e-Ruhaniyaat CPL # 288

❀ سخت سے سخت جادو، جنات کا علاج سیکھئے وہ بھی صرف 3 دن میں ❀ بڑے بڑے اعمال کی ریاضت کیجئے وہ بھی صرف 3 دن میں ❀ باموکل اعمال کی کامیاب ریاضت کیجئے وہ بھی صرف 3 دن میں ❀ روحانی کلاسز و روحانی لیکچرز میں بہت کچھ سیکھئے وہ بھی صرف 3 دن میں ❀ عملیاتی زندگی میں کامیابی کے اصول سیکھئے وہ بھی صرف 3 دن میں ❀ مضبوط ترین روحانی معالج بننے کے خاص راز جانیے وہ بھی صرف 3 دن میں

نوٹ: قیام کرنے والے حضرات اپنا اصلی شناختی کارڈ ساتھ لائیں۔ موسم کے مطابق بستر، کپڑے، مسواک، خوشبو، تسبیح اپنے ہمراہ لائیں۔ عصر کی نماز تک اجتماع گاہ پہنچنا ضروری ہے چونکہ بعد نماز مغرب اعمال شروع ہو جاتے ہیں۔ باموکل اعمال کی ریاضت کیلئے تشریف لانے والے احباب اجتماع میں آنے سے 3 دن پہلے ہی ترک حیوانات کا پرہیز شروع کر دیں۔ شکریہ۔

خوشخبری

اس سال دار العمل چشتیہ کے زیر اہتمام اجتماع حزب البحر لاہور کے علاوہ اسلام آباد اور کراچی میں بھی منعقد ہوگا! ان شاء اللہ

زیر نگرانی حکیم مولانا سلیم اللہ ظفر چشتی قادری شاذلی نقشبندی سہروردی

بیدیاں خاص جامع مسجد اللہ اکبر لاہور

0304-7772772

محترم جناب مولانا محمد قاری ابوبکر اعوان صاحب

(خطیب) جامع مسجد سیدنا اسماعیل سیکٹر I-10/3
گرڈ اسٹیشن، انڈسٹریل ایریا، اسلام آباد

0312-5347031, 0300-5347031

زیر نگرانی 0305-7772772

محترم عبدالقیوم قاسمی صاحب

مسجد غنیم مدرسہ معارف اسلامیہ سعید آباد
بلدیہ ٹاؤن سیکٹر 8/D کراچی

0341-2444682, 0334-3277892

زیر نگرانی مولانا ممتاز صاحب 0306-4758334

نوٹ: اسلام آباد اور کراچی کے تمام شرکاء اجتماع سے گذارش ہے کہ اپنے تمام کرنے والے اعمال روحانی درسگاہ دار العمل چشتیہ، لاہور سے وقت سے پہلے حاصل کرلیں تاکہ عین وقت پر کوئی دشواری نہ ہو شکریہ

رابطہ روحانی درسگاہ 0333-7772775